اس کا روا روا اب بھی کامپ رہا تھا...اسے ایسا خواب پہلے کبھی نہیں آیا...اس نے وقت دیکھا....رات کے تین بج رہے تھے....اس نے اپنا موبائل اٹھایا اور ایبل کو کال کی اس کا نمبر بند تھا....شاید سو رہی ہو گی...اس نے لیپ ٹاپ کو چیک

www.novelsclubb.com

کیا.... کچھ بٹن دباے اور پھر کچھ ٹایپ کرنے لگا سینڈ کا بٹن دبایا اور واپس بیڈ پر لیٹ گیا اسے اب نیند نہی آرہی تھی.....

لیکن نیند ضروری ہے اس لیے وہ سو گیا.....

******///*******////*****///*****///*****
*///****////*

اس کی آنکھ کھلی تو سامنے کا منظر کافی عجیب تھا وہ یو ہی لیٹی رہی جیسے خود کو حوش میں لانے کی کوشش کر رہی ہو.....

اس کے سر میں درد ہو رہا تھا... اس کی آنکھیں بھاری ہو رہی تھی....

www.novelsclubb.com

لیکن وہ کہا تھی یہ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا....اس نے کچھ یاد کرنے کی کوشش کی اور یکے بعد دیگرے اس کے ذہن کے پردے پر سب کچھ کسی فلم کے ٹریلر کی طرح چلنے لگا....

وہ بھاگ رہی تھی... جانور پیچھے تھا..اس کا ہاتھ جانور نے کھالیا تھا...

اس نے فوراً اپنا ہاتھ دیکھا...وہ سہی سلامت تھا...اسے لگا تھا وہ مر چکی ہے...

لیکن وہ زندہ تھی... لیکن یہ کس کا گھر ہے؟اور وہ یہاں کیا کر رہی تھی....وہ جیسے ایک دم اپنے پورے ہوش و حواس میں آ گی تھی.....

www.novelsclubb.com

وہ جھٹکے سے اٹھی اور بیڈ چھوڑ دیا...

وہ اس کمرے سے باہر آ گی تھی.....

ہیلو؟ کون ہۓ ہے؟ ہیلووو؟ کوئ جواب نہیں.... وہ گھبرائ ہوئ تھی....

وہ اچانک اٹھا اسے پیاس لگی تھی... وہ کچن کی ُطرف آرہا تھا.. جب اس نے اسے سامنے کھڑے دیکھا....

.اوہ چڑیل اٹھ چکی ہے.. وہ بڑبڑایا...

وہ پلٹی اور اس شخص کو دیکھ کر جیسے سن ہو گی ہو....

ہیلو میم! آر یو اوکے ناؤ! ؟ دامیر نے نکلی مسکراہٹ چہرے پر سجائ....

www.novelsclubb.com

وہ کچھ بول نہی پا رہی تھی وہ بہت افسردہ حالت میں تھی.......

میں.... مم.....

جی بولیے ؟دامیر کو لگا وہ ابھی رو دے گی....

آپ پریشان نہ ہو آپ کاؤچ پر بیٹھ جائیں آرام سے میں آپ کے لیے پانی لاتا ہوں....وہ اٹھ کر کچن کی طرف چلا گیا اور دو گلاس پانی لے آیا...اس نے دونوں گلاس فوراََپی لیے..

وہ حیران ہوا...دوسرا میں اپنے لیے لایا تھا..

سوری!

www.novelsclubb.com

اٹس اوکے....وہ واپس گلاس رکھنے گیا اور پانی پی کر واپس آ گیا...

اب بولیے آپ دریا کی طرف بھاگ کیوں رہی تھی..؟

آپ خود کو شی کیوں کرنا چاہتی تھی؟

نہیں میرے پیچھے ایک جنگلی جانور لگ گیا تھا..اس سے بچ کر بھاگ رہی تھی....

واٹ جانور؟

مم....مجھے بھوک لگی ہے پلیز کچھ کھانے کو مل سکتا ہے....وہ چپ ہو گیا اور پھر سے کچن کی طرف چلا گیا...

کچھ دیر بعد وہ ایک گلاس جوس اور کچھ سینڈوچ لے کر آیا اور اس کے سامنے رکھ دیے وہ کھانے لگی....اس نے ناشتے کے بعد سے کچھ نہی کھایا تھا...جب اس نے تیسرا سینڈوچ اٹھایا تو دامیر بول اٹھا...

www.novelsclubb.com

کتنے دن سے بھوکی ہو؟وہ رک گئ...

بندہ اگلے کو جھوٹے منہ ہی پوچھ لیتا ہے...وہ دل میں بڑبڑایا....

میں صبح سے کچھ نہیں کھایا...وہ اب چوتھا سینڈوچ اٹھا رہی تھی....دامیر کو جیسے اس کے اس معصوم انداز پر ترس آگیا...

وہ ٹرے خالی کر چکی تھی...اور لاؤں؟

نہیں بس ایک کپ کافی....دامیر کو جیسے غصہ آیا...

www.novelsclubb.com

جی میم بہتر ابھی لایا... کہتا اٹھ کر کچن میں آگیا...

اس ٹائم کون کافی پیتا ہے رات کے چار بجے...میں یہاں بزنس کم اور خدمت خلق کرنے آیا ہو...

ایک کپ لے جا کر اس نے اسے دیا...اس نے کافی پی...اور اس کی طرف دیکھا..
تعریف بعد میں کر لیجیے گا آپ پہلے پی لیں...دامیر نے اس سے کہا...
آپ پہلے کافی بنانا سیکھ کے پلیز..دامیر کا منہ کھلا رہ گیا...اس نے کافی ختم کی اور کپ رکھ دیا...

آپ نے پہلے مجھے جانور کہا اور اب آپ بول رہی ہیں مجھے کافی بنانا نہیں آتی؟

میں نے آپ کو جانور کب کہا ہے؟

آپ کے پیچھے میں بھاگ رہا تھا...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

واٹ لیکن کیوں؟

کیوں کے آپ مرنے جا رہی تھی...

اوہ تو وہ آپ تھے؟

جی میں تھا آپ مجھے یہاں کیوں لائے ہیں... آپ بے حوش ہو چکی تھی اس لیے...

مجھے میرے گھر جانا ہے ابھی اسی وقت.... تو جاوو وہ رہا گیٹ..اس کی انگلی کا اشارہ گیٹ کی طرف تھا...

www.novelsclubb.com

اکیلی کیسے جاؤ؟

مجھے نہیں پتا اس نے اس کی نقل اتارتے ہوے کہا...

آپ چھوڑ آئے...

میں آپ کا نوکر ہو؟

لیکن..

ویٹ کرلو صبح ڈرایور آے گا چھوڑ آئے گا...

آپ کے پاس کار نہیں ہے کیا؟

ہے تو آپ چھوڑ آئے پلیز....

www.novelsclubb.com

سوری!! مجھے راستے نہیں معلوم اور میں بہت تھک گیا ہوں... سو سوری اینڈ گڈ نائٹ... وہ ہاتھ ہلا کر کمرے میں چلا گیا...

آپ جھوٹ بول رہے ہیں...وہ غصہ سے بولی....

ہاں... گڈ نائٹ...اور وہ دروازہ بند کر چکا تھا...

وہ غصے سے اس دروازے کو دیکھ رہی تھی...

اس نے ایک ذوردار کیک ماری اور اس کے اپنے ہی پاؤں پر دروازہ لگ گیا....

ایڈیٹ...!! غصے میں کہتی وہ اسی کمرے میں جا کر بیٹھ گئ.. جہاں سے باہر ای تھی.....

www.novelsclubb.com

Episode no. 07

♥Khuwab_or_Mohobat#

By #Kainat_Amjad

First_novel_by_her#

وہ کمرے میں اکر صوفے پر بیٹھ گی...

اسے غصہ آرہا تھا وہ ڈر رہی تھی...وہ پوری رات اپنے فلیٹ میں نہیں گی اس بات کا کسی کو پتا چل گیا تو کیا ہو گا....

بانو بیگم تو مجھے یہاں رہنے بھی نہیں دے گی اور شازل سے فوراً شادی کر دیں گی...

وہ پریشان سی اب کمرے میں ٹہل رہی تھی....

www.novelsclubb.com

اس نے بار بار گھڑی دیکھی...اس سے پہلے اس نے کبھی نہیں چاہا ہو گا کے صبح جلدی ہو...وہ اس بد تمیز لڑکے سے پھر سامنا بھی نہیں کرنا چاہتی تھی....

جیسے ہی 6 بجے وہ اپنا بیگ اور موبائل لے کر وہاں سے چلی گی..اس کی پینٹنگ وہی رہ گی تھی....

وہ باہر آی اور جگہ کو پہچانے لگی جب ہی اس نے( Cavendish appartmants)کا بوڈ دیکھا....وہ اپنے فلیٹ سے زیادہ دور نہیں تھی...

اگر وہ ٹرین لیتی تو صرف 37 منٹس میں وہ وہاں ہوتی...

اس نے انتظار کیا اسے 5 منٹ بعد ٹرین مل گی وہ شکر کرتی بیٹھ گی.....

وہ سٹاپ سے پیدل ہی فلیٹس تک آرہی تھی..آس پاس نظر گھماتی کے کہی کوئ اسے دیکھ نہ لے....وہ لفٹ کے پاس پہنچنے ہی والی تھی کے سامنے کھڑے شخص کو دیکھ کر وہ ساکت رہ گئ...

***//************//*****///*****//*****
******

وہ دیر سے جاگا تھا وہ واش روم سے باہر آیا تو اسے خیال آیا..

وہ لڑکی اب بھی یہی ہے.....وہ اس کے کمرے کی طرف جا رہا تھا....اس نے دروازے پر دستک دی لیکن کوئی جواب نہیں ملا...اسے لگا وہ سو رہی ہے...اس نے پھر سے دروازہ کھٹکھٹایا...

اس نے دروازہ کھول دیا..اندر کوئی نہیں تھا....

ہیلو؟ مس آریو دیر؟ کوئی جواب نہیں...

وہ کچن کی طرف آیا وہ وہاں بھی نہیں تھی...

وہ دوبارہ کمرے میں آگیا اور واش روم چیک کیا... وہ جا چکی تھی....

عجیب چڑیل ہے بغیر بتاے چلی گی.... نا تھینکس بولا نا کچھ.. نا اپنا نام بتایا.... وہ واپس جانے کو تھا کے اس کی نظر نیچے گری اس تصویر پر گی اس نے وہ اٹھالی...

وہ بہت خوبصورت پینٹنگ تھی... کچھ دیر کے لیے وہ جیسے اس منظر میں کھو گیا ... لیکن پھر اس پینٹنگ کو لے کر باہر آگیا....

www.novelsclubb.com

اس نے اپنے روم میں وہ پینٹنگ رکھ دی کیوں کے وہ اسے ابھی لگا نہیں سکتا تھا....

میں چڑیل کو غلط سمجھا وہ تو میرے لیے اتنی اچھی پینٹنگ چھوڑ گئی ہے شکریہ کے طور پر.....

لیکن اس کا نام تو میں جانتا ہی نہیں ہوں....

خیر چھوڑو وہ کچن میں آیا اور اس نے سنک میں پڑے برتن دیکھے...
آہ گاڈ! اب مجھے یہ بھی دھونے پڑے گے.... چڑیل کم از کم برتن ہی دھو جاتی یار...

www.novelsclubb.com

وہ اب برتن دھو رہا تھا.... دامیر داؤد شاہ... جس کو دیکھ کر لڑکیاں سانس لینا بھول جاتی ہیں... اس کو برتن دھوتے دیکھ لے تو دامیر کا سانس لینا مشکل ہو جائے..

اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کے برتن دھونے کیسے ہیں.....

اس نے سب سے پہلے نل کھول دیا اب پانی تیزی سے برتنوں پر گر رہا تھا.... پھر اس نے سپونج اٹھایا اور اسے ایک پلیٹ پر رگڑا...

یہ جھاگ کیوں نہیں بن رہی ؟اس نے تنگ آکر کہا.... نل سے پانی اب بھی بہہ رہا تھا...

اس کی نظریں سامنے پڑے ڈش واشنگ صوپ پر گی...اس نے

www.novelsclubb.com

وہ اٹھائ اور اس کا ڈھکن ہٹا کر ہرے رنگ کا لیکویڈ پلیٹ پر ڈالنے لگا پوری پلیٹ جب ہرے لیکویڈ سے تر ہو گی تو اس نے اس پر سپونج چلایا اب وہ لیکویڈ پلیٹ پر سے صاف نہیں ہو رہا تھا...اس نے پلیٹ پانی کے نیچے کی اب وہ لیکویڈ ہٹنے لگا تھا...

اوہ تو یہ ایسے کرنا ہے... اس نے ایک باؤل نکالا اور اس میں اس گرین لیکویڈ کی آدھی بوتل ڈال دی... پھر اس میں پانی ڈال کر ہلایا اس نے سپونج اٹھایا اور اسے اس پانی میں ڈالا.... اب جھاگ بن رہی تھی وہ پھر سے پلیٹس دھونے لگا... لیکن اب جھاگ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی اسے اب غصہ آ رہا تھا.... انتھک محنت اور جدوجہد کے بعد برتن دھونے میں وہ کامیاب رہا تھا....

اب اس کا ناشتہ بنانے کا کوئی موڈ نہیں تھا... وہ دوبارہ اتنی محنت کرنے کے موڈ میں نہیں تھا.... اس نے موبائل اٹھایا اور آرڈر کیا....

اس نے دھلے ہوئے برتنوں کی طرف دیکھا جو صرف تین پلیٹس اور ایک مگ اور ٹرے تھے... جن کو دھونے میں اس نے ڈھائی گھنٹہ برباد کیا تھا....

www.novelsclubb.com

مجھے برتن بعد میں اور پہلے یہ ڈش واشنگ سوپ کیسے استعمال کرتے ہیں سیکھنا ہو گا... پھر اس نے افسوس سے بوتل کی طرف دیکھا جس کی بیک پر ساری

انسٹرکشنز موجود تھی....وہ افسوس کے سوا کچھ نہیں کر سکتا تھا... سو کچن سے باہر آگیا...

اس کے کان میں کسی کی آواز گونجی...

آپ پہلے کافی بنانا سیکھ لے!!!....دامیر تمہیں بہت کچھ سیکھنا ہے کافی بھی....

اس نے ٹی وی آن کر لیا....

*********//*****///*****//************

www.novelsclubb.com

*********//***

وہ اس کے قریب آیا....

آپ...؟وہ جیسے شاک میں چلی گی تھی....

اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور لفٹ کی طرف بڑھا...

میرا ہاتھ چھوڑے....وہ لفٹ میں آچکے تھے....

اس نے سختی سے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھی اور ایبل کو چپ رہنے کا اشارہ کیا....

لفٹ سے باہر آکر اس نے اس سے چابی لی اور فلیٹ کھول کر اس کا ہاتھ پکڑے ہی اندر آگیا....

www.novelsclubb.com

یہ آپ کیا کر رہے ہیں...؟اور آپ یہاں کیوں آئیں ہیں؟وہ گھبرا بھی رہی تھی اور اس کی موجودگی اسے ناگوار گزر رہی تھی....

WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ کل رات سے کہا تھی ایبل ؟ وہ اب اپنے اسی مدھم انداز میں بول رہا تھا...

میں....ایبل کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا وہ کیا جواب دے...

جی آپ کہا تھی کل ساری رات ؟

وہ میں....

ہاں وہ آپ کیا؟

وہ میں.....میں...میں ایلہ کے گھر تھی...اس نے جھوٹ بولا...

سچ بول رہی ہے آپ ؟

www.novelsclubb.com

جی !

میں نے تو ان سے پوچھا تھا آپ وہاں نہیں تھی....اب آپ بتائیں گی آپ کہا تھی ؟؟

میں جہاں مرضی رہوں آپ کو کیا مسئلہ ہے...وہ نخوت سے بولی....

ٹھیک بانو بیگم کو تو آپ بتائیں گی نا؟

نہیں آپ ان کو کال نہیں کریں پلیز! وہ روہانسی ہو گی....

وہ خاموش ہو گیا..اس نے اس کو صوفے پر بیٹھنے کو کہا اور اس کے لیے پانی لایا...

www.novelsclubb.com

اس نے پانی پیا...اب بتانا چاہیں گی آپ کہاں تھی....؟

میں پینٹنگ کرنے اور گھومنے گئ تھی...ریچمونڈ..

تو آپ گھر میں پینٹنگ نہیں کر سکتی ؟اسے پینٹنگ کی بات سن کر سخت بیزاری ہوئ...

میں اس جگہ کی پینٹنگ بنانا چاہتی تھی.. وہاں بیٹھ کر....

تو ساری رات وہی رہی آپ باہر سردی کتنی ہے ؟آپ کو اندازہ بھی ہے ؟

آپ کو کچھ ہو جاتا تو؟

وہ میرا ایک ایکسیڈینٹ ہو گیا تھا وہاں اس لے میں گھر لیٹ آی....

واٹ ایکسیڈینٹ ؟ کیسے اور کہا؟

مجھے کوئ چوٹ نہیں لگی بس میں پتھر سے ٹھوکر کھا کر گر گئ تھی.. ڈاکٹر نے انجیکشن لگایا تھا اس لیے میں سو گی تھی...

www.novelsclubb.com

اب آپ ٹھیک ہو ؟

جی آپ یہاں کیوں آئیں ہیں؟

ایک بزنس میٹنگ ہے یہاں اس لیے.. سوچا مل لو آپ سے....

اب آپ یہاں سے جائیں شازل بھائی!

میں چلا جانگا... لیکن آپ پہلے ٹھیک ہو جاؤ...

میں ٹھیک ہی ہوں آپ جاؤ.....

www.novelsclubb.com

میں نے سوچا تھا آج ہم کچھ وقت ساتھ گزاریں گے لنچ کریں گے...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

شازل بھائی مجھے ابھی جانا ہے میری ایمپوٹنڈ کلاس ہے آج میں مس نہیں کر سکتی....

ٹھیک ہے.. ہم پھر کبھی پلان بنالے گے....

وہ جانے لگا...

شازل بھائی !اس نے اسے پکارا...

www.novelsclubb.com

آپ پلیز بانو بیگم کو کچھ مت بتایے گا....

وہ اس کو گھور رہا تھا...

میں آپ کا بھائی نہیں ہوں...اور آیندہ میں آپ کے منہ سے یہ لفظ نہ سنو! اس دنیا کا ہر لڑکے کو آپ بھائی بول سکتی ہیں...

مجھے کوئی پرابلم نہیں ہے...

لیکن مجھے آپ آیندہ بھائی نہیں بولیں گی.... کہتا وہ باہر چلا گیا..

اس کا موڈ آف ہو چکا تھا....وہ اب سونے جا رہی تھی....اس کا کلاس لینے کا کوئی پلان نہ تھا.....

******************//*****///*****//*****

www.novelsclubb.com

Episode no. 08

♥Khuwab_or_Mohobat#

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

وہ روم میں بیٹھا اپنی میلز چیک کر رہا تھا... آج اس کے شیڈیول کے مطابق اسے دو انسٹیٹیوٹس پر وزٹ کرنا تھا...

وہ کچھ کیی پوائینٹس نوٹ کر رہا تھا..

جب گھر کی گھنٹی بجی... وہ دروازے کی طرف بڑھا...

مائک دروازے پر کھڑا تھا...

یس مائک؟ دامیر نے اسے دیکھ کر کہا..

www.novelsclubb.com

سر اپنی پلانز فار ٹوڈے؟ مائک نے سوال کیا..

یس آئی ہیو. ول انفارم یو...

اوکے سر.....!!وہ چلا گیا...

دامیر واپس آیا وہ اپنا سامان آن پیک کر چکا تھا....

اس نے آج کے لیے ایک بلیک سوٹ نکال رکھا تھا...وہ چینج کرنے کے بعد روم میں آیا...

وہ بلیک پینٹ شرٹ پہنے ہوئے تھا...

بلیک کلر اس پر بہت سوٹ کرتا تھا.

بلیک شرٹ فٹ تھی وہ کفلینگز لگا رہا تھا..

www.novelsclubb.com

اس نے ہاتھ پر

BREITLING AEROMARINE )
SUPEROCEAN HERITAGE BLACK
.(WATCH

پہن رکھی تھی..

اس نے بلیک ٹائی باندھی... جیل کو ہاتھوں پر لگا کر بہت آہستہ سے بالوں میں انگلیاں چلائی...اس کے بال ماتھے پر گرتے تھے..اور بہت اچھے لگتے تھے.... اس نے ایک سپرے اٹھا کر چہرے پر چھڑکا اور پھر پرفیوم دور سے گردن کے دائے بائے لگائی...اس نے اب کوٹ اٹھا کر پہنا اور درمیان کا بٹن بند کیا... وہ تیار تھا...

www.novelsclubb.com

بلیک شوز, بلیک کفلینگز, بلیک سوٹ پھر اس کے ماتھے پر گرتے کالے سلکی بال اس کا بیگ بھی ریڈی تھا...اس نے مائک کو کال کی اور واش روم گیا...ماوتھ واش کیا اور باہر آگیا...

اس نے بلیک گلاسیز آنکھوں پر لگائے...اور بیگ پکڑے باہر آگیا...

وہ اپنی تیاری پر کوئی کومپرومائز نہیں کرتا تھا...

اس کی آنکھوں کا رنگ ہیزل تھا...وہ ہنستا تو اس کے گال پر ڈمپل پڑتا....اس کی شخصیت اور اس کا ایک ایک انداز لوگوں کو اس سے متاثر ہونے پر مجبور کر دیتا....

وہ باہر آیا تو مائک پہلے سے ہی اس کا انتظار کر رہا تھا....

ایک لمحہ کو مائک بھی اپنے اس نو عمر باس کی پرسنیلیٹی میں کھو گیا...

www.novelsclubb.com

وہ گاڑی میں بیٹھ چکا تھا....مائک نے گاڑی کا دروازہ بند کیا...اور ڈرائیونگ سیٹ پر آگیا...

لیٹس گو.. مائک نے گاڑی سٹارٹ کر دی... وہ اس سے مختلف چیزوں کے متعلق پوچھ رہا تھا... راستوں کے بارے میں... رولز کے بارے میں.. وہ جواب دے رہا تھا....

وہ پہلے انسٹیٹیوٹ پہنچا اس کی میٹنگ فکس تھی...

اسے ریسیو کیا گیا... اب وہ ایک میٹنگ روم میں موجود تھا....

اس کے ساتھ کچھ ٹیچرز اور آرٹسٹ موجود تھے... اس نے انہیں اپنے پروجیکٹ کے بارے میں بتایا اور وہ اس کو کس طرح ڈزائن کروانا چاہتا ہے... اور اس میں کون کون سے فیلڈز اور آیڈیاز پر وہ کام کرنا چاہتا ہے... اس نے مختصراً اپنے پروجیکٹ کے بارے میں انہیں ساری تفصیل دی... وہ لیپ ٹاپ پر بھی ان کو کچھ

www.novelsclubb.com

دیکھا رہا تھا... جب وہ اپنی بات ختم کر چکا تو آرٹسٹ اسے کچھ چیزوں کے متعلق بتانے لگے.. انہوں نے اسے اپنے انسٹیٹیوٹ وزٹ بھی کروایا اور کچھ سٹوڈنٹس کے پورٹ فولیوز بھی دکھاے....

تین گھنٹے کی یہ میٹنگ رہی... لیکن وہ مطمئن نہ ہوا.... وہ ان سے کانٹیکٹ کرے گا کہہ کر وہ وہاں سے آ گیا....

اب پہلے اس نے ریسترانڈ کا رخ کیا... کیونکہ اگلی میٹینگ میں دو گھنٹے باقی تھے...

www.novelsclubb.com

وہ لنچ کرنے کے بعد دوسری میٹنگ کے لیے جا رہا تھا...

یہ میٹینگ 4 گھنٹے تک چلتی رہی.. اسے کچھ سٹوڈنٹس کا کام بھی بہت پسند آیا....

لیکن وہ ابھی کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہتا تھا....

وہ ایک بار سارے انسٹیٹیوٹس پر وزٹ کرنا چاہتا تھا...تا کہ مزید اور بہتر آیڈیاز پر کام کیا جائے...

اب اس کی طوقعات میں بھی اضافہ ہو رہا تھا...وہ مایوس نہیں تھا بلکہ آج کا دن بہتر رہا تھا...

*********//////##########**//**********
*******

www.novelsclubb.com

وہ سارا دن میٹنگز میں بزی رہا اسے تین دن ہو چکے تھے لندن میں دو دن بعد اس کی واپسی تھی....

وہ آج کافی زیادہ تھک گیا تھا....

WWW.NOVELSCLUBB.COM

لندن میں سردی بھی بہت تھی.. کل اسے فائنل میٹنگ کرنی تھی اور پھر واپس جانا تھا...

وہ کام میں اتنا بزی تھا کے اور کسی چیز کا ہوش نہ تھا...

وہ رات کو ڈنر کر رہا تھا... جب اسکا سیل فون بجنے لگا...

اس نے سیل اٹھا کر دیکھا...

www.novelsclubb.com

.اوہ نو... پھر سے... اس نے فون سائلنٹ کر دیا اور کھانا کھاتا رہا...

اس نے سرونٹ کو کافی لانے کو کہا اور لاونج میں بیٹھ گیا... وہ لیپ ٹاپ پر کچھ دیکھ رہا تھا....

جب سرونٹ نے اسے بتایا کے کوئی آپ سے ملنے آیا ہے...اس نے اسے بھیجنے کا کہااور لیپ ٹاپ بند کر دیا....

وہ اس کے پاس آکر سامنے والے صوفے پر بیٹھ گی....

وہ آف وائٹ (pencil dress) میں تھی...اس نے اپر (Pea coat) پہن رکھا تھا....اور پاؤں میں (High heels pump) پہن رکھی تھی... اس کے بال ڈارک براون تھے اور کھلے تھے...وہ مسکراتی ہوئی شازل سے باتیں کر رہی تھی...

www.novelsclubb.com

سرونٹ دو کپ کافی رکھ کر جا چکا تھا... شازل اس سے باتیں کرتے ہوئے کافی پی رہا تھا...

سو مسٹر شازل میر راؤ واٹس یور پلانز؟ وہ مسکراتی ہوئ بولی...

پلانز؟ میں یہاں صرف دو دن اور ہوں... وہ عام سے لہجے میں کہتے ہوئے کافی پی رہا تھا....

اس کا جیسے اس بات سے موڈ آف ہو گیا تھا... شازل اس کے موڈ خراب ہونے کی وجہ سمجھتا تھا.. اس لیے فوراً بولا..

www.novelsclubb.com

میری کل میٹنگ جلدی ختم ہو جائے گی... ہم کل ساتھ لنچ کریں گے اوکے؟

وہ فوراً خوش ہو گی...

اوکے اس کے چہرے کی مسکراہٹ واپس آچکی تھی...

شازل نے ٹیبل پر پڑا اس کا کافی کا کپ اسے تھمادیا وہ دونوں باتیں کر رہے تھے... اور کافی پی رہے تھے...

شازل!

ھمم! وہ کافی پیتے ہوے موبائل میں کچھ کر رہا تھا مصروف سے انداز میں بولا...

www.novelsclubb.com

ہم شادی کب کریں گے؟ وہ اب بھی مسکراتی ہوئ بول رہی تھی..

WWW.NOVELSCLUBB.COM

شازل نے سر اٹھا کر اسے دیکھا... جیسے وہ یہ سوال ایکسپیکٹ نہیں کر رہا تھا...

ہماری شادی؟اس نے تصدیق چاہی...

ہاں! یو نو دیٹ آئی ریلی لو یو! وہ مسکراتے ہوئے ہر بات کرتی تھی...

یس آئی نو! بٹ تم جانتی ہو میں اپنی کزن سے شادی کرنا چاہتا ہوں...

یس آئی نو! اس سے بھی کر لو اور مجھ سے بھی....

تم چاہتی ہو میں اسے چیٹ کروں؟

www.novelsclubb.com

نہیں! اسے بتا دینا...

تاکہ وہ مجھ سے شادی سے پہلے ہی انکار کر دے؟

نہیں! اسلام میں تو ویسے بھی بندہ ایک سے زیادہ بیوی رکھ سکتا ہے نہ.... تم بھی رکھ لینا.... شازل اس کی بات پر مسکرایہ...

پریٹی لیڈی اٹس ناٹ واٹ اٹس لکس لائک!! اٹس ناٹ پاسیبل ایم سوری...

بٹ وائے؟

کیوں کے مجھے ایک ہی بیوی کافی ہے!

وہ بیوی جو تمہیں دیکھنا پسند نہیں کرتی؟ وہ جس سے محبت کے تو تم داعوے دار ہو... لیکن اس کے خوابوں کے دشمن بھی؟ وہ تم سے محبت نہیں کرتی شازل....!!

www.novelsclubb.com

اور میں آپ سے محبت نہیں کرتا ناؤ پلیز لیو مائی ہاوس ! وہ جیسے غصے میں آگیا تھا...

کسی نے اسے آئینہ دکھا دیا تھا....

وہ دل توڑنے میں دیر نہیں کرتا تھا... نا جانے کتنے موقع ایسے آئے تھے جب

شازل نے اس کا دل یو ہی توڑا تھا.......

ہم کل کب ملے گے ؟ وہ پھر بھی پوچھے بغیر نا رہ سکی...

نیور ! میں تم سے اب نہیں ملنا چاہتا !

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے شازل لیکن تم میری بات بھی یاد رکھنا... سیلفیش لوگ کبھی محبت نہیں کر سکتے چاہے کتنے بھی داعوے کر لیں... تمہاری کزن ایک بہت بہتر انسان ڈزرو کرتی ہے.... تم جیسا سیلفش نہیں!

آئی سیڈ گیٹ لاسٹ.... وہ غصے میں چیخا.... وہ جا چکی تھی...

شازل نے اپنا موبائل اٹھایا اور ایبل کو کال کی....

اس نے فون نہیں اٹھایا... دو تین بار کال کرنے پر بھی جب اسکی کال کاٹ دی گئی... تو وہ غصے سے بھر گیا... اس نے میسیج ٹائپ کیا....

میں آپ کو پرسوں پک کرنے آونگا 1 بجے آپ ریڈی رہیں گی اور مجھے کوئی بھی ایکسکیوز نہیں سننا اٹس مائی آڈر...!!!

www.novelsclubb.com

اس نے میسیج دیکھا لیکن جواب نہ دیا... یہ اس کی ضبط کی حد تھی شازل نے اپنا سیل فون کھینچ کر دیوار میں دے مارا...

گو ٹو ہیل فرام مائی سائڈ... گو ٹو ہیل!!! اس نے سامنے پڑے کپس بھی اٹھا کر زمین پر دے مارے....

آئی ہیٹ یو!!! آئی ہیٹ یو!!!

یو ول پے فور دس!!!

www.novelsclubb.com

وہ کمرے میں جا چکا تھا.......

*********//////##########**//**********

*******

وہ بہت محنت کر رہی تھی...اس اسائنمینٹ پر یہ اس کا فیوچر ڈسائڈ کرنے والا تھا....

اس کے ہر گزرتے دن رات اسے اس کے دیکھے گئے خواب یاد کرواتے....

وہ کبھی پارک میں جا کر کچھ سوچتی اور سکیچ کر لیتی...

کبھی ایلا کے ساتھ کالج میں گھنٹوں پڑھتی اور مختلف آیڈیاز پر کام کرتی...

www.novelsclubb.com

وہ اپنی ٹیچرز سے ڈسکس کرتی اور ان سے گائڈ لائن لیتی...

اکثر اس کے ٹیچرز اس کی سوچ اور آیڈیاز سے بہت متاثر ہوتے...اس کے اکثر ٹیچرز کے اس کے بارے میں یہی ریمارکس تھے..کے ایبل کے ہاتھ میں ہنر ہے

اور وہ اسے استعمال کرنا جانتی ہے...وہ جس بھی کام کو کرتی ہے اس میں جان ڈال دیتی ہے...اس کی ہر پینٹنگ بولتی ہے...دیکھنے والوں سے کلام کرتی ہے.... انسان کھو جاتا ہے اس کے کام میں....

کوئی شک نہیں تم آرٹسٹ ورلڈ میں ایک فیمس آرٹسٹ بن کر ابھرو گی...وہ ان باتوں سے بہت پر جوش ہوتی اور اس کا یہ جوش اس کے کام میں بولتا گنگناتا ہنستا ہوا نظر آتا....

یہ رات کا وقت تھا..کانوں میں ہینڈ فریز لگائے وہ شیٹس پر کام کر رہی تھی....اس نے ڈرائنگ بورڈ پر شیٹ لگا رکھی تھی اور باقی شیٹس ہر طرف بکھری تھی وہ ٹھنڈے فرش پر بیٹھ کر شیٹس پر مختلف رنگوں سے کام کر رہی تھی...اسے کہی نیند نہ آجائے وہ اس لیے سردی میں بھی فرش پر بیٹھی تھی....

وہ ہر شیٹس پر دائرہ بنا رہی تھی...

لال رنگ سے اس نے ایک شیٹ پر دائرہ بنایا پھر اس نے مختلف رنگوں کو لے کر اس نے دائرے میں ایک عجیب سی دنیا کا نقشہ کھینچا....یہی کام وہ ہر دائرے میں کر رہی تھی....ہر دائرے کا رنگ اور اس میں بننے والے نقش الگ ہوتے...

آگر ان بارہ دائروں کو ترتیب سے دیوار پر سجا دیا جاے تو دیکھنے والے کو وہ دور سے بارہ رنگ ہی نظر آئے گے... لیکن جب کسی دیوار پر بارہ رنگ ایک ساتھ لگے ہو جو دائرے کی شکل میں ہوں.. تو انسان اس کی طرف متوجہ ضرور ہو گا...اسے لگے گا یہ بارہ رنگوں کی سکیم ہے وہ اپنا پسندیدہ رنگ بھی دیکھے گا.لیکن جیسے جیسے وہ ان دائروں کے قریب آئے گا تو ان میں بنی وہ نقوش اور دنیایں جو ہر رنگ کو بیان کر رہی ہیں ہر رنگ کی کہانی بیان کر رہی ہیں...انسان کو چند سیکنڈز کے لیے ان میں کھونے پر مجبور کر دینگی....وہ جن رنگوں کو دور سے بارہ رنگوں کی کوئی سکیم سمجھ

رہے ہونگے ان کو قریب سے دیکھ کر ہر رنگ کے اندر موجود اس پینٹنگ میں کھو جائیں گے جو ہر رنگ کی چغلی کر رہی ہو گی......

وہ مصروف تھی جب فون بجنے لگا...اس نے کال کرنے والے کا نام دیکھا اور کال کاٹ دی...اسے ایک میسیج ملا جس میں شازل اس سے لنچ کا آرڈر دے رہا تھا...وہ ناچاہتے ہوے بھی راضی ہو گی...ورنہ شاید وہ بانو بیگم کو بتا دیتا.....

اس کا اب کام کرنے کا ارادہ نہیں تھا..اُس کا موڈ آف ہو چکا تھا..اور ایسے میں وہ کام نہیں کرتی تھی سو وہ اٹھ گئ.....

وہ بیڈ پر لیٹی تھی کے اسے پھر سے کسی کا میسیج آیا....

اس نے سیل فون اٹھایا وہ جارج تھا....

جاگ رہی ہو آپ؟

ہاں بس سونے لگی ہوں.....اس نے ریپلای کیا...

آگر برا نہ لگے اور ڈسٹرب نہ ہو آپ تو مجھ سے بات کر لے...

وہ میسیج ریڈ کر چکی تھی... لیکن جواب کیا دے اسے سمجھ نہیں آرہا تھا....

آئی ایم مسینگ یو ایبل! جارج نے ایک اور میسیج کیا....

اسے اس شخص کی سمجھ نہیں آتی تھی...ایک کافی شاپ میں اس کو ایبل کافی پیتے ہوے اچھی لگی تھی....

www.novelsclubb.com

اور اس کے بعد قسمت نے ان دونوں کا بہت بار ایک دوسرے کا سامنہ کروایایاں

شاید جارج خود ہی آتا تھا. وہ کبھی بھی جارج پر غصہ نہ کر سکی وہ موقعہ ہی نہیں دیتا تھا...

ایبل ؟ جارج نے پھر سے میسیج کیا..

یس ؟

میں آپ کو ڈسٹرب تو نہیں کر رہا؟

نو اٹس آلرائٹ !

ایبل میں آپ سے کچھ بات کرنا چاہتا ہوں.....

www.novelsclubb.com

بولیں ؟

آپ میرے لیے کوئی پینٹنگ بناں میں گی ایک ؟

آپ نے بات بدل دی کیا بات ہے جارج؟

نہیں بات نہیں بدلی لیکن میں چاہتا ہوں آپ میرے لیے ایک پینٹنگ بنائیں... جس کو بناتے ہوے آپ کو خیال ہو کے یہ آپ کس کے لیے بنا رہی ہیں. آپ بنائیں گی؟

میں کوشش کرونگی!

www.novelsclubb.com

ایبل میں ٹھیک نہیں ہوں! لیکن تم یہ پینٹنگ بنانا لازمی چاہو تو اس کو میری آخری خواہش سمجھ لو....

جارج کیا بات ہے ؟آپ ٹھیک ہو ؟وہ پریشان ہوئ.

ہاں اب تک ٹھیک ہو... جب آپ مجھے وہ پینٹنگ دیں گی.. تو مجھے آپ کا جواب بھی چاہیے ایبل !گڈ نائٹ !

گڈ نائٹ !

وہ جیسے مزید ڈسٹرب ہو گئ تھی جارج کی باتوں سے اسے نا جانے کیوں رونا آگیا... اور وہ بہت دیر تک روتی رہی اور سو گی.....

*********//////##########**//**********

www.novelsclubb.com

*******

وہ اپنی میلز چیک کر رہا تھا. اب تک وہ 7 میٹنگز کر چکا تھا... جن میں کچھ انسٹیٹیوٹس پر اور وہاں کے کام کے بارے میں وہ سوچ رہا تھا... اس نے ابھی تک کسی کو بھی کنفرمیشن میل نہیں بھیجی تھی....

وہ لیپ ٹاپ پر اب بھی جھکا کچھ کام کر رہا تھا... اس کے بال ماتھے پر جھول رہے تھے....

جب اسکے نوٹیفیکیشن باکس میں میل کا نوٹیفیکیشن آیا....

www.novelsclubb.com

اس نے وہ میل کھولی....

وہ میل Wimbledon college of arts London کی طرف سے تھی...

جس میں اسے خوش آمدید کا پیغام دیا گیا تھا...اور اچھے ایکسپیرینس کی امید دلای گئ تھی...

اس نے میل پڑھ کے بند کر دی...

پرسوں اسے college of arts London Wimbildon کا رخ کرنا تھا....اسے ٹائم دے دیا گیا تھا....

*********//////##########**//**********

www.novelsclubb.com *******

Episode no. 09

#Khuwab_or_Mohobat♥

By #Kainat_Amjad

First_novel_by_her#

صبح جب اسکی آنکھ کھلی تو اسے اندازہ ہوا کے وہ اپنی ایک کلاس مس کر چکی ہے...

اس نے فون دیکھا ایلہ کی کئیں مسڈ کالز تھی....

میں اتنی گہری نیند سوتی رہی... وہ جلدی سے اٹھ کر واش روم میں چلی گی....اور پھر تیار ہو کر اپنے فلیٹ سے نکل گئی....

اس نے آج کافی بھی نہیں پی تھی....اس نے وائٹ شرٹ پر بلیک جیکٹ پہن رکھی تھی... جاگرز اور جینز گلے میں گرے مفلر ڈال رکھا تھا..

www.novelsclubb.com

وہ کلاس روم میں آکر بیٹھی... ایلہ اس کی طرف بڑھی... اگی تم؟

نہیں ابھی آرہی ہوں....اس نے روکھے سے انداز میں کہا...

آج پتا ہے میں تمہارے گھر کی بیل بھی کافی دیر تک بجاتی رہی ہو. لیکن تم نے گیٹ نہیں کھولا...

ہاں پتا نہیں اتنی گہری نیند میں کیسے سو گی....

کوئی بات نہیں...کلاس کے بعد وہ دونوں کیفے میں بیٹھ کر کافی اور اسنیکس کھا رہی تھی...جب ایبل نے اسے جارج کا بتایا...

www.novelsclubb.com

کل جارج بہت عجیب باتیں کر رہا تھا ایلہ....وہ خلاہ میں گھورتی اسے بتا رہی تھی....

کیا کہا جارج نے ؟؟؟

وہ مجھ سے اب جواب مانگ رہا ہے.... میں اسے کیا جواب دو؟

جو تمہارا دل کہتا ہے وہی جواب دو...

اس نے مجھے کہا ہے... میرے لیے ایک پینٹنگ بناؤ اور جب وہ پینٹنگ تم مجھے دو گی تو اپنا جواب بھی دینا....

کیسی پینٹنگ؟

www.novelsclubb.com

وہ میں نہیں جانتی وہ کہہ رہا تھا جب پینٹنگ بنائیں گی تو یہ خیال رکھنا کے یہ میرے لیے ہے...اور مجھے ذہن میں رکھ کر بنانا....

ہمم مطلب وہ پینٹنگ ہی دراصل تمہارا جواب ہو گی...

مطلب؟

مطلب صاف ہے ایبل تم اس کے لیے جو سوچتی ہو کیا فیل کرتی ہو... وہ وہی تمہیں پینٹ کرنے کا کہہ رہا ہے... تم پینٹ کرو گی تو جواب مل جائے گا تمہیں بھی اور اسے بھی....

ٹھیک ہے... وہ اٹھ کر لیب میں چلی گئی....

www.novelsclubb.com

******////*****************/////×********

******×*×**

وہ آج کی میٹنگ سے خاصہ مایوس ہوا تھا...اب آخری میٹنگ تھی جس کے لیے اسے جانا تھا.... لیکن اس میں ابھی وقت تھا.....

وہ 3 بجے college of arts London wembildon کے سامنے تھا...

آفس میں بیٹھے وہ اب اپنا پروجیکٹ ڈسکس کر رہا تھا..اسے بہترین آیڈیاز مل رہے تھے...

تب ہی اس کے سامنے کچھ سٹوڈنٹس کے پورٹ فولیوز بھی رکھے گے....وہ ایک ایک کر کے ان کو دیکھ رہا تھا اور ان کے نام بھی...

یہ تیسرا پورٹ فولیو تھا... جس پر نام درج تھا...

www.novelsclubb.com

ایبلینا میر راؤ! وہ اس نام سے کچھ حیران ہوا...اس نے پینٹنگز دیکھنا شروع کیا...وہ ہر پینٹنگ کو دس منٹ تک دیکھتا ہی رہ جاتا...وہ پینٹنگز جیسے اسے ہیپنوٹائز کر رہی تھی....6 پینٹنگز پر مشتمل یہ پورٹ فولیو اس نے آدھے گھنٹے میں ختم کیا...

دس.. سس آرٹسٹ..؟اسکی جیسے زبان اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی...

یس؟

مجھے انکا کام بہت پسند آیا ہے...کیا میں ان سے مل سکتا ہوں؟میں انکے ساتھ کانٹریکٹ سائن کرنا چاہتا ہوں...

ابھی تو آپ نہیں مل سکتے لیکن ہاں آپ کل صبح ان سے مل سکتے ہیں...10 بجے

www.novelsclubb.com

...

اوکے میں آجاونگا...

میٹنگ ختم ہو چکی تھی وہ گھر آ چکا تھا....اسے اب بھی لگ رہا تھا کے ان پینٹنگز میں کوئی جادو تھا...وہ کچھ کام میں مصروف تھا جب اسکی نظر ٹیبل پر پڑی اس پینٹنگ پر پڑی جو وہ چڑیل چھوڑ گئی تھی...

وہ اس کے قریب جا کر دیکھنے لگا...کچھ پل یہی گزرے وہ اسے رکھ کر واپس آ گیا تھا...

اب اسے کل کا انتظار تھا....وہ اس قدر ٹیلینٹیڈ انسان سے ملنا چاہتا تھا....

www.novelsclubb.com

اگلی صبح وہ وہاں پہنچا اور انتظار کرنے لگا...اس وقت وہ کلاس لے رہی تھی....

******////***************/////×********

******×*×**

وہ کالج میں تھی... آج اس کا موڈ بہت خراب تھا...

آج اسے شازل کے ساتھ لنچ پر جانا تھا....

وہ کلاس کے بعد کچھ کام کر رہی تھی.. جب کسی نے اسے بتایا کے اسے پرنسپل کے آفس میں بلایا گیا ہے....

www.novelsclubb.com

وہ کچھ حیران پریشان سی پرنسپل آفس میں آئی...

سامنے کوئی پیٹھ کیے بیٹھا تھا... پرنسپل نے اسے بیٹھنے کو کہا.... وہ بیٹھ گی...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

گڈمارننگ ایبلینا! میٹ مسٹر دامیر داؤد شاہ ہی وانٹس ٹو ورک ود یو....اس سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا اور دامیر نے اسے اور دونوں کو جیسے حیرت کا جھٹکا لگا....

دامیر کو پہلے شاک لگا لیکن پھر اس کی مسکراہٹ چہرے پر نظر آنے لگی...

جب کے ایبل کو پہلے حیرت اور پھر وہ سخت برا لگنے لگا....

ہای اٹس دامیر شاہ! دامیر نے ہاتھ آگے بڑھایا...

www.novelsclubb.com

ایبل نے کوئی جواب نہ دیا.

دامیر کو جب لگا کے وہ ہاتھ نہیں ملانے والی تو اس نے ہاتھ پیچھے کر لیا...

پرینسیپل نے اسے ساری تفصیل بتائی اور دامیر کے پروجیکٹ کے بارے میں بھی وہ سب کچھ سن رہی تھی...پرینسیپل خاموش ہوے تو دامیر بولا...

آپ میرے ساتھ کام کرنا پسند کریں گی؟دامیر اسے دیکھ کر مسلسل مسکرا رہا تھا اس کے ماتھے پر گرتے کالے سلکی بال اسے اور برے لگ رہے تھے...

www.novelsclubb.com

وہ اٹھ کھڑی ہوی....آی ایم سوری سر بٹ میں انکے ساتھ کوئ کام کرنے میں انٹر سٹیڈ نہیں...

لیکن کیوں؟ میں آپ کو اچھی آفر دے رہا ہوں آپ کا کریئر بن جائے گا.....

مجھے آپ کی مدد نہیں چاہیے اپنا کریر بنانے کے لیے...

لیکن آپ اتنی روڈ کیوں ہو رہی ہیں؟

میں ایسے ہی بات کرتی ہوں آپ کو روڈ لگ رہا ہے.. تو اس میں میرا قصور نہیں ہے....

www.novelsclubb.com

دیکھیں مس! اب آپ میری انسلٹ کر رہی ہیں...

سر میں ان مسٹر کے ساتھ کام کرنے میں انٹرسٹیڈ نہیں ہوں....

اوکے.. ایلینا! ایزیوروش... پرنسپل نے اسے جانے کو کہا...

وہ واپس جانے کو پلٹی ہی تھی کے دامیر نے اسے پکارا..

لسن مس ایبلینا!! یہ آفر آپ کے لیے ہے...اینڈ آئی نو آپ بہت جلد اس پیش کش کو قبول کریں گی...

ان یور ڈریمز! وہ کہتی وہاں سے چلی آئی..

اس نے سب کچھ ایلہ کو بتایا..

www.novelsclubb.com

واٹ تم پاگل ہو ایبل؟ آفر ریجیکٹ کیوں کی...

وہ بہت برا ہے بد تمیز بھی....

تم اس سے اس سے پہلے ملی ہو؟

نہیں !اس کی شکل ہی ایسی ہے بد تمیز لگتا ہے....

تمہیں کیا فیس ریڈ نگ آتی ہے ؟

افففف ایلہ بس بھی کرو....

کیا مطلب بس کرو... اتنی بڑی بے وقوفی کی امید نہیں کر سکتی میں تم سے....اپنے خوابوں کی پہلی سیڑ ھی پر ہی تم نے قدم رکھنے سے انکار کر دیا ہے....

یہ کونسا آخری آفر تھی اور آجائے گی...

جو لوگ پہلی پر ہی اتنی ناشکری اور بے قدری کرتے ہیں انکو پھر اتنی اچھی آفر نہیں ملتی... یار خود سوچو تم ایک سٹوڈنٹ ہو اور وہ ایک بزنس مین ہے اور وہ ایک برینڈ بنانا چاہتا ہے انٹر نشنلی کتنے آرٹسٹ ہونگے.. پروفیشنلز ہونگے اور تم ایک سٹوڈنٹ ہو ان سب میں جس کو وہ موقع دینا چاہتا ہے.... آرٹسٹ اور سب لوگ تمہارے آیڈیاز پر کام کریں گے...اور کیا چاہیے تمہیں !!!

www.novelsclubb.com

دیکھو میری بات مانو یہی موقع ہے خود ثابت کرنے کا...ورنہ ڈگری ملتے ہی شازل تمہیں یہاں سے فوراً لے جاے گا پھر کیا کرو گی؟

اچھا..میں سوچوں گی اس بارے میں...!

اچھا مجھے ایک کام ہے..میں چلتی ہوں ایلہ...

اوکے!سی یا...

وہ یونورسٹی سے اپنے فلیٹ کی طرف ہی آرہی تھی...جب اس نے شازل کو سامنے کھڑا دیکھا...

www.novelsclubb.com

وہ اسے نظر انداز کرتی آگے بڑھ گئ... شازل گاڑی میں بیٹھ گیا... وہ ڈیڑھ گھنٹہ یونہی گاڑی میں بیٹھا رہا...

وہ ڈیڑھ گھنٹے بعد واپس آئی اور گاڑی میں بیٹھ گی...

وہ لائٹ بلیو فراک پر بازوں کے گرد شال لپیٹے ہوئے تھی.. اس کے لمبے بال اس کی کمر پر پھیلے تھے..... میک اپ سے بے نیاز چہرہ... بدامی آنکھوں پر گھنی پلکوں کا راج تھا... وہ بہت سادہ رہتی تھی.. اس کے کھلے بالوں کی لٹیں اس کے چہرے کا طواف کررہی تھی..

www.novelsclubb.com

شازل نے اس کے بیٹھتے ہی گاڑی آگے بڑھادی... وہ پورے راستے باہر دیکھتی رہی... اس نے شازل سے کوئی بات نہ کی...

شازل نے بھی اس سے کوئی بات نہیں کی... وہ ڈرائیو کرتا رہا تھا....

وہ اسے (St. Dustan hills) لے آیا تھا... یہ لندن کی قدیم اور خوبصورت جگہوں میں سے ایک ہے.... یہ پہلے ایک چرچ ہوا کرتی تھی... بعد میں اسے سٹی پارک میں تبدیل کر دیا گیا... یہاں اکثر نئے شادی شدہ جوڑے اپنے شادی کے فوٹو شوٹس کروانے اتے ہیں...

www.novelsclubb.com

صاف اور پر کشش ماحول پر سکون راہداریاں اور باغیچہ بے شمار خوبصورتی سے بنائی گی اس جگہ پر لوگ کچھ پل کا سکون تلاش کرنے آتے ہیں.....

وہ گاڑی سے اتر گیا...وہ بھی اب باہر آچکی تھی....وہ جیسے اس حسین منظر میں کھو گی...

شازل نے اسے پکارا...

ایبل!

اس نے اس کی طرف دیکھا...وہ اس کے ساتھ چلنے لگی...وہ راہداریوں سے گزر رہے تھے...شازل اسے اس جگہ کے بارے میں بتا رہا تھا....وہ اب چرچ کی سیڑھیاں چڑھ رہے تھے...

www.novelsclubb.com

تمہیں کیسی لگی یہ جگہ...؟

ایبل خاموش رہی وہ بھی خاموش ہو گیا....

اچھی ہے ! ایبل نے کافی دیر بعد جواب دیا...

آئی نو ! شازل سنجیدہ تھا.

آپ یہاں پہلے کبھی آے ہو ؟..

شازل کو جیسے کچھ یاد آیا...

ہاں آیا ہوں ! بہت دفا...

کب ؟ وہ کچھ حیران ہوئ..

www.novelsclubb.com

بزنس کے سلسلہ میں آتا رہتا ہوں... تو گھوم لیتا ہوں....

اس نے پھر شازل سے کوئ سوال نہ کیا.

چلو آؤ وہاں چلتے ہیں.. شازل نے انگلی سے ایک جانب اشارہ کیا اور چل پڑا...وہ بہت فاصلہ پر چل رہی تھی...

وہ ایک بینچ پر بیٹھ گیا...وہاں دو بینچ تھے...ایبل دوسرے بینچ پر بیٹھ گئ...

شازل نے اسے دوسرے بینچ پر بیٹھتے دیکھا اور افسوس سے سر جھٹکا....اور اٹھ کر اسی بینچ پر بیٹھ گیا جہاں ایبل بیٹھی تھی...ایبل وہاں سے اٹھنے کو تھی کے شازل بول اٹھا....

میں آپ کی ٹانگیں توڑ دونگا اگر آپ یہاں سے ہلی تو... شازل سنجیدہ لہجے میں ایسے بات کر رہا تھا.. جیسے کوئ کسی کو بیٹھنے کی اجازت دے رہا ہو....

www.novelsclubb.com

وہ ڈر کر بیٹھی رہی.....

پریشان نہ ہو اتنا برا نہیں جتنا آپ سمجھتی ہیں مجھے....وہ اپنے اسی مدھم انداز میں بات کرنے لگا تھا...

وہ ایبل کو دیکھ رہا تھا...وہ خوبصورت تھی....

آپ نے کبھی خود کو آئینہ میں دیکھا ہے ایبل؟

وہ اس کی بات نا سمجھی اسے دیکھنے لگی....

شازل پھر خاموش ہو گیا....

www.novelsclubb.com

اچھی لگتی ہو! کبھی دیکھنا شیشہ میں...

وہ اس کی ان باتوں سے بے زار ہو رہی تھی...

ہم لنچ کرنے چلیں؟ مجھے بھوک لگ رہی ہے... شازل اسے گھورنے لگا وہ ایبل کی آنکھوں میں خوف دیکھ رہا تھا...

اس نے اپنی مسکراہٹ چھپالی..

ٹھیک ہے چلو.... وہ اٹھ کھڑی ہوی...

وہ اب ایک ریستوریڈ میں بیٹھے کھانا کھا رہے تھے...

جب شازل نے اسے بتایا کے وہ آج رات واپس جا رہا ہے...

وہ اس کی کسی بات کا کوئی جواب نہیں دے رہی تھی....

www.novelsclubb.com

میں دیواروں سے باتیں نہیں کر رہا ایبل... ! میں آپ کو یہاں اس لیے نہیں لایا کے آپ ریکوڈ قائم کریں کے آپ کب تک خاموش رہ سکتی ہیں... وہ اپنے اسی پر سکون انداز میں بول رہا تھا...

شازل بھائی! شازل نے فوراً سر اٹھایا

کیا؟

وہ....آپ شازل..... صرف شازل......بھائی نہیں...اس نے آنکھیں بند کر لی...

شازل نے اسے اپنی بات مکمل کرنے کو کہا...

وہ مجھے آپ کو کچھ بتانا ہے! ہاں بولیں میں سن رہا ہوں....

www.novelsclubb.com

مجھے ایک کمپنی کی طرف سے پروجیکٹ آفر ہوا ہے... میں وہ پروجیکٹ کرنا چاہتی ہوں...

کونسی کمپنی؟ کیسا پروجیکٹ؟

انٹرنیشنل کمپنی ہے..اس نے شازل کو کھپلا شدہ تفصیل بتائی....

سے نوٹو دیم! شازل نے دوٹوک انداز میں کہا..

کیوں؟ میں کام کرنا چاہتی ہو. میں نا نہیں کرو نگی..

آئی سیڈ نو! اٹ مینز نو اینڈ دیٹس مائی آڈر! شازل نے پھر سے نا کر دی.

ٹو ہیل ود یور آرڈرز! میں جا رہی ہوں یہاں سے...

www.novelsclubb.com

ایبل بیٹھ جاؤ...

نہیں آپ خود کو کیا سمجھتے ہیں کب سے آپ مجھے بلیک میل کر رہے ہیں...اب نہیں..ٹانگیں توڑ دو گے آپ میری؟توڑ دینا! کم از کم آپ سے میری جان چھوٹ

جائے گی.... یاں میں خود ہی مر جاتی ہوں پھر آپ خوش رہنااو کے ؟اور جائیداد پر بھی خوب عیش کرنا آپ اکیلے وہ اسے ایک سانس میں بہت کچھ سنالر وہاں سے چلی گی...

اس نے والٹ نکالا چند کرنسی نوٹ ٹیبل پر پھینکے اور ایبل کے پیچھے بھاگا....

ایبل لسن! وہ آگے بڑھ رہی تھی.. ایبل آئی سیڈ سٹاپ... لیکن وہ نار کی....

شازل نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے گاڑی کی طرف لے کے آیا..

www.novelsclubb.com

اسے گاڑی میں بیٹھالر وہ خود ڈرائیونگ سیٹ پر آگیا...

اور گاڑی آگے بڑھادی...

ایبل آپ میری بات مان لے یہ سب بیکار ہے اس میں اپنا وقت برباد نا کریں...

آپ سے میں نے پوچھا میں کیا کرو اور کیا نہیں؟آپ مجھے میرے فلیٹ ڈراپ کر دے اور چلے جائے... مجھے کچھ دن سکون سے رہ لینے دیں... کیوں آپ میری خوشیوں کے دشمن بن گے ہیں؟؟

ایبل کی ایک ایک بات اس کے دل پر کسی خنجر کی طرح لگ رہی تھی...اپر سے اس کی آنکھوں سے بہنے والے آنسو.....!

وہ مسلسل رورہی تھی.... شازل پر کوئی اثر نہ ہوا...

میں آپ سے پوچھ کر کچھ نہیں کرونگی میرا جو دل چاہے گا. میں وہ کرونگی. بس...

ٹھیک ہے !کرلو جو بھی کرنا ہے. لیکن پاکستان قدم رکھنے سے پہلے اپنے یہ تمام خواب یہی چھوڑ دینا اُوکے ؟میں یہاں بات مان رہاہوں.. لیکن یہ آخری بار

ہے...جب آپ واپس آو گی تو آپ کو شازل میر راؤہی ویلکم کرے گا...وہ جو کسی کے آنسوؤں سے نہی پگھلتا!....

وہ اس کے فلیٹ پر اسے ڈراپ کر کے جا چکا تھا....

ایبل نے بھی سوچ لیا تھا..وہ امیر کی آفر قبول کر لے گی.......

//*****/************/×****************

***************

www.novelsclubb.com

Episode no. 10

♥Khuwab_or_Mohobat#

By #Kainat_Amjad

First_novel_by_her#

یہ محبت بھی عجیب ہے. قربانیاں مانگتی ہے!

ہر ایک سے قربانی! زندگی میں کتنے لوگ ہے جو محبت کرتے ہیں...اس محبت میں خود کو فراموش کر دیتے ہیں قربانیاں دیتے ہیں... کوئی محبت جیتا کیوں نہیں ہے ؟محبت میں غم ملتے ہیں؟ نہیں محبت میں غم نہیں ہے.. ہم محبت کو چھوڑ دیتے ہیں... ہم غمزدہ رہنا چاہتے ہیں.. ہم غم کو اپنا لیتے ہیں محبت کو چھوڑ دیتے ہیں... ہم غموں میں جیتے ہیں... محبت میں جی کر کیوں نہیں دیکھتے؟

زندگی ہمیشہ رہے گی؟ نہیں!

تواس زندگی کو غموں کے حوالے کیوں کریں؟آؤ محبت بانٹیں آؤ زندگی میں محبت کے رنگ بھرے آؤاس چھوٹی سی زندگی کو محبتوں کے حوالے کریں...

اپنی اس چھوٹی سی زندگی کے کینوس پر پیار اور محبت کے رنگ بھرے...اس کو خوبصورت بنائیں... کل کس نے دیکھی ہے؟کل کیا ہوگا؟کون جانتا ہے؟لیکن محبتیں نہیں کھونی چاہیئے..

خوش رہنا سیکھیں.. چھوٹی سی خوشی کو بڑا بنا دیں اور بڑے سے غموں کو چھوٹا بنا دیں...

ہم غم کو بھرپور انداز میں مناتیں ہیں روتے ہیں...اداس رہتے ماحول سوگ وار کر لیتے ہیں.....

محبت کو بھی تو منانا چاہیے! ہم نے تو محبت کو بھی غم سے جوڑ دیا ہے۔

اور بھی غم ہیں دنیا میں..

غمِ محبت کے سوا....

اور بھی محبتیں ہیں دنیا میں غموں کے علاوہ.....

زندگی میں کتنے خواب دیکھے ہیں؟ کتنے اور دیکھنے ہیں؟

آؤ زندگی کو محبتوں بھرا ایک خواب بنا دیں....

www.novelsclubb.com

Just thoughts!

////*****************/////***************

***************

وہ کینٹین میں بیٹھی کسی گھری سوچ میں گم تھی جب اس کے سامنے کوئی آ کر بیٹھ گیا...

ہیلو میم ایبلینا!

ایبل نے سر اٹھا کر دیکھا وہ مسکرا رہا تھا. اسے وہ بہت برا لگا..

جی آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟

مجھے لگا آپ نے ڈسائڈ کر لیا ہو گا اس لیے آ گیا کانٹریکٹ کے لیے..

ایک منٹ آپ کو اتنی امید کیوں ہے میں آپ کے ساتھ کام کروں گی؟

www.novelsclubb.com

تب ہی ایلہ کافی لے کر ٹیبل کی طرف آئی اور دامیر کو دیکھ کر رک گئی... ایبل نے اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا... اس نے دو کپ کافی ٹیبل پر رکھی... دامیر نے ایک کپ اٹھا لیا...

تھینکس فار کافی! وہ مسکرا کر ایلہ کو دیکھ رہا تھا..

یور ویلکم! وہ گڑبڑا گئی اُسے سمجھ نہیں آ رہی تھی یہاں کیا ہو رہا تھا....اس نے ایبل کو کوہنی ماری کے دامیر خود ہی بولنے لگا...

مجھے دامیر شاہ کہتے ہیں! اور آپ کو؟ وہ ایلہ سے مخاطب تھا..ایبل نے دل میں اسے چھیچھورے کے لکب سے نوازا.

مجھے لوگ ایلہ کہتے ہیں! ایلہ نے خوش دلی سے جواب دیا..

غلط کہتے ہیں..ایبل اور ایلہ دونوں نے اسے عجیب انداز میں دیکھا...

www.novelsclubb.com

آپ اتنی خوبصورت ہیں آپ کو تو سنڈریلہ کہنا چاہیئے لوگو کو..ایلہ ہنس دی جب کے ایبل نے چھیچھورے پن اور فلرٹ ہونے کی تصدیق کر دی...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں یہاں آپ سے جواب مانگ رہا ہوں.. مس ایبلینا ٹیل می اف یو رانٹر سٹیڈ؟

نو آئی ایم ناٹ!

ایبل پاگل ہو؟ یہ کرے گی آپ کے ساتھ کام ضرور کرے گی.

لیکن ایبل آپ خود بتائیں؟

آپ کس خوشی میں مجھے ایبل بول رہے ہیں؟

کیوں آپ کو ایبل بولنے کے لیے پہلے خوش ہونا ہو گا؟

آپ پلیز برا نا منائیں اسکی باتوں کا آپ مجھے اپنا کارڈ دیں یہ آپ سے ضرور کانٹیکٹ کرے گی...

www.novelsclubb.com

اوکے سنڈریلہ صرف آپ کی وجہ سے میں کارڈ دے رہا ہوں.. ایلہ نے مسکرا کر کارڈ لے لیا اور وہ چلا گیا...

یہ کیا بے وقوفی تھی ایبل؟ ابھی تو تم راضی تھی اب پھر سے یہ سب کیا ہے؟

پتا نہیں مجھے اس کو دیکھ کر غصہ آجاتا ہے... بندہ اپنی پرسنیلیٹی دیکھے اور پھر یہ چھچھوراپن...

کم آن شازل بھی تو بہت اچھا ہے... وہ اور اس کی پرسنیلیٹی بہت ڈی سینٹ ہے تمہیں وہ بھی برا لگتا ہے... اور اب یہ فرینڈلی ہے تو تمہیں چھچھورا لگ رہا ہے....

یہ کارڈ رکھو اور اس سے بات کرو اور کانٹریکٹ سائن کر لو پلیز..!

اوکے یار! لیکن میں اسے فیس کیسے کرونگی...

اچھے سے! ایک رائل فیملی سے ہو تم اس کو بھی معلوم ہونا چاہیے کے وہ کس کے ساتھ کام کر رہا ہے.... ایلینا میر راؤ کے ساتھ... اتنا نخرہ تو بنتا ہے باس...

www.novelsclubb.com

ایبل ہنس دی...

اوہ تھینک گارڈ ایبل تم ہنسی.. ایلہ اس کے گلے لگ گی...

وہ گھر آئی اور کارڈ نکال کر دیکھنے لگی....

دامیر داؤد شاہ! اس نے زیرِ لب اس کا نام بڑبڑایا..

اب وہ موبائل نکال کر اس کا نمبر سیو کر رہی تھی....

////*****************/////**************////

**************

وہ ایک کافی شاپ میں موجود تھا.. لیپ ٹاپ پر کوئی کام کر رہا تھا.. جب اسکا سیل فون پر کسی کا میسیج آیا.. اس نے سیل اٹھا کر دیکھا کوئی نیو نمبر تھا. اس نے میسیج جھول لیا اور میسیج پڑھتے ہی اس کے چہرے پر مسکراہٹ ابھری...

www.novelsclubb.com

ہائے اٹس ایبل !

ایبل ھو؟ وہ مسکراتے ہوے لکھ رہا تھا...

آپ جس سے آج کسی پروجیکٹ کی بات کرنے آے تھے. اس نے غصہ ضبط کرتے لکھا.

اوہ یو مین مس ایبلینا میر راؤ؟ ایم رائٹ؟ وہ اسے یاد دلا رہا تھا اس کی بات..

یس !

اوہ تو آپ وہی ہے جنہوں نے مجھے زلیل کیا اور میری آفر بھی ٹھکرا دی؟ وہ اب اسے تنگ کر رہا تھا.

www.novelsclubb.com

میں آپ سے ملنا چاہتی ہو مسٹر دامیر !

آئی ایم ان رائل کیفے... اس کے چہرے کی مسکراہٹ گہری ہو گی..

WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کچھ دیر بعد ہی وہاں موجود تھی...دامیر نے اسے آتے دیکھ لیا اب وہ مصروف ہونے کی ایکٹنگ کرنے لگا...

وہ اس کے پاس 5 منٹ سے کھڑی تھی اور وہ لیپ ٹاپ میں مگن تھا...

مسٹر دامیر! وہ آخر کار بول اٹھی...

یس میم؟ دامیر نے سر اٹھایا جیسے اس کی موجودگی سے بے خبر تھا...

میری آپ سے ابھی فون پر بات ہوئ تھی...

اوہ ہاں! بولیے اور زلیل کرنا چاہتی ہیں؟

نہیں! میں آپ کے ساتھ کام کرنا چاہتی ہوں..

www.novelsclubb.com

ایم سوری میں یہ آفر کسی اور کو دے چکا ہوں! کہتے ہی وہ وہاں سے اٹھ گیا اور باہر آگیا....

پہلے تو ایبل کو سمجھ نہیں آئی پھر وہ اس کے پیچھے بھاگی..

دامیر کیفے سے باہر آکر اس کے نکلنے کا انتظار کر رہا تھا... جیسے ہی وہ باہر آتی دکھائی دی دامیر فوراً چل پڑا..

ایبل اس کے پاس ای...

مسٹر دامیر!

جی آپ نے مجھ سے کچھ کہا ہے؟

آپ کے علاوہ یہاں اور کون دامیر ہے؟

www.novelsclubb.com

اوہ سوری!

جب آپ کو کانٹریکٹ کرنا نہیں تھا تو مجھے یہاں کیوں بلوایا؟

میں نے کب بولا یا؟ آپ نے کہا تھا میں آپ سے ملنا چاہتی ہو.. میں نے تو لوکیشن بتائ تھی...

وہ خاموش ہو گی...

اوکے میں چلتی ہوں...

مس ایبلینا!

وہ پلٹ کر اسے دیکھ رہی تھی...

جی؟

اپنا کانٹریکٹ سائن نہیں کریں گی آپ؟؟؟

www.novelsclubb.com

آپ نے کہا آپ کسی اور کو دے چکے ہیں...

ہاں دیا ہے لیکن آپ کا کانٹریکٹ میرے پاس ہے یہ آپ ہی سائن کر سکتی ہیں اور کوئی نہیں...

تو وہ سب کیا تھا؟

آپ نے مجھے اتنا زلیل کیا ہے اپنی فرینڈ کے سامنے اپنی پرینسیپل کے سامنے اتنا تو بنتا ہے...

اسے غصہ آرہا تھا... لیکن وہ ضبط کر رہی تھی....

آئی نو آپ کو غصہ آرہا ہے... اس لیے یہ گھر جا کر پڑھیے گا جب غصہ ٹھنڈا ہو جائے... اب میں چلتا ہوں باقی باتیں بعد میں ڈسکس کریں گے..... وہ جا چکا تھا...

کانٹریکٹ پیپرز اس کے ہاتھ میں تھے.... وہ وہاں سے گھر آگئی اور کھانا بنانے لگی... اس نے کانٹریکٹ کو رقم میں رکھ دیا... کھانا کھا کر اس نے کافی بنائی اور وہ اسی کے بارے میں سوچ رہی تھی..

روم میں آکر اس نے کانٹریکٹ کو پڑھنا شروع کیا... سب ٹھیک تھا بس ایک شرط کے... اس نے دامیر کو کال ملائی..

آپ نے پڑھ لیا کانٹریکٹ ؟ دامیر نے سوال کیا.

جی مجھے ایک شرط منظور نہیں ہے!

کونسی شرط ؟

یہی جو آپ نے لکھا ہے! کے جب تک آپ کی کمپنی انٹرنیشنل برینڈ نہیں بن جاتی مجھے آپ کے ساتھ کام کرنا ہوگا ؟

www.novelsclubb.com

جی اس میں غلط کیا ہے ؟ آپ محنت کر رہی ہوں گی تو بیچ میں چھوڑ کر کسی اور کو آپنی محنت دے دیں گی ؟

میں صرف ایک سال تک آپ کے ساتھ کام کروں گی...

اوکے جیسے آپ کی مرضی! ہم کل مل کر ڈسکس کریں گے...اوکے!

اوکے! ایبل نے فون بند کر دیا...

////****************/////**************////

**************

اگلے روز وہ کالج کے بعد دامیر سے ملنے گی...

اور کچھ دیر کے بعد ایبل نے اس کی بات مان لی اور ہامی بھر لی کے جب تک یہ کمپنی انٹر نیشنل برینڈ نہیں بن جاتی وہ اس میں کام کرے گی...

www.novelsclubb.com

دل میں اس کے جو خوف تھا وہ اس کو بھول گی...اور ڈھائی مہینے بعد وہ اس کے ساتھ کام کرے گی یہ وہ خود نہیں جانتی تھی...

وہ گھر بیٹھی کافی پی رہی تھی اور بک پکڑے کوئ لیسن پڑھ رہی تھی...اس کا سیل بجا اس نے نام دیکھا...

دامیر کالینگ.......یہ کیوں اتنی رات کو کال کر رہا ہے...اس نے چڑھ کر فون کان سے لگایا...

ہیلو میم ایبلینا! دوسری طرف سے شوخ آواز آی...

www.novelsclubb.com

ہیلو مسٹر دامیر..بولیے کیوں کال کی ہے آپ نے؟

میں آپ کو ویسے کال نہیں کر سکتا کیا؟

بلکل بھی نہیں..کام کے علاوہ آپ نے مجھے کال کی تو اچھا نہیں ہو گا...

اوکے وہ کل میٹنگ ہے آپ سے کچھ ڈسکس کرنا ہے.. تو آپ میرے گھر آجائے گا اوکے؟

گھر کیوں؟ آفس کیوں نہیں؟

فل حال میرا گھر ہی میرا آفس ہے.. سو آپ کو وہی آنا ہے...

اوکے میں آجاوں گی...

www.novelsclubb.com

کب؟

کالج کے بعد! میں دو بجے آونگی....

اوکے ڈن.....!

اگلے دن وہ کالج کے بعد (Cavendish appartmants) آگی اب وہ دامیر کے گھر کی بیل بجا رہی تھی....

دامیر اسے کی ہول سے دیکھ چکا تھا... پھر بھی دس منٹ کے بعد اس نے دروازہ کھولا... وہ اس سے اس انسلٹ کا بدلا لے رہا تھا.. جو ایبل نے کی تھی...

ویلکم! ویلکم! مس ایبل ہیہیہیمیینا اس کے منہ سے ایبل نکلتے نکلتے رکا... وہ گارڈن میں آگیا ایبل اس کے پیچھے تھی...

دیکھیں مس ایبلینا... میں اب جب کے میں آپ پر بھروسہ لرر ہا ہوں اور اتنا بڑا پروجیکٹ آپ کو دے رہا ہوں.. تو آپ مجھے اپنی کوئی سکلز دیکھائیں....

ویسے مجھے نہیں معلوم تھا آپ اتنی اچھی پینٹنگ کرتی ہیں...

آپ نے میرا کام دیکھا ہے..اور کونسی سکلز دیکھنی ہیں؟؟

چلیں ایک کام کرتے ہیں آپ میرا پوٹریٹ بناں میں..

www.novelsclubb.com

ایبل نے اسے گھورا.. میں یہ فضول کام ننہیں کرنے آئی...

اوہ ریلی ؟آپ میں کچھ رولز بتادو اوکے .... میں آپ کا باس ہو رائٹ ؟

ایبل نے سر ہلایا اور دل میں کھا بد قسمتی سے ..

نہیں یہ آپ کی خوش قسمتی ہے ...دامیر اسے ریڈ لر رہا تھا ...

ایبل نروس ہوئی ..

سو رول نمبر 1. میں آپ کا باس ہوں کوئی کالیگ نہیں تو آپ مجھے مسٹر دامیر نہیں بلکے سر دامیر بولے گی اور ہر کام سے پہلے سر بولیں گی ...اوکے ؟

www.novelsclubb.com

اوکے سر !وہ غصے کو پی رہی تھی ...

گڈ رول نمبر 2 میں جو بھی کہو نگا وہ آپ کریں گی اوکے ؟

اوکے سر !

میں چاہے آپ کو کہوں کے آپ میرا پوٹریٹ بنائیں یاں بطخ بنائیں یاں ہاتھی ڈرا کریں.. آپ یس سر بولیں گی اور بنائیں گیٔ. ٹھیک ؟

یس سر!

گڈ چلو اب میں آپ کا باس سر دامیر آپ کو آڈر دے رہا ہے آپ میرا پوٹریٹ بنائیں... میں سامنے بیٹھا ہوں...

اوکے سر! اس کا بس نہیں چل رہا تھا اس کا سر توڑ دے چھچھورا کہی کا...

آپ نے کچھ کہا ایبلینا؟

www.novelsclubb.com

نو سر!

اچھا مجھے لگا کسی نے کہا ہو.. "چھچھورا کہی کا" اوکے آپ سٹارٹ کریں میں یہی بیٹھا ہوں...

اوکے سر... اس نے کینوس ایزل پر رکھا اور سکیچ کرنے لگی... 5 منٹ بعد وہ پینٹنگ پیلٹ اٹھا کر پینٹ کرنے لگی...

دامیر اس کی تیزی نوٹ کر رہا تھا... وہ متاثر ہوئے بغیر نا رہ سکا.. لیکن اس کے دماغ میں ایک اور ترکیب آئی...

www.novelsclubb.com

مس ایبلینا! سٹاپ...

یس سر!

مزہ نہیں آرہا چلیں گیم کھیلتے ہیں...

سر گیم ؟وہ کچھ سمجھی نہیں..

یس گیم ! میں یہاں بیٹھا ہوں ایزل 10 قدم کے فاصلے پر ہے..

آپ ایک کام کریں ایزل سے 20 قدم پیچھے جائیں...

وہ چلی گی..

پانچ قدم اور وہ پیچھے ہوئی...

کتنے قدم کا فاصلہ ہے ؟

www.novelsclubb.com

سر 25....

گڈ اب آپ وہاں سے بھاگتی ہوئی آئیں گی اور کینوس پر پینٹنگ کریں گی او کے.. ہر پانچ سیکنڈ بعد آپ یہ ریپیٹ کریں گی او کے ؟

سر؟اس کی آنکھیں کھلی..

اپنی اشوز؟ہاں پینٹنگ میں دامیر داؤد شاہ ہی بنا چاہیے اور کوئی نہیں اوکے؟

اوکے سر!

گڈ ناؤرن!

اب وہ بھاگ بھاگ کر پینٹنگ کر رہی تھی.....

اور دامیر بیٹھ کر بمشکل اپنی ہنسی روکے ہوئے تھا.....

www.novelsclubb.com

وہ جیسے کسی تماشائی کی طرح یہ سین دیکھ رہا تھا.....

////****************/////***************

***************

www.novelsclubb.com

Episode no. 11

#khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

...بھاگ بھاگ کر اس کی سانس پھول رہی تھی... سردی بھی بہت تھی

...اب اس کے بھاگنے کی رفتار بھی کم ہو گی تھی

...دامیر کو جیسے اس کے حال پر ترس آگیا

مس ایبلینا! مجھے لگتا ہے اتنا فن کافی ہے...اب آپ پینٹنگ بنائیں... میں آپ ..کے لیے پانی لاتا ہوں...وہ کر اندر چلا گیا

www.novelsclubb.com

وہ جب واپس لوٹا تو ایبل کرسی پر بیٹھی حانف رہی تھی... وہ اس کی طرف بڑھا اور ...اسے پانی دیا

...اگلی نظر اس نے اپنی پینٹنگ پر ڈالی اور اس میں کھو گیا

وہ تصویر ایسے تھی جیسے کسی نے کیمرے سے اتاری ہو...اس کی آنکھیں مسکرا رہی
.... تھی اس پینٹنگ میں بھی...اتنی نفاست کے ساتھ بنائی گی تھی یہ پینٹنگ
...ایبل اسے دیکھ رہی تھی وہ پینٹنگ میں کھویا ہوا تھا

.سر؟ایبل نے اسے پکارا

www.novelsclubb.com

...یس؟دامیر نے اس کی طرف دیکھا

سر آج کچھ ڈسکس کرنا ہے آپ نے؟وہ تھکی ہوئی لگ رہی تھی...وہ کالج سے
...سیدھی یہاں آئ تھی...اور دامیر نے اسے بھگا بھگا کر اور تھکا دیا تھا

...ہاں کرنا ہے ڈسکس لیکن پہلے ایک بریک لیتے ہیں

...میں نے کھانا آڈر کیا ہے آؤ کھائیں

...نو سر میں گھر جا کر کھا لونگی

آپ گھر 4 گھنٹے بعد جائیں گی تب تک بھوکی رہیں گی؟

...یہاں اب ویسے بھی ٹھنڈ بڑھ رہی ہے.. ہم باقی کام اندر کر لیتے ہیں

....اوکے سر! وہ اس کے پیچھے چل دی

... کھانا کھاتے ہوے دامیر اس سے باتیں کرنے لگا

www.novelsclubb.com

وہ خاموشی سے اسے جواب دے رہی تھی.... کیوں کے ابھی اس میں بحث کرنے کی ہمت نہیں تھی....

سو. آپ یہاں کب سے ہیں ؟ میں جانتا ہوں آپ اس کا جواب دینا نہیں چاہیں گی .... لیکن مجھے اپنے ورکرز کے بارے میں سب معلوم ہونا چاہیے

... میں یہاں دو سال سے ہوں

اوہ ریلی ؟ آپ ویسے پاکستان میں ہوتی ہیں ؟

.... جی .... میں یہاں سکالرشپ پر آئی ہوں

اوہ! آپ کی فیملی ؟

.... میں راؤ خاندان کی وارث ہو میر راؤ خاندان کی وارث

ہماری لاہور میں حویلی ہے .... میں وہاں اپنی بانو بیگم اور اپنے کزن شازل میر راؤ .... کے ساتھ رہتی ہو ... ہمارا تعلق رائل فیملی سے ہے

www.novelsclubb.com

دامیر کو حیرت ہوئی ... آپ رائل فیملی سے ہیں ؟

! جی

....میں آپ کو پرینسیس کہوں؟ دامیر جیسے اس کا مزاق اُڑا رہا تھا

نہیں میں نے آپ سے نہیں کہا آپ مجھے کچھ بھی کہے آپ ہی جاننا چاہتے تھے..

....میں نے بتادیا آپ یقین کریں یاں نہ کریں

....اوکے آپ برا مان گئی میں مزاق کر رہا تھا

لیکن آپ نے میرا پرپوزل پہلے ٹھکرادیا پھر آپ مان گئی کیوں؟

میں ایک ویل نون آرٹسٹ بنا چاہتی ہو... جسکی دنیا فین ہو اور جس کی پینٹنگز کروڑوں میں بکے... میں نام بنانا چاہتی ہو اپنا سٹار پینٹر بنا چاہتی ہوں... مجھے سب نے فورس کیا کے مجھے آپ کے ساتھ کام کرنا چاہیے اس لیے میں نے ہامی بھر لی...

www.novelsclubb.com

لیکن آپ کو کیا ضرورت ہے؟ آپ اتنے پاور فل بیک گراونڈ رکھتی ہیں.. آپ تو ...آرام سے یہ سب کر سکتی ہیں... خود سے اگزیبیشن لگوا سکتی ہیں اپنی پینٹنگز کی

...ہاں لیکن کچھ مسئلہ ہیں جو میں آپ کو بتانا نہیں چاہتی

!اوکے

کھانے کے بعد وہ لاونج میں بیٹھ گے اور کام کرنے لگے...دامیر اٹھ کر کچن میں چلا گیااور کچھ دیر بعد کافی لے آیا...ایبل کسی کام میں مصروف تھی جب اس نے دامیر کو کافی رکھتے دیکھا...

www.novelsclubb.com

!لیں مس ایبلینا !آپ کے لیے کافی

تھینک یو سر...اس پورے عرصہ میں پہلی بار ایبل نے دامیر کو دل سے تھینک یو کہا تھا...اسے اس وقت کافی کی بہت ضرورت تھی...

...وہ کافی پیتے ہوئے کام کر رہی تھی اور دامیر بھی اس سے بیچ میں کچھ ڈسکس کر لیتا

...ایبل نے پہلی رپورٹ بنالی تھی

.... سر! میں نے رپورٹ بنائی ہے آپ چیک کر لیں

...دامیر نے اس سے رپورٹ لے لی

مس ایبلینا! صرف پانچ فیلڈز شامل کی ہیں آپ نے؟؟

!جی سر

www.novelsclubb.com

لیکن کیوں؟ یہ کم نہیں ہیں؟؟

سر ہم پہلے پانچ پر کام کر کے دیکھتے ہیں...اس کے بعد ہم اور شامل کرتے جائیں گے... ہم پانچ میں بہترین طریقے سے کام کریں گے... تو لوگ ہماری طرف

آئیں گے اور جب ہم کسی نئی فیلڈ کو شامل کریں گے تو لوگ آرام سے ہماری طرف رخ کریں گے کیونکہ ہم پہلی پانچ میں بیسٹ رہیں ہیں سو نئی میں بھی آچھے ہونگے... لوگ ہمارے پاس آنا چاہیں گے....

داميراس کے آیڈیاز سے بہت متاثر ہوا...

لگی پاگل ہے بی ہیو بھی چڑیل جیسا کرتی ہے... لیکن ہے عقل مند... اس کے ہاتھ میں بھی ہنر ہے... دامیر دل میں سوچ رہا تھا....

وہ اب گھر جانے لگی.. مس ایلینا؟ آپ گھر جا کر مصروف ہو نگی؟

آپ کیوں پوچھ رہے ہیں؟

www.novelsclubb.com

ویسے ہی!

جی مجھے اپنے اسائنمینٹ کمپلیٹ کرنی ہے میں اس پر کام کر رہی ہو آج کل....

اوکے گڈ نائٹ!

....گڈ نائٹ سر! وہ وہاں سے آ گی

*******///*********///**********//*****

***///********

....وہ فلائٹ کے بعد سیدہ گھر آیا تھا

آتے ہی بانو بیگم کے پاس جا کر بیٹھ گیا...اس نے انہیں سلام کیا اور حال چال

...پوچھا... بانو بیگم بھی اس سے اس کی میٹنگ کے حوالے سے پوچھنے لگی

...ٹھیک رہی! اس نے مختصراً جواب دیا

www.novelsclubb.com

اور آپ ایبل سے ملے؟

!...نہیں بانو بیگم

کیوں وہ آپ سے نہیں ملی؟

... نہیں میں بہت بزی تھا... میں ان سے مل نہیں سکا

کوئی بات نہیں.. آپ تھک گئے ہونگے آپ فریش ہو جائیں میں کھانا لگواتی ہوں...

نہیں بانو بیگم میں نے فلائٹ میں کھالیا تھا... اب میں تھک گیا ہوں کچھ دیر سونا چاہتا ہوں...

... ٹھیک ہے بیٹا آپ آرام کر لیں

وہ اٹھ کر کمرے میں آگیا اور صوفے پر بیٹھ گیا... اس نے آنکھیں بند کر لی... جیسے کسی نے اسے بہت ڈانٹا ہو اور وہ اب تک دنیا سے اس شرمندگی کو چھپا رہا ہو.... اس کی بند آنکھ سے ایک کترا گرا وہ شاید آنسو تھا. نا جانے اس ایک آنسو کے بعد کتنے ہی آنسو نکلے اور اس کا چہرا بھیگوتے رہے...

www.novelsclubb.com

وہ اٹھ کر واش روم گیا اور چینج کرنے کے بعد بیڈ پر لیٹ گیا. وہ صرف سونا چاہتا تھا اس وقت....

کبھی یو بھی آ میرے روبرو ...

تجھے پاس پا کے میں رو پڑوں....

مجھے منزل عشق پہ ہو یقیں....

تجھے دھڑکنوں میں سنا کروں...

www.novelsclubb.com

کبھی سجالوں تجھ کو میں آنکھوں میں ....

کبھی تسبیحوں پہ پڑھا کروں ....

... کبھی چوم لوں تیرے ہاتھ کو

.... کبھی تیرے دل میں بسا کروں

..... کبھی یو بھی آ میرے روبرو

...تجھے پاس پا کے میں رو پڑوں

*******///*********///**********//*****

www.novelsclubb.com

***///********

....وہ اپنی شیٹس پر کام کر رہی تھی...اسے دامیر کا میسیج ملا...وہ چڑ گی تھی

ہائی ایبلینا اٹس یور باس دامیر ! وہ اس کا میسیج پڑھتے ہی سمجھ گی کے اسے اور کوئی کام نہیں ہے۔۔۔اب یہ میرا دماغ کھاے گا....

یس ؟

آپ بزی ہیں ؟

جی بہت میں اس وقت اپنی شیٹس پر کام کر رہی ہو....

اچھا۔۔۔میں سوچ رہا تھا۔۔۔آپ کے گھر آ جاوں....

واٹ ؟

www.novelsclubb.com

آپ نے کہا تھا مجھے کافی بنانی نہیں آتی میں فارغ تھا۔۔۔سوچا آپ سے سیکھ لو...

اس کے غصے کی حد تھی...

یہ سمجھتا کیا ہے خود کو؟اس کی عقل ٹھیکانے پر نہیں ہے لگتا ہے.....

!.... مسٹر میں نے آپ کو کافی سیکھانے کا کانٹریکٹ سائن نہیں کیا

کل میں یہ والا بھی بنوالونگا آپ پھر کافی سیکھائیں گی؟

آپ انتہائی فارغ انسان ہیں... لیکن میں نہیں ہوں مجھے اور بھی بہت سے کام

.... ہیں... اس لیے اب آپ مجھے تنگ کرنا بند کریں

.... اچھا

ایبل نے میسیج دیکھ کر رکھ دیا.... کچھ دیر بعد پھر سے فون بجنے لگا... اس نے دیکھا

... یہ دامیر ہی تھا

www.novelsclubb.com

لیسن؟

.... یس؟ وہ تنگ آ گئی تھی

.... سنڈریلہ کا نمبر مل سکتا ہے؟ اور آگے ایک ہنسنے والا ایموجی

...ایبل کو شدید غصہ آیا اس نے فون بند کر دیا

دامیر کو اسے اب تنگ کر کے مزہ آتا تھا... وہ روز کوئ نا کوئ ایسی حرکت کرتا جس سے ایبل کو غصہ آے کیون کے ایبل اسے اس طرح نہی ٹریٹ کرتی تھی جیسے باقی ...سب لڑکیاں کرتی تھی

کبھی وہ ایبل سے ایک شیٹ بار بنواتا اور بار بار ریجیکٹ کرتا پھر جب اسے لگتا کے اب ...یہ کچھ بولے گی.. تو پہلی شیٹ کو ہی اوکے کر دیتا

ایبل اس سے کافی مانگتی تو کبھی گرم پانی میں صرف کافی گھول کے لے اتا تو کبھی ...ٹھنڈے پانی میں

کبھی وہ ایبل سے سخت سردی میں بٹھا کر کام کرواتا رہتا اور کبھی وہ اس کی کوئ نا کوئ .....چیز غائب کر دیتا

...ایک دن تو دامیر نے حد کر دی

ایبل کوئی ڈزائین بنا رہی تھی. اور ایک رپورٹ میں مصروف تھی...جب دامیر کو پھر سے اسے تنگ کرنے کا خیال آیا...وہ لیپ ٹاپ پر مصروف ہونے کی ایکٹنگ ....کرنے لگا

اور ایبل کو مخاطب کر کے اس سے کوئی فائل مانگی جہاں ایبل بیٹھی تھی وہاں بہت ...سی فائلز پڑی تھی

...مس ایبلینا! وہ لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلا رہا تھا

www.novelsclubb.com

یس سر؟

....مجھے وہ فائل دیجیے گا

....اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کونسی فائل دے

....دامیر لیپ ٹاپ پر دیکھتے ہوئے ہی بول رہا تھا

....ایبل نے ایک فائل اٹھائی اور اس کی طرف بڑھادی

نہیں یہ نہیں دوسری والی..اس نے بغیر فائل دیکھے دوسری اٹھانے کو کہا...اسی طرح ہر فائل پر دامیر یونہی کرتا....جب ساری فائل وہ اسے دکھا چکی اور اب بھی وہ دوسری مانگ رہا تھا...تو ایبل نے غصے میں ساری فائل اس کے سامنے رکھی اور کہا خود دیکھ لے آپ.. .

....اوہ یہ رہی مل گی...دامیر کی گود میں بھی ایک فائل پڑئی تھی

....تو سر آپ پہلے ہی دیکھ لیتے میرا اتنا وقت تو برباد نہ ہوتا

www.novelsclubb.com

...اوکے..آئی ایم سوری! دامیر اب کوئی اور طریقہ سوچنے لگا

....وہ اپنا کام کرنے لگی

..مس ایبلینا....مجھے ایک گلاس پانی لادیں

...اوکے سر وہ پانی لے آئی

..سر پانی

....ہاں رکھ دو ابھی میرا موڈ نہیں

...اچھا پانی پکڑا دیں..وہ پانچ منٹ بعد بولا

...سر آپ کے سامنے پڑا ہے

...ہاں میں مصروف ہوں آپ پکڑا دیں

www.novelsclubb.com

...اس نے گلاس دامیر کے آگے کیا لیکن وہ کام میں لگا رہا

...رکھ دیں ابھی موڈ نہیں

فائن سر میں باہر بیٹھ کر اپنا کام کر رہی ہو.. آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو خود لے لیجیے گا....

وہ اٹھ کر چلی گی.....

*******///*********///***********//*****
***///********

ایک دن ایبل اپنا کام کر رہی تھی کے دامیر نے اپنے لیپ ٹاپ سے نظر اٹھا کر اسے دیکھا...

www.novelsclubb.com

وہ عام سے ہو لیے میں تھی...اس نے بالوں کا جوڑا بنا رکھا تھا...اور وہ بہت غور سے اپنا کام کر رہی تھی...اس کے ہاتھوں پر پینٹ لگا ہوا تھا... لیکن اس کا کام لوگ ...مان نہیں سکتے کے اس کم عمر لڑکی میں اتنا ٹیلنٹ ہے

....رائل گرل وہ اس کے چہرے کی معصومیت دیکھ کر مسکرایا.... پھر بولا

...ایبلینا!...ایبل نے سر اٹھایا

جی سر؟

آپ بہت اُچھا کام کر رہی ہیں... میں نے اپنے ڈیڈ سے ڈسکس کیا ہے...انہیں آپ سے ملنے کا بہت شوق ہے...وہ کہہ رہے تھے...ادنی ٹیلنٹڈ گرل سے ملنا آنکھ ...خوش نصیبی ہو گی

....وہ مسکرائی تھی...آپ انہیں میری طرف سے تھینکس کہہ دے

www.novelsclubb.com

اور اپنی طرف سے؟

....وہ جو آپ کی مرضی کہیں...اس کی مسکراہٹ غائب ہو گی

اوکے آئی ایم سوری! آپ کو تنگ کرنا بہت آسان ہے آپ فوراً غصہ کر جاتی

ہیں...

...ایبل اسے گھور رہی تھی

....اوکے میں کچھ نہیں بولوں گا آپ اپنا کام کریں

....ایبلینا! وہ کچھ دیر بعد پھر بول رہا تھا

www.novelsclubb.com

....اب یہ یونہی مجھے پکارے گا

...مزہ نہیں آ رہا کام میں

...میں بھاگ کر پینٹنگ نہیں کرنے والی

...میں کونسا کہہ رہاہوں بھاگ کر پینٹنگ بنائیں...دامیر ہنس دیا

...آؤایک گیم کھیلتے ہیں

...کونسی گیم ؟اسے پھر سے دامیر کی کوئی نئ شرارت کااندیشہ ہوا

...تم آوتو...وہ اس کے پیچھے چل دی....وہ کچن میں آگیا

...آؤکوکینگ کرتے ہیں

....مجھے کوکینگ نہیں اتی

واٹ اے کوانسیڈینس مجھے بھی نہیں اتی.... چلو کچھ پاکستانی ڈش بناتے ہیں...

www.novelsclubb.com

...ٹرای کرنے میں کیاہے

اوکے سر....وہ بھی کام کر کے تھک گی تھی...کچھ مائنڈ فریش ہو جاے گا...وہ بھی تیار ہو گی....

کیا بنائیں سر؟وہ دامیر سے پوچھ رہی تھی....

دال چاول...دامیر نے چٹکی بجاتے ہوے کہا....

سر مجھے نہیں آتے بنانے....مجھے بھی نہیں آتے....

چلو تم ریسپی نکالو میں چیزیں اوکے....

اوکے سر....

www.novelsclubb.com

اب وہ اسے اجزاء بتا رہی تھی.....

سر اب ایک کام کرتے ہیں....آپ دال اور چاول بنائیں میں سیلڈ بناتی ہوں...

اوہ سارا کام میں کروں اور تم صرف سیلیڈ...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

....مجھے بنانا نہیں آتی....اس نے معصوم سی شکل بنائ دامیر خاموش ہو گیا

...اوکے میں بناتا ہوں... تم سیکھ لو...اور سیلڈ بناؤ

...اوکے سر...اب وہ بھی مسکرا رہی تھی

....وہ اپنا سارا کام مکمل کر چکا تھا

اور ایبل ابھی تک سیلڈ میں مگن تھی اس کے آنسو بہہ رہے تھے... جب کے اسے

...پیاز کاٹے ادھا گھنٹہ گزر گیا تھا

دامیر اسے دیکھ کر ہنس رہا تھا....یہ 10 منٹ میں پینٹنگ کر لیتی ہے... گھنٹہ ہو گیا

....سیلڈ نہیں بن رہا اس سے

www.novelsclubb.com

...آوچ !ایبل کی انگلی کٹ گی تھی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

دامیر نے اس کا ہاتھ دیکھا زیادہ گہرا کٹ نہیں تھا... لیکن ایبل کے آنسو وہ پریشان ہو گیا....

.. وہ ایبل کو باہر لایا اور بینڈج لگا دی ایبل اب بھی رو رہی تھی....اب وہ ہنسنے لگا

....یار ایک چھوٹا سا کٹ ہی لگا ہے کیا ہو گیا ہے

میں اب کبھی پینٹنگ نہیں کر پاؤں گی.... میرا ہاتھ میں کتنا خیال رکھتی ہوں.. پھر بھی میرا ہاتھ کٹ گیا....وہ مسلسل رو رہی تھی

...اور دامیر کو سمجھ نہیں آرہا تھا کے وہ اسے کیسے چپ کروائے

www.novelsclubb.com

...ایبل کچھ نہیں ہوا تمہارے ہاتھ کو دیکھو بلکل ٹھیک ہے

....دامیر نے برش پکڑا اور ایبل کے ہاتھ میں پکڑا دیا

...پھر اس کا ہاتھ پکڑے اس نے پینٹ میں ڈپ کیا اور پیپر پر الٹا سیدھا چلایا

دیکھو بلکل ٹھیک ہے تمہارا ہاتھ کچھ نہیں ہوا....وہ ایک دم ہئ خاموش ہو گی....

دامیر نے پھر سے پینٹ میں برش ڈپ کیا...اور پھر سے الٹی سیدھی لائینز لگائی...

....دامیر نے اب بھی کسی بچے کی طرح ایبل کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا

اور جیسے کسی بچے کو ہاتھ پکڑ کر لکھنا سیکھاتے ہیں دامیر ایبل کو پینٹنگ کرنا سیکھا رہا

....تھا

....ایبل نے دامیر سے اپنا ہاتھ چھڑا لیا...اور خود سے الٹی سیدھی لائینز لگانے لگی

اور اب وہ مسکرا بھی رہی تھی...دامیر نے سکون کا سانس لیا...میں کھانا لگاتا ہوں

..ہم کھانا کھاتے ہیں باقی کام بعد میں....وہ اٹھ کر کچن میں چلا گیا

.....ایبل اسے جاتا دیکھتی رہی

www.novelsclubb.com

کچھ دیر بعد وہ کھانا کھا رہے تھے... ایبل نے دامیر کی تعریف کی.... کھانا واقعے ہیٔ بہت اچھا تھا... کھانے کے بعد ایبل واپس کام کرنے لگی کے دامیر نے اسے روک دیا.... آؤ باہر بیٹھ کر کافی پیتے ہیں... باتیں کرتے ہیں

ایبل اس کے ساتھ چل دی...

وہ کافی پیتے اس سے باتیں کر رہا تھا... آج اسے اس کی باتیں بری نہیں لگی.... نا اس کے ماتھے پر گرتے کالے سلکی بال اسے برے لگے... وہ مسکرا رہی تھی... اور کافی پی رہی تھی....

www.novelsclubb.com

ایبل... تم ایسے روی کیوں؟ تمہارا ہاتھ سچ میں تھوڑی کٹ گیا تھا... صرف ایک زرہ سا کٹ تھا....

مجھے اپنے ہاتھوں سے بہت محبت ہے... کیوں کے ان سے میں پینٹنگ کرتی

... ہوں... یہ اگر نہ رہے تو میں چاہ کر بھی اپنے خواب پورے نہیں کر پاؤں گی

کیوں؟ کیا ایسا کوئی ہے جو آپ کے خوابوں کو پورا نہیں کرنا چاہتا....؟؟

.... ایبل کے سامنے ایک چہرہ لہرایا

... میں پھر کبھی بتاوں گی

... ضرور مجھے انتظار ہے اس پل کا

اچھا تو اب گلے شکوے بھلا کے ہم دوست بن سکتے ہیں؟؟

www.novelsclubb.com

.... وہ کچھ دیر اسے دیکھتی رہی پھر ہنس دی

.... ہاں.......! اس نے دامیر سے ہاتھ ملایا

...دامیر نے اپنا موبائل نکالا اور ہاتھوں کی ایک تصویر بنا لی

....ایبل نے سوال کیا یہ کیوں بنائی

یہ بہت یادگار دن ہے ہم دوست بن گئے ہیں...اس لیے لی ہے تصویر.....وہ مسکرائی...

....دامیر بھی ہنس دیا

www.novelsclubb.com

Episode no. 12

#Khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

....شازل آفس میں بیٹھا کام میں مصروف تھا

...جب روشن اس کے پاس آیا

سر! یہ فائلز آپ دیکھ لیں اور سر یہ بھی....روشن نے ایک لفافہ شازل کے سامنے رکھا..

www.novelsclubb.com

...ٹھیک ہے.آپ جائیں....روشن چلا گیا

....شازل نے لفافہ اٹھالیا....اور کھول کر دیکھا

وہ تصویریں تھی....وہ تصویریں دیکھ رہا تھا...اس کے چہرے پر غصے کے آثار

....نمودار ہو رہے تھے

!!......یہ لڑکا

...جیسے شازل نے کچھ یاد کرنے کی کوشش کی.... مگر یاد نا آیا

www.novelsclubb.com

...شازل نے ایبل کو کال کی اور اس کا نمبر بند تھا

...یہ لڑکی کیا کر رہی ہے...اس نے ہر چیز مزاق بنادی ہے

...اس نے ایک اور نمبر ڈائل کیا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہیلو!

...سوری اس دن مجھے غصہ اگیا تھا.. میں اپنے روئے کی معافی مانگتا ہوں

...آئی پرامس آیندہ نہیں ہوگا ایسا

...ہاں میں پاکستان میں ہوں...ہاں میں آپ کو مس کر رہا تھا...وہ مسکرایا

...اوکے میں پھر کال کرونگا...بائی

*******//******///********///*********//

*****///**//

www.novelsclubb.com

......وہ اپنے کمرے میں بیٹھی ٹیبل پر پینٹنگ کرنے کی کوشش کر رہی تھی

لیکن اس کے دماغ میں کچھ آ ہی نہیں رہا تھا.. وہ بار بار کوشش کرتی اور بار بار ناکامی ......ہوتی ....اس نے پینٹنگ چھوڑ دی

آخر یہ کیوں ہو رہا ہے میرے ساتھ پہلے تو کبھی نہیں ہوا... وہ وہاں سے اٹھ گئ .....کچھ دیر ٹہلتی رہی. پھر اس نے دوبارہ سے پینٹنگ کرنے کا سوچا

وہ دوبارہ بیٹھی اور کینوس کو دیکھنے لگی.. مگر پھر سے اس کا دماغ میں کچھ نہیں آ رہا تھا.. یہ اس کے ساتھ پچھلے ہفتے سے ہو رہا تھا... کہ جب بھی اس کینوس میں کچھ پینٹ کرنے کا سوچتی اس کے دماغ میں کچھ نہ آتا تھا.. لیکن اس نے ٹھان لی تھی کہ .آج وہ کچھ نہ کچھ تو بنا کر ہی چھوڑے گئ

www.novelsclubb.com

وہ وہاں سے اٹھ گئی. اس نے اپنا بیگ اٹھایا اور کوٹ پہنا سکارف لیا اور کینوس لے کر وہاں سے باہر آ گئی...

.. وہ اسی پارک میں جا بیٹھی جہاں آ کر بیٹھا کرتی تھی

وہ زمین پر بیٹھ گئی اس نے کینوس کو گود میں رکھا اور پھر سے کچھ سوچنے لگی. اس کے دماغ میں بہت ساری چیزیں آتی. مگر جب وہ کچھ پینٹ کرنے کا سوچتی تو اس سے نہ ہو پاتا... مجھے سمجھ نہیں آ رہی میرے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے. وہ ایسے ہی کینوس پر جھکی ہوئی تھی کہ اسے لگا کہ کوئی اس کے پاس بیٹھا ہے ..

... اس نے سر اٹھا کے دیکھا

www.novelsclubb.com

....وہ جارج ہی تھا

آپ....!

....ہاں میں کیوں نہیں آسکتا

.... نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا

..... مجھے آپ کی یاد آرہی تھی مجھے لگا آپ یہی ہو نگی. تو بس آگیا میں یہاں

کیا پینٹ ہو رہا ہے؟

....بس پینٹنگ بنانے کی کوشش کر رہی ہوں

www.novelsclubb.com

یہ میں کیا سن رہا ہوں ابیل پینٹنگ بنانے کی کوشش کر رہی ہیں؟ ایسا کیا بنایا جارہا ہے؟

آپ نے کہا تھا نہ آپ کے لیے پینٹنگ بناؤ وہی بنانے کی کوشش کر رہی ہوں... لیکن نہیں کر پا رہی... جب بھی کچھ پینٹ کرنے لگتی ہوں... میرے دماغ میں کچھ نہیں آتا پتہ نہیں ایسا کیوں ہو رہا ہے ...

جارج خاموش ہو گیا.... جیسے وہ اداس ہو گیا تھا ....

آپ کوشش تو کریں.. میں آپ کے ساتھ بیٹھا ہوں ...

شاید آپ بنا سکیں... وہ افسردہ سا کہہ رہا تھا ہاں میں کوشش کرتی ہوں.... وہ پھر سے کوشش کرنے لگی ایسے کرتے کرتے دو گھنٹے برباد ہو گے. اس سے کچھ نہ بن سکا....

اس نے خالی کینوس ہی اُس کے حوالے کر دیا ...

میں نے آج تک آپ کو بہت سی پینٹنگز دی ہیں...

لیکن آج میں کچھ بھی پینٹ نہیں کر پا رہی ہوں... جو میں آپ کو دے رہی ہوں یہ میری طرف سے آپ کے لئے میرا جواب ہے. جو آپ مانگ رہے تھے ... ...میں معذرت چاہتی ہوں کہ میں کچھ ڈرا نہیں کر سکی

... ایک بار دوبارہ کوشش کریں... وہ بہت اداس ہو گیا تھا

میں نہیں کر سکتی... مجھ سے نہیں ہو گا... میں آپ کو بہت اچھا انسان سمجھتی ہوں. آپ میرے لیے قابل احترام ہیں. اور ایک بہت اچھے انسان ہیں. میں آپ کی بہت عزت کرتی ہوں. لیکن جو جواب آپ مجھ سے چاہتے ہیں. شاید میں وہ نہیں دے سکتی. شاید میں آپ کے بارے میں ویسے کچھ سوچتی نہیں ہوں.

...شاید مجھے آپ سے محبت نہیں ہے. جارج نے اس جملے پر آنکھیں بند کر لیں

ہم دونوں اچھے دوست بن سکتے ہیں. میں آپ کے بارے میں ایسا کچھ نہیں سوچتی..اسی لئے میں آپ کے لئے کچھ بنا نہیں سکتی..

جارج کی اداسی اسے بھی بری لگ رہی تھی... مگر وہ کیا کرتی وہ شاید اس انسان کے قابل نہ تھی...

جارج خاموش ہو گیا..وہ کافی دیر تک سر نیچے کیے بیٹھا رہا..

وہ اب بھی وہیں بیٹھی رہی.

وہاں صرف ایک ہی چیز تھی خاموشی اداسی کسی کے ٹوٹے دل کی کرچیوں کی آواز کسی کا دکھ کسی کا غم کوئی بہت اداس تھا.. کوئی کسی کی اداسی کی وجہ تھا.

ایبل نے جارج کے کندھے پر ہاتھ رکھا...

www.novelsclubb.com

جارج آپ ٹھیک ہو...؟ جارج نے سر اٹھایا وہ کب سے بغیر آواز کے رو رہا تھا...
.اس کی آنکھوں سے بہہ کر اس کے آنسو زمین بوس ہو گئے تھے

وہ تو اس کے آنسوؤں کو بھی محسوس نہ کر سکی تھی اس کی محبت کو کیسے
کرتی؟...وہ شاید اسکی محبت کے قابل ہی نہیں تھی...اس کی محبت میں بھی احترام
..تھا

سوری.....میں معافی چاہتی ہوں میں آپ کے دکھ کی وجہ ہوں..میں آپ کی
محبت کے قابل نہیں ہوں.آپ بہت اچھے انسان ہیں میں دعا کروں گی آپ کو کوئی
. بہت ہی چاہنے والی اور آپ سے محبت کرنے والی لڑکی ملے... جارج مسکرایا
.. اس کی آنکھوں سے اب بھی آنسو بہہ رہے تھے

.. کاش آپ کی دعا قبول ہو سکتی

کیوں نہیں ہو سکتی کیا قبول ؟

پتہ نہیں چھوڑو ان باتوں کو اور بتاؤ پڑھائی کیسی جا رہی ہے.. ہاں ٹھیک جا رہی ہے آج کل بہت بیزی ہوں میں نے ایک کانٹریکٹ سائن کر لیا ہے اس میں ہی بزی رہتی ہوں...

آپ کی واپسی میں تو صرف ڈیڑھ منتھ باقی ہے نا؟

www.novelsclubb.com

... ہاں.... پتہ ہی نہیں چلا اور وقت گزر گیا

وہ پھر سے خاموش ہو گیا وہ شاید اس سے بات کرنا چاہتا تھا. وہ سب باتیں کرنا چاہتا تھا. بہت ساری کیونکہ وہ جانتا تھا یہ اسکی آخری ملاقات ہے ..

....کتنا مجبور کر دیتی ہے انسان کو محبت

.....اچھا میں چلتی ہوں اپنا خیال رکھنا

...پلیز ابھی مت جاؤ...وہ کہنا چاہتا تھا... لیکن خاموش رہا

میں نہیں جانتی میری زندگی میں آگے کیا ہونا ہے میرے خواب پورے ہوں گے یا نہیں... کسی سے محبت ہو گئی یا نہیں؟

www.novelsclubb.com

میری زندگی میں اگے کیا ہونا ہے میں کسی چیز کے بارے میں نہیں جانتی.. لیکن مجھے بہت افسوس ہے کہ میری وجہ سے آپ تکلیف میں ہو. آپ بہت اچھے انسان ہیں. آپ مجھے معاف کر دینا مجھے بھول جانا ...

...میں چلتی ہوں جارج... خدا حافظ

وہ جا چکی تھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کبھی واپس نہ آنے کے لئے وہ وہیں بیٹھا رہ گیا تھا ...اکیلا وہ اس کی زندگی سے جا چکی تھی... جارج کی زندگی ایبل کے بغیر ادھوری رہ گئی تھی.. بہت ادھوری نہ جانے کتنی گھڑیاں گزر گئ.. وہ اسی حال میں اس سخت سردی میں وہاں بیٹھا رہا نہ جانے کتنے آنسو اس کی آنکھوں سے نکل کر زمین میں گم ....ہوتے رہے

******///******///****//***//***///*****///

*****///***

وہ کالج سے دامیر کے گھر جانے کے لیے نکل رہی تھی...جب ایک کار تیزی سے اس کے سامنے آر کی...

کچھ دیر بعد ایک ڈرائیور باہر آیا...اور اس نے بیک ڈور کھول دیا...

وہ حیران سی یہ سب دیکھ رہی تھی...کچھ دیر بعد کار سے کسی نے اس کا نام پکارا...

ہائے ایبل...وہ وہی تھا اس کا شرارتی باس...وہ سر جھٹک کر رہ گئ...

کم ان...آج گھر پر کام نہیں کریں گے...

www.novelsclubb.com

اوکے سر...وہ کار میں بیٹھ گی...

آج کہاں میٹنگ ہے سر؟

ایک ریسٹرانڈ میں.. کچھ اور بھی آرٹسٹ اور ڈزائنرز ہمارے ساتھ کام کرنا چاہیتے ہیں... آپ ان کو اپنی تھیم بتا دینا... اوکے اب سے وہ بھی ہمارے ساتھ کام کریں گے...

اوکے سر...

ریسٹرانڈ میں میٹنگ کافی دیر تک چلتی رہی... سب آرٹسٹ اور ڈزائنرز اس کے آیڈیاز سے متاثر تھے... اب وہ ایک ٹیم کے ساتھ کام کر رہے تھے....

ہر گزرتے دن کے ساتھ دامیر ایبل میں چینیجز نوٹ کر رہا تھا.. وہ اسے اُپ سیٹ نظر آتی اور کھوئی کھوئی رہتی... لیکن اس کے کام میں اس چیز کا اثر نہ ہوا تھا...

وہ کافی بنا رہی تھی. جب اسکا سیل فون بجنے لگا....

...اس نے نمبر چیک کیا..وہ شازل تھا...اس نے کال اٹھالی

...ہیلو..؟شازل بول رہا تھا

....ہیلو...!بہت خالی پن تھا اس کی آواز میں

....کیسی ہیں آپ؟شازل نے اس کی آواز کے خالی پن کو محسوس کر لیا تھا

... ٹھیک ہو...آپ کیسے ہیں؟

....میں ٹھیک ہو

ایک منتھ بعد آپ واپس آرہی ہیں...آپ کی ڈگری کی اعزازی تقریب میں بانو ..بیگم آئیں گی...پھر آپ ان کے ساتھ ہی واپس آجائیں گی....وہ خاموش ہو گیا

....شازل

www.novelsclubb.com

...شازل کو لگا جیسے وہ رو رہی تھی

..... جی؟ بولیں میں سن رہا ہوں

...کچھ نہیں....اس کے الفاظ میں ہچکیوں کا پھندا تھا

ایبل...آپ رو کیوں رہی ہیں؟

...مجھے ماں بابا بہت یاد آ رہے ہیں....وہ اس کی سسکیاں سن سکتا تھا

...آپ واپس آ جائیں میں آپ کو ان سے ملوانے لے جاؤں گا

آپ میرے لیے سب کچھ کر سکتے ہیں؟

www.novelsclubb.com

...ہاں...آپ ایک بار کہے تو...وہ بہت مدھم بولا

...پھر میرے خواب کیوں نہیں پورے کر سکتے آپ؟ وہ اب بھی رو رہی تھی

....یہ میں شاید کرنا نہیں چاہتا...اس لیے

....اب آپ رونا بند کردیں....مجھے آپ کے آنسوؤں سے تکلیف ہوتی ہے

...اور یہ آنسو بھی آپ ہی کی وجہ سے بہتے ہیں...وہ کال کاٹ چکی تھی

...شازل ناجانے کتنی دیر فون ہاتھ میں پکڑے بیٹھا رہا

ترے ملنے کو بے کل ہو گئے ہیں

مگر یہ لوگ پاگل ہو گئے ہیں

www.novelsclubb.com

بہاریں لے کے آئے تھے جہاں تم

وہ گھر سنسان جنگل ہو گئے ہیں

یہاں تک بڑھ گ ۓ آلامِ ہستی
کہ دل کے حوصلے شل ہو گئے ہیں

کہاں تک لائے ناتواں دل
کہ صدمے اب مسلسل ہو گئے ہیں

نگاہِ یاس کو نیند آ رہی ہے
مژہ پر اشک بو جھل ہو گئے ہیں

www.novelsclubb.com

انھیں صدیوں نہ بھولے گا زمانہ

یہاں جو حادثے کل ہو گئے ہیں

جنھیں ہک دیکھ کر جیتے تھے ناصر

وہ لوگ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں

--------

اس نے آنکھوں پر ہاتھ پھیرا اس نے آنکھوں سے بہنے والے آنسو صاف کیے تھے

...شاید

www.novelsclubb.com

... کون کہہ سکتا ہے؟ ایک انسان سے اتنی محبت کرنے والا شخص

اسی انسان کے خوابوں سے نفرت کرتا ہے؟

×

*********///********///********///********///

*****×//*

...وہ کافی کا مگ لے کر بیلکنی میں آگی تھی

وہ گھونٹ گھونٹ کافی پی رہی تھی اور سرد ہوا کے جھونکوں کو محسوس کر رہی تھی...

اس ٹھنڈے موسم کو جیسے وہ محسوس نہیں کر رہی تھی...بلکے اس ٹھنڈ کو اپنے اندر اتار رہی تھی.. کیا چاہتی تھی وہ؟

www.novelsclubb.com

شاید سکون؟

ہوتی ہے تیرے نام سے وحشت کبھی کبھی

برہم ہوئی ہے یوں بھی طبیعت کبھی کبھی

اے دل کسے نصیب یہ توفیقِ اضطراب

ملتی ہے زندگی میں یہ راحت کبھی کبھی

www.novelsclubb.com

تیرے کرم سے اے اَلمِ حسن آفریں

دل بن گیا ہے دوست کی خلوت کبھی کبھی

جوشِ جنوں میں درد کی طغیانیوں کے ساتھ

اشکوں میں ڈھل گئی تری صورت کبھی کبھی

تیرے قریب رہ کے بھی دل مطمئن نہ تھا

گزری ہے مجھ پہ یہ بھی قیامت کبھی کبھی

کچھ اپنا ہوش تھا نہ تمہارا خیال تھا

www.novelsclubb.com

یوں بھی گزر گئی شبِ فرقت کبھی کبھی

اے دوست ہم نے ترکِ محبّت کے باوجود

محسوس کی ہے تیری ضرورت کبھی کبھی

---------

...اس کے سیل فون پر کسی کا میسیج آیا....اس نے میسیج دیکھا...یہ دامیر تھا

ہائی اِٹس یور باس دامیر دی موسٹ ہینڈسم مین ان دی ورلڈ...وہ اس کا میسیج پڑھ کر

... مسکرائی...اور سوچنے لگی

یہ کتنا خوش نصیب ہے جو ہر وقت خوش رہتا ہے...اسے کوئی غم نہیں ہے...

...دوسری طرف سے پھر پیغام آیا

www.novelsclubb.com

میں صرف خود ہی خوش نہیں رہتا...اپنے سے جڑے لوگوں کو بھی خوش رکھنا آتا ہے مجھے....ایبل کچھ دیر کے لیے عجیب سے احساس کا شکار ہوئی...اسے کیسے معلوم میں یہ سوچ رہی تھی....

یس سر؟

میں آپ کو پک کرنے آرہا ہوں...آپ سے کچھ باتیں ڈسکس کرنی ہیں ضروری...

ابھی سر؟

www.novelsclubb.com

ہاں ابھی..اوکے سی یو....

وہ مگ کچن میں رکھ کر...کمرے میں آ گی...اس نے وائٹ ڈریس نکالا وہ پاکستان سے بہت کم ایسے کپڑے لائی تھی لیکن یہ اسے بانو بیگم نے گفٹ بھیجا تھا.....

وہ چینج کر کے اپنے کمرے میں آئی....یہ سفید کارٹن کی فراک تھی.. گھٹنوں تک...آج پتا نہیں کیوں اس کا دل اسی ایک فراک کو پہننے کا کیا....اس نے بال کمر پر کھلے چھوڑ رکھے تھے....اس نے ایک بلیک شال اپنے بازوں کے گرد ہائل کی ....موبائل کلچ میں ڈال کر اب وہ اپنا فلیٹ لاک کر رہی تھی

....وہ میک اپ نہیں کرتی تھی

وہ لفٹ سے باہر ائی تو دامیر پہلے سے ہی اس کا انتظار کر رہا تھا...وہ گاڑی سے باہر آگیا....ایک لمحہ کے لیے اسے لگا جیسے وہ اس لڑکی کو پہلی بار دیکھ رہا ہے...یہ کوئی ...اور ہے

www.novelsclubb.com

Graceful , confident, elegant!!

....شاید آج وہ پہلی بار رائل خاندان کی ایبل سے مل رہا تھا

سر !اسے پانچ منٹ گزر چکے تھے وہاں کھڑے ناجانے اس کا ہینڈسم باس کہا گم تھا...

ہاں... سوری,, آپ بیٹھو گاڑی میں... وہ گاڑی میں بیٹھ گی... دامیر بھی بیٹھ گیا... اور گاڑی آگے بڑھ گی....

اس کی نظریں بار بار ایبل کا طواف کرتی اور ایبل جیسے دنیا سے بیگانہ باہر دیکھتی رہی....

www.novelsclubb.com

...وہ گھر آگئے تھے... ایبل اس کے ساتھ چل رہی تھی

سر کس بارے میں ڈسکس کرنا ہے آج؟

بتاتا ہوں.... پہلے یہ بتائیں آپ کسی بات سے پریشان ہیں؟

...نہیں سر

جھوٹ...میں کتنے دنوں سے آپ کے چہرے پر پریشانی دیکھ رہا ہوں...آپ مجھ سے شیر کر سکتی ہیں....

ایسا کچھ نہیں ہے آپ نے غلط محسوس کیا ہے.....آپ کو کوئی کام ہے تو بتائیں ورنہ میں جا رہی ہوں....

...اوکے اوکے...بتا رہا ہوں...میرے ساتھ آئیں

...وہ اس کے پیچھے چل دی

www.novelsclubb.com

آپ کو کلرز بہت پسند ہیں نا؟

!جی سر

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ٹھیک ہے....وہ اسے گارڈن میں لے آیا....وہاں ایک بہت بڑی ٹیبل پر رنگوں کی پلیٹس موجود تھی ساتھ کافی سارے غبارے رکھے تھے اور پانی بھی...اور ایک سفید چادر کسی چیز پر ڈالی گی تھی... جیسے بہت سارے باکسسز سے کسی نے ایک دیوار بنائی اور اس پر ایک بہت بڑی سفید چادر ڈال دی .....

سر یہ کیا ہے؟وہ ان سب چیزوں کو سمجھ نہیں پائی ....

اوکے مس ایبلینا!اب آپ کے باس آپ کو آرڈر دے رہے ہیں ...

یہاں آئیں ....

وہ اس ٹیبل کے پاس آگئ...اب ایک غبارہ اٹھائیں....ایبل سمجھ گی یہ پھر سے اس کا جینا حرام کرنے کی نئ ٹریک ہے ....

www.novelsclubb.com

اس نے غبارہ اٹھالیا اب اس میں کوئ بھی رنگ لے کر بھر دیں...ایبل نے گرین کلر اس غبارے میں ڈال دیا...اب اس غبارے میں پانی ڈالیں....اس نے ویسے

ہی کیا...اب اس کو پھلائیں....ایبل غبارہ پھلا چکی تھی...اب اس کی ایک گراہ لگائیں...اور اس ٹب میں بلونز رکھتی جائیں....اور یہ عمل ریپیٹ کریں گی آپ...اوکے؟

اوکے سر...اسے غصہ آرہا تھا...لیکن وہ خاموشی سے سارے غبارے پھلاتی گی.. .....اس کے چہرے پر رنگ لگ گے تھے

....سارے غبارے وہ پھلا چکی تھی

www.novelsclubb.com

...ویل ڈن گرل !اب یہ پنز لو اور اس وائٹ وال پر لگاؤ

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے ایسے ہی کیا۔۔۔ ذرا ذرا فاصلہ رکھ کر وہ پنز لگاتی گی۔۔۔ جب وہ پنز لگا چکی تو دامیر نے اسے اس سفید چادر سے دس قدم پیچھے آنے کو کہا۔۔۔ وہ پیچھے آئی تو اس کے قدموں میں وہی ٹب تھا جس میں وہ غبارے تھے۔۔۔۔

۔۔۔اب مجھے بتاؤ کونسی بات آپ کو پریشان کرتی ہے؟ وہ اس کا چہرا دیکھتی رہ گئی

۔۔ ٹھیک ہے نہ بتاؤ

لیکن میری بات غور سے سنو۔۔۔۔ ایک غبارہ اٹھائیں۔۔۔۔ ایبل نے اٹھالیا۔۔۔ اب وہ بات سوچے جس کی وجہ سے آپ پریشان ہیں۔۔۔ وہ اس کا چہرا دیکھ رہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

جیسا میں کہتا ہوں ویسا کریں سوچیں۔۔۔۔ کونسی پریشانی ہے آپ کو؟ آپ کیا کرنا چاہتی ہیں؟ کیا آپ کی زندگی میں کوئی مسئلہ ہے؟ کوئی رکاوٹ ہے آپ کی زندگی میں؟ سوچے

ایبل کے ذہن میں جیسے اس کے خواب گردش کرنے لگے.... شازل کی ذد...اس سے شادی...اس کے خواب پورے ناہونے کا خوف ڈر, خوف, پریشانی, جھکھڑ ....تھے جو اس وقت اس کے ذہن میں چل رہے تھے

اب یہ سوچو تم کتنی ہنر مند ہو؟ تم میں کیا خوبی ہے؟ تم کتنی طاقت ہے؟ کتنا حوصلہ ہے؟ تم کر سکتی ہو؟ تم ان سب چیزوں کو شکست دے سکتی ہو؟ تم اپنے لیے لڑ سکتی ہو؟ تم میں کتنی ہمت ہے؟ کتنا حوصلہ ہے؟ کتنی چاہت ہے اپنے خوابوں کو پورا کرنے کی؟

..وہ سب سوچ رہی تھی

تم میں کتنا غصہ ہے؟ تم اسے غصے کو آپنی محنت اور منزل کی تلاش میں لگا دو گی.....وہ کسی کوچ کی طرح ایبل سے سوال کر رہا تھا

بولو؟ کیا لڑو گی اس دنیا سے؟

ہاں....

کیا اس دنیا کو بتاؤ گی کے تم کتنی ٹیلنٹڈ ہو؟

ہاں....

اپنے راستہ میں آنے والی ہر مشکل کا سامنا کرنے کو تیار ہو؟

ہاں....

اپنا خواب پورا کرنے کو تیار ہو؟

ہاں....

تو اس وقت سوچو کے یہ سفید چادر تمہارے خلاف ہے... تمہارے راستے کی رکاوٹ ہے.... تمہارے خواب پورے نہیں ہونے دے گی....

اور تمہارے ہاتھ میں تمہارا ہنر ہے... جس سے تم ہر چیز کو ختم کر دو گی....

کیا تم کر سکتی ہو ایسا؟

www.novelsclubb.com

ہاں.....

ڈوایٹ....!

ایبل نے ہاتھ میں پکڑے ہوے غبارے کو زور سے اس سفید چادر پر دے مارا....

اور اس چادر پر ہر ارنگ کے چھیٹے اڑے....

کم آن ایبل....اس دنیا کو ہرادو.... کم آن...

اس نے ایک اور غبارہ اٹھا کر اس دیوار پر مارا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ پوری دیوار رنگوں میں نہا گی....ہر طرف رنگوں نے اس چادر کو ڈھانپ لیا تھا.... سفید چادر لگ ہی نہیں رہی تھی یہ....

www.novelsclubb.com

ایبل گھٹنوں کے بل نیچے گرنے کے انداز میں بیٹھ گی...اور رونے لگی....

دامیر اس کے سامنے آیا اور گھٹنوں کے بل اس کے سامنے بیٹھ گیا....

اب کیوں رو رہی ہو؟ پاگل؟

...ایبل نے سر اٹھا کر دامیر کو دیکھا

... تھینک یو...اس نے اپنے آنسو صاف کیے

...یور ویلکم! دامیر مسکرایا

اس کی سفید فراک پر جگہ جگہ رنگ لگ گے تھے...وہ کھڑی ابھی اپنی فراک جھاڑ

....ہی رہی تھی کے اس کے اپر کسی نے مٹھی بھر کے رنگ پھینکا

...اس نے سر اٹھا کر دیکھا دامیر مسکرا کر ہاتھ جھاڑ رہا تھا

!....وہ آپ کا رنگ دنیا پر چڑھے گا! اور یہ میرا رنگ آپ پر چڑھے گا

www.novelsclubb.com

ایبل جو انکھیں پھاڑ پھاڑ کر اپنے کپڑوں کو دیکھ رہی تھی اپنے اس باس کی بات سن کر

... جیسے غصے میں آ گی

کیا؟.... کیا کہا آپ نے؟

کچھ غلط کہا ہے؟

....آپ کی ہمت کیسے ہوئی مجھ پر رنگ ڈالنے کی؟ وہ غصے میں بول رہی تھی

دامیر نے آگے بڑھ کر رنگ ہاتھ میں لیا اور پھر سے ایبل پر ڈال دیا....ایسے....

....اور آنکھ ماری

ایبل نے آگے بڑھ کر اپنی دونوں موٹھیوں میں رنگ لیا اور دامیر کے پیچھے بھاگنے

....لگی اب وہ دونوں بھاگ بھاگ کر ایک دوسرے پر رنگ ڈال رہے تھے

جب رنگ ختم ہو گے تو دونوں بیٹھ گے...دونوں کے کپڑے اور ہاتھ منہ رنگ

....سے بھرے تھے

www.novelsclubb.com

سراب میں گھر کیسے جاونگی اس حو لیے میں؟

مجھے کیا پتا؟

...ایبل کو اس پر غصہ آرہا تھا

تم ابھی گھر جاؤ گی !؟

ظاہر ہے...اور کہا جاؤ نگی ؟

تم گھر چلی گی تو یہ سب میں اکیلا صاف کرونگا؟

...ظاہر ہے !اب اسے ہنسی آرہی تھی

میں نے اتنا کچھ صرف تمہارا موڈ ٹھیک کرنے کے لئے کیااور تم مجھ پہ اتنا سارا کام ڈال کر یو چلی جاو گی ؟

ایمو شنل بلیک میل کیوں کر رہے ہیں آپ ؟

تواور کیا کروں ؟

www.novelsclubb.com

!اوکے مل کر صاف کرتے ہیں یہ سب اوکے

....اوکے دامیر نے فوراًہامی بھرلی

...گارڈن صاف ہو گیا تھا

ایبل نے اپنے کپڑے خوب اچھی طرح جھاڑے اور منہ ہاتھ دھویا...دامیر کے بہت اسرار پر اس نے وہی کھانا کھایا...اور پھر شال کو کھول کر اپنے ارد گرد لپیٹا...اور پھر گھر آ گئ....

اس نے گھر آتے ہی شاور لیا اور کافی بنائی...اور اپنے بستر میں گھس گی....

دامیر کا اسی وقت میسیج آیا...

ایک کپ میرے لیے بھی کافی اور آگے ونکی ایموجی تھا...

ایبل ہنس دی...اور کافی پیتے ہوے دامیر سے باتیں کرنے لگی...

www.novelsclubb.com

اسے اس سے بات کرنا اچھا لگ رہا تھا...وہ بہت ریلیکس تھی..

وہ ساری رات یونہی باتیں کرتے کرتے سو گی.....

کچھ کہہ کے خاموش ہو گئے ہم

قصّہ تھا دراز کھو گئے ہم

تو کون ہے تیرا نام کیا ہے

کیا سچ ہے کہ تیرے ہو گئے ہم؟

زلفوں کے دھیان میں لگی آنکھ

پُر کیف ہوا میں سو گئے ہم

www.novelsclubb.com

Episode no. 13

#Khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

#Mega_Episode

جبیں پہ دھوپ سی آنکھوں میں کچھ حیا سی ہے

تو اجنبی ہے مگر شکل آشنا سی ہے

www.novelsclubb.com

خیال ہی نہیں آتا کسی مصیبت کا

ترے خیال میں ہر بات غم ربا سی ہے

جہاں میں یوں تو کسے چین ہے مگر پیارے

یہ تیرے پھول سے چہرے پہ کیوں اداسی ہے

دلِ غمیں سے بھی جلتے ہیں شادمانِ حیات

اسی چراغ سے اب شہر میں ہواسی ہے

ہمیں سے آنکھ چُراتا ہے اس کا ہر ذرہ

مگر یہ خاک ہمارے ہی خوں کی پیاسی ہے

www.novelsclubb.com

اداس پھرتا ہوں میں جس کی دھن میں برسوں سے

یونہی سی ہے وہ خوشی بات وہ ذرا سی ہے

چہکتے بولتے شہروں کو کیا ہوا ناصر

....کہ دن کو بھی مرے گھر میں وہی اداسی ہے

......

...اس نے ٹھنڈی آہ بھری

...کمرے کی کھڑکی سے چاندنی اور ہوائیں ایک ساتھ داخل ہو رہی تھی

www.novelsclubb.com

کمرے میں چاندنی اندھیرا تھا....ہواؤں کی آواز میں کسی کی سرگوشی کا اضافہ

...ہوا

...بس دو ہفتے اور پھر آپ ہمیشہ کے لیے میری ہو جائیں گی

...میں پھر کبھی آپ کو اتنا دور نہیں جانے دونگا

اس نے لیمپ آن کیا کمرے میں ہلکی روشنی ہوئی...اس نے کھڑکی بند کر دی..

...اچانک سے خاموشی چھا گی کمرے میں

وہ نائٹ سوٹ میں تھا...اس کی چال کچھ لڑکھڑائی ہوئی تھی....کمرے میں ہر طرف ایبل اور دامیر کی تصویریں تھی..وہ دونوں مسکرا رہے تھے..ان کی آنکھوں میں محبت تھی.ان ہی تصویروں میں جارج اور ایبل کی بھی تصویریں تھی...جن میں کہی وہ مسکرا رہی تھی تو کہی اداس...

....کہیں جارج کے کندھے پر ہاتھ تھا تو کہیں وہ اس کو پینٹنگ گفٹ کر رہی تھی

....ہر تصویر میں جارج اور دامیر کے چہرے پر سیاہی تھی

وہ بیڈ پر ڈھے سا گیا..اس کی آنکھیں خمار آلود تھی...شاید اس نے شراب پی رکھی تھی...

www.novelsclubb.com

اس کے بیڈ پر ایک لیپ ٹاپ آن تھا.. جس کی سکرین پر ایبل کے فلیٹ کے کچن اور ہال کی سی سی ٹی وی ویڈیو آن تھی ....

وہ کوئی کام کرنے کچن میں آئی تھی وہ مسکرا رہی تھی...اس کے ہاتھ میں سیل فون تھا... شاید وہ کسی سے ٹیکسٹ پر باتیں کر رہی تھی ....

وہ شراب کے نشے میں مدھوش ہو چکا تھا...اور اب اسے معلوم نا تھا کے کیا ہو رہا ہے.....

******//=====*******=====*****////*****

*****×******

ہائے!

ہائے سر!

اسائنمنٹ میں ہیلپ چاہیے ؟

!نو سر

میں یہی کہنے والا تھا بزی ہوں بہت ہیلپ نہیں کر پاؤں گا. بٹ تم نے خود ہی کہہ

....دیا

..... وہ اس کی بات پر بہت ہنسی

آپ بزی ہیں ؟

....... ہاں بہت

.....لگ نہیں رہا

www.novelsclubb.com

بزی ہوں میں بہت تم سے بات کرنا کم مصروفیت ہے ؟

....وہ پھر سے ہنسی

!....اچھا کل مجھے اسائنمنٹ سبمٹ کروانی ہے....میں کمپلیٹ کر لو بائے

اس نے موبائل سائڈ پر رکھا اس کا کام تقریباً مکمل ہو ہی گیا تھا...اس کے بعد ....اگزامز اور پھر قصہ تمام

وہ اپنا کام مکمل کر چکی تھی وہ اتنا تھک گئی تھی اس دوہری محنت سے کہ وہ وہی سو گئی... وہ بہت محنت سے یہاں پہنچی تھی... وہ بہت محنت کر رہی تھی... وہ سٹار ......پینٹر بنا چاہتی تھی

..................................................................

www.novelsclubb.com

........

دامیر اس سے بات کرنا چاہتا تھا... لیکن وہ اسے ڈسٹرب کرنا نہیں چاہتا تھا... وہ جانتا تھا وہ اپنے خوابوں کے لیے پاگل تھی... اب وہ بھی اس کے خواب پورے ہوتے دیکھنا چاہتا تھا...

وہ ایک روز بیٹھے کام کر رہے تھے... ٹیبل پر لیپ ٹاپ اور پیپرز پڑے تھے... وہ دونوں ہی بہت محنت کر رہے تھے... ایبل تو جیسے تھکن سے چور چور ہو رہی تھی.. دامیر بھی تھکا ہوا تھا...

وہ ایبل کے لیے کافی بنانے چلا گیا جب واپس آیا تو ایبل ٹیبل پر ہی سر رکھے سو گئی تھی..... اس نے کپ سائڈ پر رکھ دیا اور بیٹھ گیا.....

وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔وہ سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔بہت معصوم چہرا گرے جرسی اور سکارف گلے میں ڈالے بال پونی میں قید تھے۔۔۔وہ نا جانے کب تک اسے یوہی ۔۔۔۔دیکھتا رہا تھا۔۔۔اور دیکھتے دیکھتے وہ خود بھی وہی سر رکھے سو گیا

ایبل کو کچھ دیر بعد جیسے گردن میں تکلیف ہوئی وہ اٹھ گی۔۔۔سامنے دامیر سو رہا تھا۔۔۔ٹیبل پر سر رکھے۔۔وہ کچھ دیر اسے دیکھتی رہی پھر اس نے اسے جگایا نہیں۔۔۔ ۔۔۔۔۔اور وہاں سے اٹھ کر گھر آ گئ

دامیر کی جب آنکھ کھلی تو وہ سامنے نہیں تھی اس نے آس پاس دیکھا۔۔۔اور کافی کے ۔۔۔۔کپ کو بھی

۔۔۔۔وہ کپ خالی تھا اور اس کپ کے ساتھ ایک چٹ لگی تھی

تھینکس فار کولڈ کافی..! وہ پڑھ کر مسکرایا....

...........................................................................

........

وہ کام میں مصروف تھی جب دامیر نے اسے بتایا کے اب وہ یہ سب آفیشلی پاکستان شفٹ کرنے کا سوچ رہا ہے....

وہ بہت محنت کر رہے تھے. پچھلے ڈھائی مہینے سے...اور اب داود شاہ نے دامیر کو واپس آنے کا کہہ دیا تھا...وہ یہ سب ایبل سے شیئر کر رہا تھا....ایبل کے چہرے پر پھیکی سی مسکراہٹ تھی....

www.novelsclubb.com

آپ کب جا رہے ہیں پاکستان؟

....میں تین ہفتے بعد

آپ سے پہلے میں یہاں سے چلی جاو گی....اس کا چہرا اداس تھا...کچھ تھا جو دامیر

...نے محسوس کیا

...کیا بات ہے؟ پیپرز ٹھیک نہیں ہوئے کیا؟

...نہیں بہت اچھے ہوئے ہیں...بلکہ میرا کب سے رزلٹ بھی آگیا ہے

...کب سے؟

....ایک ہفتہ پہلے

www.novelsclubb.com

تو پھر کیا بات ہے؟اداس کیوں ہو...؟

اداس نہیں ہوں بانو بیگم آرہی ہیں...پاکستان سے مجھے لینے اگلے ہفتے میرا

....کونوکیشن ہے

...ریئلی ؟مبارک ہو بہت

آپ آئیں گے ؟

....ضرور آپ انوائٹ کریں گی تو آونگا

اگر نا کروں تو؟

....تو بھی میں بہت ڈھیٹ ہوں ضرور آونگا

....وہ ہنس دی

...آپ آیے گا...مجھے اچھا لگے گا

...ویسے رک جاؤ ہم پاکستان ساتھ چلیں گے

www.novelsclubb.com

میرے گھر والو کو نہیں معلوم کے میں آپ کے ساتھ کوئی پروجیکٹ یا کانٹریکٹ کر

...رہی ہوں

کیوں ؟آپ نے بتایا نہیں ؟

نہیں!

کیوں؟

...وہ مجھے کرنے نا دیتے

کیوں نا کرنے دیتے؟

...کیوں کے انکو میرا یہ شوق یہ سب پسند نہیں

...دامیر کی حیرت سے آنکھیں پھیل گی

... کیوں؟

.... اس نے دامیر کو سب کچھ بتا دیا

www.novelsclubb.com

تو آپ نے کانٹریکٹ کیوں کیا...؟ اُگر آپ کے کزن کو پتا چل گیا تو؟

...مجھے اس کی پرواہ نہی ہے

....لیکن مجھے ہے آپ کی

خیر میں آپ کے ساتھ ہوں....اور میں دیکھتا ہوں کوئی کیسے آپ کے خوابوں

....کو پورا ہونے سے روکتا ہے

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی..وہ دونوں ایک دوسرے کے ہم راز بن

چکے تھے...دونوں کے دل کی دھڑکن بھی شاید اب ایک دوسرے کے لیے

....دھڑکنے لگی تھی

وہ ایک دن بھی بغیر بات کیے نہ رہتے تھے..بہانے تلاش کرتے ملنے کے....

...لیکن وہ اپنے ان احساس کو ایک دوسرے پر آشکار نہیں کر رہے تھے

ایبل کو شازل کا خوف تھا....اور دامیرا سے لگتا کے ایبل اس کا سر توڑ دے گی

....اگر اس نے اسے بتا دیا....وہ پہلے ہی اسے چھچھورا سمجھتی تھی

.............................................................

........

ایبل نے ایک دن دامیر کے گھر میں اپنی بنائی ہوئی پینٹنگ دیکھی...اسے یاد آیا

....کے وہ یہ بھول گی تھی اس دن یہاں

تب ہی دامیر وہاں آیا... کیا دیکھ رہی ہیں آپ؟

یہ پینٹنگ ؟

www.novelsclubb.com

....ہاں یہ آپ نے دی تھی مجھے

....میں نے؟ وہ کچھ حیران ہوئی

ہاں آپ نے.... آپ اس دن جاتے ہوئے اسے میرے لیے چھوڑ گئی تھی نا؟ میں نے آپ کی مدد کی تھی... شکریہ کے لیے... تو بس میں نے لگا لی اب یہاں... پہلے مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہاں لگاؤ...

ایبل اس کا چہرا دیکھ رہی تھی.... اس نے کتنا کچھ خود سے ہی ازیوم کر رکھا ہے...

میں نے اپنا پوٹریٹ بھی لگایا ہے روم میں جو تم نے بنایا تھا....

وہ اس کی باتیں سن رہی تھی... وہ اسے مختلف چیزوں کا بتانے لگا تھا اب...

وہ یونہی کرتا جب کوئی بات نا ہوتی تو کوئی بھی نئی بات نکال لیتا اور پھر گھنٹوں اس سے باتیں کرتا رہتا...

www.novelsclubb.com

کبھی اسے اپنے بچپن کی کوئی شرارت یاد آجاتی... کبھی وہ کوئی اپنا مشہور قصہ سناتا... کبھی وہ اسے لڑکیوں کے دیوانے پن کی باتیں بتاتا کے لڑکیاں کتنی پاگل تھی اس کے لیے ...

...وہ گھر جا رہی تھی جب دامیر نے اسے روکا

!ایبل

...ایبل نے مڑ کر اسے دیکھا

جی؟

آپ کل مجھ سے ملیں گی؟

..کیوں؟ کل تو آف ہے نا؟

www.novelsclubb.com

...ہاں....پرسوں آپ کی ٔ بانو بیگم آئیں گی

......تو شاید ہم مل نا پائیں

....ٹھیک ہے میں آجاونگی

....یہاں نہیں ایبل

پھر کہاں؟

Richmond river!

www.novelsclubb.com

.....وہ جیسے خاموش ہو گی کچھ لمحوں کے لیے

....ٹھیک ہے میں آجاونگی وہاں...وہ جا چکی تھی....دامیر اب بھی وہی کھڑا تھا

.....................................................................

........

...وہ اگلی صبح بیدار ہوئی...آج اسے کچھ عجیب لگ رہا تھا

....بہت عجیب احساس لیکن وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی

وہ کچن کی طرف آئی اس نے کافی بنائی اور کیک لے کر ہال میں بیٹھ گی...اسے پھر

....وہی عجیب سا احساس ہوا

www.novelsclubb.com

.....اس نے آس پاس دیکھا...اسے ایسے لگ رہا تھا جیسے کوئی اسے گھور رہا ہے

....اس کا فون بجا....یہ دامیر تھا...اس نے کال لے لی

!... ہیلو

ہیلو....ایبل کو جیسے اس خوف سے چھٹکارہ ملا کچھ دیر کے لیے...اس کے چہرے پر
...ایک انجان مسکراہٹ تھی... جس سے وہ خود لاعلم تھی

....میں آپ کے لیے ڈرائیور بھیجنا چاہتا ہوں...آپ میری گاڑی میں آئیں گی

... لیکن میں خود بھی آسکتی ہوں

www.novelsclubb.com

....میں جانتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں آپ میری یہ بات مان لیں

اوکے.... کب آنا ہے؟

...ٹھیک تین گھنٹے بعد میرا ڈرائیور آپ کے فلیٹس کے سامنے ہو گا

....اوکے... سی یو

....کال ختم ہو چکی تھی....وہ کمرے میں آئی اور کپڑے منتخب کرنے لگی

اس نے ایک بلیک اور ریڈ کومبینیشن کا فراک نکالا... جس کا دوپٹا لال تھا اور باقی فراک بلیک تھی...اس نے اپنی جویلری میں سے ڈائمنڈ ٹاپس نکالے جو اس نے ...ابھی تک نہیں پہنے تھے

وہ فراک پہن چکی تھی.اس کا دوپٹا بیڈ پر تھا...وہ بہت سادہ فراک تھا.. مگر اس کے گلے اور بازوں پر ہلکا سا گولڈن ڈیزائن تھا.جو اس فراک کی شان اور نفاست بڑھا رہا تھا.

www.novelsclubb.com

وہ اب ٹاپس پہن رہی تھی... اس نے جولیری کے نام پر ایک گھڑی اور ٹاپس پہن رکھے تھے... اس نے اتنے عرصہ میں پہلی بار اپنا میک آپ باکس یوز کیا جس میں سے اس نے ہلکا سا بلشن آن لگایا. اور بہت لائٹ کلر لپ اسٹک اس نے آنکھوں میں مسکارا لگانے کا سوچا اور پھر اسے خود ہی احساس ہوا کے وہ اتنا تیار کس لیے ہو رہی ہے ؟

اس نے اپنے گالوں پر لگا بلش ہلکا کیا.. اور لپ کلر پہلے ہی بہت لائٹ تھا... اس نے بال برش کیے اور کھلے چھوڑ دیے... وہ اتنی سی تیاری میں بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی... اس نے بلیک لائٹ ہیلز پہنے اور وہ تیار تھی... اس نے بلیک شال اپنے ... ارد گرد لپیٹی اور کلچ میں موبائل رکھا... اب وہ فلیٹ لاک کر رہی تھی

www.novelsclubb.com

اس نے اتنا میک اپ نہیں کیا تھا مگر پھر بھی اس کا چہرا بار بار سرخ ہو رہا تھا... وہ اپنا ہاتھ گالوں پر لگاتی اور اس کیفیت کو سمجھنے کی کوشش کرتی... وہ لفٹ سے باہر

آئی... لفٹ سے باہر نکلتے ہی ایک دیوار پر بڑا سا شیشہ تھا.. جیسے کسی نے پوری دیوار ....ہی شیشے کی بنائی ہو...اس نے خود کو شیشہ میں دیکھا...اور پھر وہ آگے بڑھ گئ

...مائک اس کا ویٹ کر رہا تھا...اسے دیکھتے ہی مسکرایا

....وہ بھی مسکرادی..اب وہ ریچمونڈ کی طرف بڑھ رہے تھے

تقریباًایک گھنٹے بعد وہ اسے وہاں پہنچا چکا تھا...وہ کار سے اتری یہ وہی جگہ تھی جہاں وہ اس دن بے ہوش ہو کر گری تھی...اور جس جگہ کو وہ جنگل سمجھ رہی تھی وہ ایک بہت بڑا درختوں سے بھرا باغ تھا..اور دوسری طرف دریا کا حسین منظر دریا کا کنارہ سحر کر دینے والا منظر...وہ اسی خوبصورتی میں کھوئی ہوئی تھی کے کسی ....نے اسے آواز دی

....ایبل

..اس نے مڑ کر دیکھا... وہاں دامیر کھڑا تھا

اس نے بلیک پینٹ شرٹ اور بلیک ہی ٹائی لگا رکھی. اس پر اس نے بلیک کوٹ پہن رکھا تھا.... اس کے ماتھے پر گرتے بال اس کی وجاہت اس کی مسکراہٹ اس کی .... شخصیت سب کچھ ہی تو بہت عالی شان تھا

...ایبل جیسے اس کی اتنی حسین شخصیت میں کھو گی تھی

دامیر نے ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے تھے. وہ کھڑا ایبل کو دیکھ رہا تھا... یا شاید وہ بھی کھو گیا تھا؟

www.novelsclubb.com

جی سر...؟

...دامیر آگے بڑھا.... اور ایبل کے سامنے اپنا ہاتھ بڑھایا

...آؤ

ایبل کچھ دیر اسے پھر اس کے پھیلے ہوئے ہاتھ کو دیکھتی رہی... پھر اس نے اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ رکھ دیا... دامیر مسکرایا...

اور وہ اس کا ہاتھ پکڑے اب آگے بڑھ رہا تھا... نا ایبل نے سوال کیا کہ وہ اسے کہاں لے جا رہا ہے... نا اس نے بتایا...

وہ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے اگے بڑھ رہے تھے...

دامیر رکا ایبل بھی اس کے ساتھ رکی... دامیر نے ایبل کی طرف دیکھا اور سامنے کی طرف اشارہ کیا.......

ایبل نے اس جانب دیکھا اور دیکھتی ہی رہ گئی....

www.novelsclubb.com

وہاں مٹی پر ایک ٹیبل اور دو کرسیاں موجود تھی...اور...سامنے دریا کا ٹھہرتا پانی تھا...

سر یہ؟

کم آن آج میں سر نہیں ہوں آپ کا...کال می دامیر...

اوکے سر...

دامیر نے اسے افسوس سے دیکھا...اور پھر وہ دونوں مسکرا دیے...

چلو آؤ وہاں بیٹھتے ہیں...وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھ گے...دونوں کچھ بول نہیں رہے تھے....

www.novelsclubb.com

اتنے میں ایک ویٹر آیا اور کھانا سرو کرنے لگا... وہ دونوں کھانے میں مصروف تھے... اور ادھر ادھر کی باتیں کرتے رہے... کھانے کے بعد وہ دونوں پھر خاموش تھے دامیر نے پہل کی... اور بولنے لگا....

وہاں اب رات ہونے کو تھی.....

کچھ دیر خاموشی رہی ان دونوں کے درمیان پھر دامیر نے ہوا میں ہاتھ اٹھا کر چٹکی بجائی....

www.novelsclubb.com

دیکھتے ہی دیکھتے ان کے آس پاس ہر شے روشن ہونے لگی...

ایبل ایک دم سے جل اٹھنے والے درختوں کو دیکھتی رہ گئ....

دامیر نے ایک اور چٹکی بجائی...

اب ان کے ٹیبل کے ارد گرد ایک دائرہ روشن ہوا..ایبل نے حیران ہو کر اپنے ٹیبل کے ارد گرد بنے ان قمقموں کے دائرہ کو دیکھا...

اور پھر آخری چٹکی بجی اور ان کی ٹیبل روشن ہو چکی تھی...

پیلی روشنی نے جیسے دریا کے اس کنارے کو اپنی روشنی سے مزید حسین اور پر کشش بنا دیا تھا....

ٹیبل پر موجود روشنی ان دونوں کے چہرے واضح کرنے لگی....

دامیر نے ایبل کو مسکرا کر دیکھا اور بولنے لگا....

www.novelsclubb.com

میں نہیں جانتا ایبل میں کیا بولنے والا ہوں....نا میں یہ جانتا ہوں کے تم کس طرح ری ایکٹ کرو گی...

لیکن میرے دل نے مجھے تم سے یہ سب کہنے پر مجبور کیا ہے...اور اس سے پہلے کے بہت دیر ہو جائے میں چاہتا ہوں تم میری زندگی کے اس سچ کو سنو...

ایبل خاموش سی بیٹھی اس کو سنتی رہی....

میں نہیں جانتا یہ کب لیکن میرے ساتھ یہ ہو گیا ہے.. میں ہمیشہ سے ہر لڑکی سے بہت دوستانہ رویہ رکھتا ہوں... سب سے بہت جلدی فری بھی ہو جاتا ہوں.. لیکن میں نے آج تک کسی لڑکی کے لیے ایسا محسوس نہیں کیا جو میں تمہارے لیے کرتا ہوں ......

یہ کب ہوا میں نہیں جانتا... شاید جب تم نے پہلی بار مجھ سے کہا تھا کے تمہیں بھوک لگی ہے تب...ایبل نے دامیر کو غور سے دیکھا.. یا شاید جب تم نے سینڈ وچ کا چوتھا پیس اٹھایا تھا...یا پھر جب تم نے میری کافی میں سے نقص نکالا تھا...یا پھر جب تم میرے لیے پینٹنگ چھوڑ گئی تھی...

..یا ہو سکتا ہے جب میں نے تمہیں پرنسپل آفس میں دیکھا

یا جب تمہیں ریسٹورینٹ میں دیکھا...یا جب تمہیں اپنی پینٹنگ کرتے دیکھا..

بھاگتے دیکھا صرف میری پینٹنگ بنانے کے لیے...جب تمہیں روتے دیکھا...

تمہیں ہنستے دیکھا...رنگوں سے لڑتے دیکھا میری بنائی ہوئی ٹھنڈی کافی پیتے....نا

...جانے کتنے ایسے پل ہیں

.....لیکن آج میں تم سے کہنا چاہتا ہوں

www.novelsclubb.com

I'm in love with every moment I spend with you. You give me the kind of feelings

people write novels about. When my eyes meet yours I get this overwhelming emotion I can’t put into words.

I didn’t choose you, my heart did. You never fail to amaze me. Everyday there is something new that makes me love you even more than the day before. Your paintings, your thoughts, your talent, your fears, your tears, your innocence and what not?

www.novelsclubb.com

I want to tell you that : I am in love with your smile, your voice, your body, your laugh, your eyes. But most of all, I am in love with you.

Yes! I love you  Aybal!

......میں تم سے محبت کرتا ہوں

ایک طویل خاموشی تھی جو وہاں تھی... دامیر اپنی کرسی سے اٹھا اور ایبل کے قدموں میں گھٹنے کے بل بیٹھ گیا...

....ایبل اب بھی ساکت سی بیٹھی یہ سب دیکھ رہی تھی

دامیر نے ایک باکس ہاتھ میں پکڑ رکھا تھا...اس نے اسے کھولا اور ایبل کے سامنے ...کر دیا

میں تم سے وعدہ کرتا ہوں تمہیں کبھی بھی مجھ سے کوئی شکایت نا ہو گی... تمہارے خواب میرے ہیں اب....میں تمہاری خوشی کے لیے کچھ بھی کر جاؤنگا لیکن تمہارا ....ساتھ کبھی نہیں چھوڑونگا

میں تم سے محبت کرتا ہوں اور کرتا رہونگا....میں تمہارے ساتھ اپنی پوری زندگی گزارنا چاہتا ہوں....میں تمہیں ہر خوشی دینا چاہتا ہوں... کیا تم میرا ساتھ دو گی؟

www.novelsclubb.com

وہ اس کے قدموں میں انگوٹھی پکڑے بیٹھا تھا...اس کا دل زور سے دھڑک رہا .....تھا

ہاں.......ایبل کی آنکھوں میں آنسو تھے.اس نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا...دامیر کو جیسے یقین نا آیا تھا. لیکن اس کا ہاتھ آگے دیکھ کر وہ جیسے اس بات پر یقین کر رہا تھا.. کے یہ حقیقت ہے.

...اس نے نازک سی وہ ڈائمنڈ رنگ اس کے ہاتھ میں پہنا دی

ایبل نے بھی کرسی چھوڑ دی...وہ دونوں ایک دوسرے کے سامنے کھڑے تھے...دامیر نے اب بھی ایبل کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا..اس نے موبائل نکالا اور تصویر بنائی....ایبل مسکرا دی...

www.novelsclubb.com

...ایبل مجھے اب بھی یقین نہیں آ رہا

....مجھے بھی....آپ یہ سب کرنے والے ہو میں نہیں جانتی تھی

. ...ایک اور بھی سرپرائز ہے

..اب بھی ہے؟ وہ حیران ہوئی

...ہاں سامنے دیکھو...ایبل نے سامنے دیکھا

ایک چیز پر کوئی سفید چادر ڈالی گی تھی...ایبل نے پاس جا کر اسے ہٹا دیا...اچانک دریا میں کچھ روشن ہوا۔ وہ ابھی اس چیز کو دیکھ بھی نہی پائی تھی..کے اس کی ساری توجہ دریا میں روشن ہونے والی اس کشتی نے کھینچ لی...جو پیلی قمقموں اور پھولوں سے سجی تھی...اس نے دامیر کو دیکھا وہ مسکرا رہا تھا....اب وہ اس کے پاس آ رہا تھا...

دامیر نے ایبل کو کندھوں سے تھاما اور اس کا رخ اس چیز کی طرف کر دیا جسے وہ دیکھ نا پائی تھی....

وہ ایبل کی پینٹنگ تھی...ایبل پھٹی آنکھوں سے اپنی پینٹنگ کو دیکھ رہی تھی....

اس پینٹنگ میں ایبل کا چہرا مسکرا رہا تھا...اس کے ہاتھ اور چہرے پر رنگ لگے تھے....ایبل نے دامیر کو دیکھا

سوری میں نے تمہاری کچھ پکز لی تھی چھپ کر...بہت محنت سے ایک آرٹسٹ سے یہ پینٹنگ بنوائی ہے....

ایبل کچھ بول نا سکی اس کی آنکھیں پھر سے بھیگ گئ...دامیر نے اس کا ہاتھ پکڑا اور کشتی کی طرف لے آیا...

ایبل کو یہ سب خواب لگ رہا تھا...جس کے ٹوٹ جانے سے اسے خوف محسوس ہو رہا تھا....

وہ دونوں اب کشتی میں بیٹھے اس جگہ سے دور ہو رہے تھے....

...دامیر نے ایبل کے ساتھ اپنی ایک تصویر بنائی جو انکی ساتھ پہلی تصویر تھی

کچھ دیر بعد وہ واپس کنارے پر آ رہے تھے. دونوں بہت خوش تھے... سامنے ...ویٹرز کھڑے تھے... دامیر کے ہاتھ میں ایبل کا ہاتھ تھا

!کونگریچولیشنز سر اینڈ میم

...تھینک یو.... دونوں نے ساتھ کہا

www.novelsclubb.com

...دامیر اب اپنی گاڑی کی طرف بڑھ رہا تھا.... ایبل اس کے ساتھ تھی

...سو اب سے آپ میری منگیتر ہیں

...ایبل مسکرائی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

...میں نے تصویریں بنائی ہیں اور بھی...ماں بابا کو بھیجنے کے لیے

....وہ بہت خوش تھا...وہ بھی خوش تھی

....تم بہت اچھی لگ رہی ہو ایبل

....تھینک یو....آپ بھی بہت اچھے لگ رہے ہیں

...میں تو ہوں ہی اچھا....ایبل مسکرائی

اس میں کوئی شک نہی آپ واقعی بہت اچھے ہیں....اور آج کا دن میری زندگی کا

....سب سے یادگار اور خوبصورت دن ہے

www.novelsclubb.com

دامیر میں چاہتی ہو...ہم پاکستان جائیں تو آپ اپنے پیرنٹس کو ہمارے گھر بھیج

....دیں

...ہاں ضرور

مجھے اپنے کزن کے بارے میں معلوم نہی وہ کیا کریں گے... لیکن میں آپ کے

ساتھ اپنی زندگی گزارنا چاہتی ہو....

میں آپ کو یقین دلاتا ہو.. ایسے ہی ہو گا...

وہ گاڑی کے پاس آے مائک نے ان دونوں کو مسکراتے اور ایک دوسرے کا ہاتھ

پکڑے دیکھا...

کونگریچولیشنز سر اینڈ میم! وہ مسکرایا...

وہ بھی مسکراے...

اب انکی گاڑی تیزی سے آگے بڑھ رہی تھی.....

www.novelsclubb.com

دامیر نے ایبل کو ڈراپ کیا اور اپنے اپارٹمنٹ اگیا.....

وہ کافی دیر تک بیٹھا رہا پھر اس نے موبائل نکال کر اپنی اور ایبل کی تصویریں دیکھی...اور پھر نا جانے کب تک دیکھتا رہا....

اس نے اپنا سٹیٹس اپ ڈیٹ کیا...اور انگیج کا سٹیٹس اپ ڈیٹ کر دیا....اس کے بعد کومنٹس کا طوفان بد تمیزی شروع ہو گیا....اور اس کے بعد اس نے سٹیٹس ایبل کو شیر کیا...

ایبل نے ہارٹ کامنٹ کیا اور پھر دونوں کو اپنا انٹرنیٹ آف کرنا پڑا....

دامیر نے ایبل کو کال کی ایبل اور بہت دیر تک باتیں کرتے رہے....

www.novelsclubb.com

اگلے روز دامیر نے جب اپنا سیل فون چیک کیا...تو ماہر وشہ کی نا جانے کتنی کالز اور میسیجز تھے جو دیکھ کر وہ بہت حیران ہوا...

دامیر نے اسے کال کی پہلی بیل پر ہی کال اٹھالی گی تھی...

ہیلو دا امیر ؟

!ہاں ماہروشہ میں نے کال کی ہے تو میں ہی ہو نگا نا

اتنی کالز کی ٔہیں تم نے کل سے بندہ سو رہا ہوتا ہے...انسان تھوڑا ویٹ کر لیتا ہے

.....مبارک باد بعد میں بھی دی جاسکتی ہے

...ماہروشہ کو اس کی بات پر بہت غصہ آیا

....میں نے مبارک باد دینے کو کال نہیں کی ہے

پھر کس لیے کی ہے؟

تم نے انگیجمنٹ کر لی؟

www.novelsclubb.com

....ہاں کل ہی

کون ہے وہ جس نے تمہیں پھسالیا ہے ؟

شٹ اپ ماہر وشہ میں اس سے محبت کرتا ہوں اس کے لیے ایسے الفاظ استعمال نا کرو....

تمہیں میرا خیال نہی آیا؟ میں تم سے محبت کرتی ہو.

تم نے کبھی مجھ سے کہا؟

نہیں.. وہ خاموش ہوئی....

میں نے تمہیں کہا کبھی؟

نہیں....

تو پھر؟ تم جانتی ہو تم میرے لیے صرف ایک دوست ہو... میں تمہارے لیے ایسا کچھ بھی فیل نہیں کرتا... اگر تم کرتی ہو... تو آئی ایم سوری... لیکن میں کچھ نہیں کر سکتا...

www.novelsclubb.com

تم اس سے پیار کرتے ہو؟

...وہ کچھ دیر خاموش رہا پھر بولا

....بہت زیادہ

....کونگریچولیشنز!اور فون بند کر دیا گیا تھا

.....وہ موبائل دیکھتا رہا پھر اس نے میسیج ٹائپ کیا

....گڈ مارننگ مائی لو...اور ایبل کو بھیج دیا

www.novelsclubb.com

...........................................................................

.......

...اس نے دامیر کا میسج دیکھا اور ریپلائی کیا

...آج بانو بیگم آ رہی تھی

ایبل اپنا سامان پیک کر رہی تھی اسے آج فلیٹ چھوڑ کر بانو بیگم کے پاس جا کر رہنا تھا....

...تب ہی ڈور بیل بجی.....ایبل نے دروازہ کھولا سامنے ایلہ تھی

...ایبل اس سے گلے ملی...وہ اس کی ہیلپ کرنے آئی تھی پیکینگ میں

www.novelsclubb.com

...اوہ ایبل تم چلی جاو گی اب...مجھے تمہاری بہت یاد آئے گی

...مجھے بھی

....چلو آو پیکنگ کرتے ہیں

تم کچھ لو گی؟

....ہاں آج بارش ہو رہی ہے بہت ٹھنڈ بڑھ رہی ہے...کافی پیتے ہیں

...ایبل کافی بنا کر لائی...اس نے ایک کپ کافی ایلہ کی طرف بڑھایا

....ایلہ نے کافی پکڑی اور ساتھ ہی ایبل کا ہاتھ بھی

www.novelsclubb.com

ایبل.....یہ کیا ہے؟

. ..رنگ ہے اور کیا ہے....ایبل نے ہاتھ چھڑا لیا

شازل نے پہنائی ہے ؟

... نہیں ....ایبل کا جیسے موڈ خراب ہوا

پھر ؟

....دامیر نے........ایلہ کی آنکھیں حیرت سے کھلی رہ گئ

........

**/////////***********/////**********

Episode no. 14

#Khuwab_or_Mohobat ♥

www.novelsclubb.com

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

...دامیر نے؟ کیا اس نے تمہیں پرو پوز کیا ہے ؟

....ہاں

... کب ؟اسے اب بھی یقین نا آیا

....کل

.... تم نے ہاں بھی بھی بول دیا

....ہاں

یو لو ہیم ؟

....آئی تھینک سو

www.novelsclubb.com

.... واٹ تم نے اس کے نام کی رنگ پہن رکھی ہے ایبل

وہ مجھ سے محبت کرتا ہے...اس نے مجھے کل ہی پرو پوز کیا ہے..... تم نہیں جانتی

....یارا اگر بتاؤ تو تمہیں کوئی خواب لگے گا

بتاؤنا یار...مجھے یقین نہیں آرہا ہے.. تم نے مجھے کچھ بتایا بھی نہیں اور بات محبت تک پہنچ چکی ہے....

میں خود نہیں جانتی تھی...وہ کل پرو پوز کرنے والا تھا یہ بھی میں نہیں جانتی تھی....

اچھا...

اب وہ دونوں پیکینگ کرتی باتیں کررہی تھی...ایبل اسے کل کے بارے میں بتارہی تھی....اور ایلہ کی خوشی اور حیرانی میں اضافہ ہورہا تھا....

ایبل یور سو لکی....

www.novelsclubb.com

ایبل مسکرائی....

اب تم بانو بیگم اور شازل کو کیا کہو گی....

وہ کونو کیشن پر آئیں گے...میں بانو بیگم سے ان کو ملوانگی.....

....اب دیکھو کیا ہوتا ہے

وہ پیکینگ کر چکی تھیں...ڈور بیل بجی ایبل نے گیٹ کھولا سامنے ڈرایور اس کا سامان لینے آیا تھا...جب وہ ساری چیزیں لے جا چکا تو ایبل نے اسے اپنی پینٹنگ کو ....بہت احتیاط سے پکڑایا...اور اسے اس کو احتیاط سے لے جانے کو کہا

....دیکھ کر اسے نقصان نا پہنچے

اوکے میم....وہ چلا گیا ایبل اور ایلہ بھی باہر اگی...اب وہ دونوں گاڑی میں موجود تھی ....

www.novelsclubb.com

...ایک گھنٹے بعد وہ دونوں گھر پر موجود تھی

ایبل بانو بیگم سے گلے ملی...ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ وہ ایبل کو دو سال بعد ...دیکھ رہی تھی

....ایبل نے ایلہ کا تعارف کروایا اور ان کے ساتھ بیٹھ گی

کچھ دیر بعد سرونٹ کچھ سنیکس اور ڈرنکس لے کر حاضر ہوا اور ایلہ کو سنیکس سرو کرتے ہوئے وہ کچھ چونکا....

ایلہ ایبل کے ساتھ اس کے کمرے میں آگئی ایبل کو بانو بیگم نے اپنا سارا سامان پیک کرنے سے منع کر دیا تھا...

...وہ کچھ دیر باتیں کرتی رہی اور پھر ایلہ چلی گی

.....ایبل بانو بیگم کے پاس آگی

www.novelsclubb.com

....................................

....................................

آج وہ بہت خوش تھی.... آج اسے ڈگری ملنی تھی... وہ ڈسٹنکشن کے ساتھ پاس ہوئی تھی بانو بیگم اور دامیر دونوں وہاں موجود تھے...

وہ لائن میں موجود تھی.... کچھ دیر بعد اس کا نام پکارا گیا.

وہ سٹیج پر آگے بڑھی اور دامیر اور بانو بیگم کو مسکرا کر دیکھا... اسے میڈل پہنایا جا رہا تھا... اب اسے ڈگری دی جا رہی تھی.... اس نے تصویر بنائی اور نیچے اتر گئی.... دامیر نے بھی اس کی تصویر بنائی... وہ بانو بیگم سے کچھ فاصلہ پر تھا...

ان کے پورے بیچ کی گروپ فوٹو بنائی گی... اور پھر وہ اسیمبلی ہال سے باہر آئے اور سب نے اپنی ہیٹس ہوا میں اچھالے....

www.novelsclubb.com

اب وہ دامیر کے ساتھ تصویر بنا رہی تھی... ان دونوں کو ساتھ دیکھ کر اس کے اکثر کلاس فیلوز کچھ باتیں کر رہے تھے...

..اور لڑکیاں دامیر کو دیکھ کر ایبل کو لکی ہونے کا خطاب دے رہی تھی

.... دامیر مجھے آپ سے کسی کو ملوانا ہے

کس سے ؟

. ... بانو بیگم سے

اوہ ریئلی ؟

ہاں آپ میرے ساتھ آئیں وہ بانو بیگم کو باہر لائی پہلے اس نے ان کے ساتھ تصویر

...بنائی اور پھر دامیر کا تعارف کروایا

www.novelsclubb.com

... بانو بیگم ...ان سے ملیں .. یہ میرے فرنڈ اور باس ہیں

... بانو بیگم نے دامیر کو غور سے دیکھا

باس ؟

...جی میں ان کے ساتھ کام کر رہی ہوں...اس نے مختصراً تفصیل بتائی

شازل جانتے ہیں؟

...جی....اس نے اداسی سے کہا

بانو یہ صرف میرے باس نہیں ہیں...میرے فیانسی بھی ہیں...ہم دونوں ایک دوسرے کو لائک کرتے ہیں....اور میں ان کا پروپوزل بھی ایکسیپٹ کر چکی ہوں....

...ہائی میم! دامیر نے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کیا

www.novelsclubb.com

ہائی...دامیر خوش شکل تھا.انہوں نے فل حال کسی رد عمل کا مظاہرہ نا کیا کیوں کے ...یہ جگہ مناسب نا تھی

میم اف یو ڈانٹ مائنڈ ہم لنچ ساتھ کر سکتے ہیں... میں ایبل کے اس دن کو یادگار بنانا

...چاہتا ہوں

آپ مجھ پر ٹرسٹ کر سکتی ہیں... میں نے ایبل کو پروپوز کیا ہے اور میں ان کو ہمیشہ

....خوش رکھونگا...آپ ایک بار مجھ پر ٹرسٹ کر کے دیکھیں

...پلیز بانو...ایبل بھی بول اٹھی

آپ دونوں ہمارے ساتھ آئیں ہم آپ دونوں سے بات کرنا چاہتے ہیں... وہ رکی

اور دامیر سے بولیں آپ لنچ کا کہہ رہے تھے...؟

....وہی بات بھی کر لیں گے

www.novelsclubb.com

....دامیر اور ایبل ان کے ساتھ چل دیے

........................................................................

..

بانو بیگم نے دامیر سے سوالات شروع کردے. جیسے وہ واقعی ہی ایبل کے رشتہ کی

....چھان بین کر رہی ہو

....سب کچھ جاننے کے بعد انہوں نے ایبل کو دیکھا

آپ جانتی ہیں انہیں؟

...بہت عجیب سوال تھا دامیر اور ایبل نے ایک دوسرے کو دیکھا

...جی بانو جانتی ہوں

کب سے؟

www.novelsclubb.com

....ڈھائی مہینے سے

....اتنا وقت کافی ہوتا ہے؟ کسی کو جاننے کے لیے یا کسی سے محبت کرنے کے لئے

WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کچھ نا بولی اس کا سر جھک گیا...دامیر اس طرح سے اس کو اداس ہوتے دیکھ نا سکا ..فوراً بولا

بانو بیگم... محبت کے لیے تو ایک لمحہ بھی کافی ہوتا ہے...اور رہی بات جان پہچان کی تو ابھی پوری زندگی پڑی ہے...اور میں اپنے پیرنٹس کو آپ کے گھر لانا چاہتا ہوں...

...ضرور ہم مہمان نوازی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گے

لیکن ایبل کیا آپ نے انہیں بتایا نہیں ہے کے آپ بچپن سے ہی کسی کی منگیتر ہیں؟

www.novelsclubb.com

..ایبل نے دامیر کو دیکھا

بانو بیگم ہم شازل بھائی سے شادی نہیں کرنا چاہتے ہیں... آپ ہمیں فورس نا کریں...

وہ آپ سے محبت کرتے ہیں...

ہم نہیں کرتے ان سے محبت آپ دونوں کیوں ہمیں آزمائش میں ڈال رہے ہیں... انکو میرے خواب تک پسند نہیں ہیں... وہ نہیں چاہتے کے میں اپنا نام بناؤ...

تو اس سب میں غلط کیا ہے؟ آپ کو کیا ضرورت ہے کچھ بھی کرنے کی اتنی بڑی حویلی ہے اتنا بڑا بزنس ہے وہ سب آپ کا ہے... آپ کو کیا ضرورت فضول پینٹنگز بنا کر ان کی نمائش کروانے کی؟

دامیر کو ان کی باتیں عجیب لگی ان کا لہجہ بہت سخت تھا...

...میں آپ کو بتا چکی ہوں. اور آپ کو میری بات ماننی ہو گی

...ایبل ٹھیک کہہ رہی ہے... آپ اسکی بات مان لیں

ہم نے آپ کی رائے نہیں مانگی! آپ خوبصورت نوجوان ہیں.. اور آپ دونوں کو ایک دوسرے سے کوئی محبت نہیں ہے.. یہ صرف وقتی جزبات ہیں... آپ

....دونوں کے لیے بہتر ہے آپ دونوں ایک دوسرے سے دور رہے

.. ..یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟ دامیران کو کھڑا ہوتے دیکھ جھٹ سے کھڑا ہوا

www.novelsclubb.com

....ہمیں آپ اچھے لگے ہیں.. آپ کو کارڈ ملے گا ایبل کی شادی کا ضرور آیے گا

آپ اپنے پیرنٹس کو لا رہے ہیں باقی باتیں اس دن کر لیں گے ہم..اور ہم ایبل کی طرف سے آپ سے مافی مانگتے ہیں یہ تو بچی ہے. کچھ سمجھتی نہیں ہیں...اپنا اچھا برا کہا پتا ہے انہیں....

ایبل...دامیر نے ایبل کا ہاتھ پکڑ لیا

یہ سب کیا ہے...ایبل کی آنکھوں سے آنسو گرنے کو تھے...

میں آپ کا انتظار کرونگی....دامیر ہمیشہ میں شازل سے شادی نہیں کرونگی...اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے...

میں ضرور آونگا...تم انتظار کرنا...

بانو بیگم نے پلٹ کر ان دونوں کو دیکھا...

ایبل چلیں؟

ایبل ان کے ساتھ چل دی. بانو بیگم پھر رکی اور بولی...

www.novelsclubb.com

دامیر آپ انتظار کریں..انکاریزائین بھی آپ کو مل جائے گا..یہ اب آپ کے ساتھ کام نہیں کریں گی...

دامیر مسکرایااور بولا...

ٹھیک ہے بانو بیگم مجھے بھی دامیر داؤد شاہ کہتے ہیں...آپ اپنے ہاتھوں سے ایک دن ایبل کا میرے ہاتھ میں دیں گی...اور ایبل کو میرے ساتھ رخصت کریں گی....یہ دامیر داؤد شاہ کا وعدہ ہے.آپ سے...

دیکھتے ہیں! وہ وہاں سے جا چکی تھیں....

www.novelsclubb.com

.....................................................................

..

وہ گھر آئی تو بانو بیگم کا موڈ بہت خراب تھا...

اس لڑکے کو پسند کیا ہے آپ نے ؟شازل کو ٹھکرا کر ؟

میں ان کو ٹھکرا نہیں رہی ہوں ... میں ان سے شادی تب بھی نا کرتی اگر دامیر نا ہوتا ....

آپ اتنی بڑی ہو گی ہیں ؟آپ ہم سے زبان چلائیں گی ؟

.... ہم ٹکٹس بک کروا رہیں ہیں ... اپنا سامان سمیٹ لے آپ

اتنی جلدی ؟

... ہاں ... لیکن کل پارٹی ہے ہم سب فرینڈز ساتھ ہونگے

www.novelsclubb.com

.... آپ کو ضرورت نہیں ہے کسی پارٹی میں جانے کی

.... ہم کل کی ہی ٹکٹس کا کہتے ہیں

کچھ دیر بعد بانو بیگم کے مینجر نے انہیں بتایا کے موسم کی خرابی کی وجہ سے تین دن تک کوئی فلائیٹ اویلیبل نہی ہے....

ایبل کو کچھ سکون ہوا...

وہ اگلے دن پارٹی کا کہہ کر..دامیر سے ملنے چلی گی....

دامیر نے اسے بتایا کے وہ بھی ان کے ساتھ ہی پاکستان جائے گا....

سچ ؟...ایبل کو یقین نا آیا...

ہاں...دامیر اسے خوش دیکھ کر خوش ہوا...

ایک گفٹ لایا ہوں تمہارے لیے....

www.novelsclubb.com

کیا گفٹ ایبل کچھ ایکسائیٹڈ ہوئی....

دامیر نے جیب میں ہاتھ ڈالا اور ایک ٹشو پیپر کا پیک اسے دیا ...

...یہ کیا؟وہ کچھ سمجھی نہیں

..دومنٹ بعد رونے لگتی ہو....اس لیے سوچا یہ گفٹ بیسٹ ہے

....وہاٹ...اس نے دامیر کو مارنے کے لیے ہاتھ اٹھایااور وہ بھاگ گیا

...وہ دونوں ایک دوسرے کے اگے پیچھے بھاگ رہے تھے

...ایبل رک گئ...اور بیٹھ گی...اس کا سانس پھول رہا تھا

...دامیر اس کے پاس آیا

...بہت برے ہو تم...ایبل نے اسے دیکھ کر کہا

www.novelsclubb.com

....لیکن تم بہت اچھی ہو...اور وہ دونوں مسکرا دیے

......................................................................

..

...وہ ایرپورٹ پر اس کا انتظار کر رہی تھی

....وہ کہی نہیں تھا...وہ اسے بار بار مسیج کر رہی تھی

ایبل اپنا سیل آف کر دے یا اسے رکھ دیں... کب سے آپ اس میں ٹک ٹک کر رہی ہیں...

..جی بانو بیگم...اس نے آخری میسج بھیجا

...... دامیر آناونسمنٹ ہو گی ہے کہاہو تم

اسی وقت سیل بجا بانو بیگم نے ایبل کو دیکھا اس نے مسکراتے ہوے ان کو دیکھا اور ...پھر جلدی سے میسیج چیک کیا

! آگیا

....اسی وقت وہ داخل ہوا

www.novelsclubb.com

....ایبل کو کچھ سکون ہوا

....وہ انکے پاس آیا..... سوری میں لیٹ ہو گیا

آپ یہاں کیسے ؟اوہ الوداع کہنے آئیں ہے ؟

... نہیں عزت ماب آپ کے ساتھ جاونگا.... دامیر نے مسکرا کہا

کس لیے ؟

میں بھی پاکستان جارہاہوں...اور آپ کے ساتھ میرے دل کا ٹکڑا جارہاہے.. میں یہاں مر گیاتو؟

....ایبل کو اس کی باتوں پر ہنسی آرہی تھی...اور بانو بیگم کو تاؤ

www.novelsclubb.com

آپ کیوں مسکرارہی ہیں ایبل....ایبل ایک دم خاموش ہوئی اس کی ہنسی بھی غائب ہو گی....

...تب ہی آناونسمنٹ ہوئی اور وہ لوگ اندر چلے گے

...جہاز میں بانو بیگم ایبل کے ساتھ بیٹھی تھی...تب ہی وہاں دامیر آیا

...ایکسکیوز می میم...بانو بیگم نے سر اٹھا کر دامیر کو دیکھا

...یس؟ وہ کافی روڈ تھیں...ایبل بھی کچھ نا سمجھتے ہوے اسے دیکھنے لگی

...آپ غلط سیٹ پر بیٹھی ہیں....بانو بیگم نے ایبل کو دیکھا

آپ نے سیٹ نمبر چیک نہیں کیا تھا..؟

...کیا تھا یہی سیٹ ہے میری....بانو بیگم نے دامیر کو دیکھا اور کہا

...آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے...ہم ٹھیک سیٹ پر بیٹھے ہیں

www.novelsclubb.com

....نانا....ہم نہیں! صرف ایبل ٹھیک بیٹھی ہے...آپ کی سیٹ یہ نہیں ہے

کیا مطلب....؟

....تب ہی وہاں ایک جہاز کے عملے میں سے لڑکی آئی

....مے آئی ہیلپ یو سر؟اس نے مسکراتے ہوئے کہا

یس...اونلی یو کین ہیلپ....یہ میری سیٹ ہے مجھے مل نہیں رہی آپ تلاش کر دیں...

...اس نے ٹکٹ چیک کیا اور بولی

...میم آپ کی سیٹ یہ نہیں ہے...یہ مسٹر دامیر کی سیٹ ہے

..آپ اپنا ٹکٹ چیک کر لیں پلیز...ایبل نے اپنے ٹکٹس نکال کر دیے

www.novelsclubb.com

مس ایبلینا دس از یور سیٹ! اینڈ مس حبیبا بانو یو کم ود می.... سر پلیز ہیو یور سیٹ...اس نے مسکرا کر کہا ...

...وہ ایبل کے ساتھ بیٹھ گیا... بانو بیگم کو اس پر بہت غصہ آرہا تھا

...وہ پیچھے ان سے دو تین سیٹ چھوڑ کر بیٹھی تھی

...دامیر یہ سب کیا ہے؟ایبل اسے گھور رہی تھی

....یہ قدرت ہے...جو ہم دونوں کو ساتھ دیکھنا چاہتی ہے

.....ایبل خاموش ہو گی

.........................................................................

..

www.novelsclubb.com

وہ ایر پورٹ سے باہر آرہے تھے. وہ اسلام آباد انٹر نیشنل ایر پورٹ پر تھے دامیر کو

...ریسیو کرنے اس کے ممی اور ڈیڈی موجود تھے

...جبکہ ایبل لو گو کو ڈرائیور رسیو کرنے آیا تھا

....دامیر اپنے پیرنٹس کو ایبل کے پاس لے آیا

ممی ان سے ملیں یہ ہیں بانو بیگم اور یہ خوبصورت لڑکی آپ کی ہونے والی بہو ہے اور بہت جلد ایک فیمس آرٹسٹ بننے والی ہیں یہ.....

صباء نے دامیر کو آنکھیں نکالی اور بانو بیگم کو سلام کیا اور ایبل کو گلے لگایا....داود شاہ نے بھی دونوں سے سلام کیا....

...اس کے برعکس بانو بیگم نے کوئی جواب نہ دیا

.... حس پر ان دونوں کو کچھ عجیب لگا

...پاپا بانو بیگم کم بولتی...انکو زیادہ بات کرنا پسند نہیں ہے

www.novelsclubb.com

...بانو بیگم نے دامیر کو دیکھا اور بولی

...آپ سے مل کر خوشی ہوئی امید ہے پھر ملاقات ہو گی...اب ہم چلتے ہیں

...جی ضرور.....داود شاہ نے کہا

ملاقات نہیں بانو بیگم رشتہ داری ہو گی...اور ایبل کا خیال رکھیے گا...وہ اس پر ایک سخت نظر ڈال کر آگے بڑھ گئ...

انکل آنٹی سوری بٹ ابھی ہمیں جانا ہے ان کی کچھ طبیت ٹھیک نہیں ہے اس لیے...

...کوئی بات نہیں بیٹا آپ جائیں...صباء نے کہا

...میں نے آپ کا کام دیکھا ہے آپ بہت ٹیلنٹڈ ہیں ماشااللہ

...تھینکس انکل اب میں چلتی ہوں

www.novelsclubb.com

...اوکے بیٹا

...بائے ایبل آئ ول مس یو سو مچ...ایبل نے اسے گھورا اور چلی گی

...داؤد شاہ نے دامیر کو دیکھا اور کہا

....واہ بھائی بڑے رئیس لوگ ہیں یہ تو..آپ کی پسند کی تو داد دینی پڑے گی

...آپ جانتے ہیں انہیں؟دامیر نے حیرت سے کہا

ہاں شازل میر راؤ کی فیملی ہے یہ....اور اس شخص کو کون نہیں جانتا...میری اکثر پارٹیز میں اس سے ملاقات ہوئی ہے...بہت نفیس اور خاندانی لڑکا ہے...اتنی کم عمر میں اس نے بہت نام بنایا ہے....

.دامیر کچھ حیران ہوا

...اچھا اب گھر چلیں کیا بزنس کھول کر بیٹھ گے ہیں آپ

www.novelsclubb.com

اب چھوڑے ماما آپ بتائیں بہو کیسی لگی اپنی....اس نے صباء کے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہا...

...بہت پیاری ہے

اور میں؟

...تمہارا کوئی مقابلہ نہیں ہے اس سے

..ہاں یہ تو شکر کرے اتنی اچھی لڑکی مل رہی ہے اسے....داؤد شاہ بولے

کیا مطلب؟

ارے آپ میرے بیٹے کو کچھ نا کہیں....اور وہ لوگ یوہی ہنستے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گے..

دوسری طرف شازل کا پوچھا گیا...تو معلوم ہوا وہ کسی بزنس میٹنگ پر شہر سے باہر تھے. نہیں آسکے....

www.novelsclubb.com

وہ دو سال بعد اس حویلی میں قدم رکھ رہی تھی...اس حویلی کا کونا کونا اسے خوش آمدید کہہ رہا تھا....

سب کچھ اتنا سجا ہوا کیوں ہے؟اس نے قطار میں کھڑے نوکروں کو سلام کیا اور پوچھا ...

شازل صاحب نے کہا تھا...آپ کے ویلکم میں کوئی کمی نا رہے....

وہ خاموش ہو گی...اس کا چہرا اتر گیا...وہ قدم اٹھا رہی تھی اور اندر داخل ہو رہی تھی....ہر طرف پھول بکھرے تھے اس پر بھی پھول پھینکے گے تھے

www.novelsclubb.com

پلیز یہ سب نا پھینکیں مجھ پر...اس نے چڑ کر کہا...

یہ سب انہوں نے آپ کے ڈگری مکمل ہونے کی خوشی میں کیا ہے...وہ خاموش ہو گی...

....ایبل صوفے پر بیٹھنے لگی تھی. جب بانو بیگم نے اسے روکا

... جلدی اوپر جائیں اور فریش ہو کر چینج کر کے نیچے آئیں

...دو منٹ تو بیٹھنے دیں بانو... میں تھکی ہوئی ہوں

ہم آپ کا انتظار کر رہے ہیں.. یہاں آپ فریش ہو کر آئیں...انہوں نے ایبل کی
....بات نظر انداز کی اور خود بھی کمرے میں چلی گئیں

....بس اب یہاں میرے ساتھ یہی ہو گا... آرڈر سنتے جاؤ اور کرتے جاؤ

....وہ کمرے میں آ گئی..اس کا لباس پہلے سے ہی منتخب کر کے بیڈ پر رکھا ہوا تھا

www.novelsclubb.com

.. اُفففف اب یہ پہنوں میں شادی تھوڑی ہے کسی کی

بیڈ پر لائٹ پرپل فراک پڑا تھا....اس نے الماری کھولی کچھ اور پہننے کے لیے...
لیکن اس کا پورا وارڈروب بدلا جا چکا تھا...اسی طرز کے کی فراکس وہاں موجود

تھے....اس نے ان کو دیکھنا شروع کر دیا.... پھر اسے وہاں ایک سمپل سی شلوار قمیض مل گی.. جو لائٹ بلیو کلر کی تھی... اس نے وہ نکالی اور واش روم میں چلی گی....

....اس نے بال ڈرائی کیے اور برش کر کے کھلے چھوڑ دیے

....اب وہ نیچے اتر رہی تھی

.... بانو بیگم نے اسے دیکھا اور خاموشی سے ڈائنگ روم میں چلی گی

ہر چیز ایبل کی پسند کی تھی... اس نے کھانا کھایا. اور کھانے کے بعد وہ بانو بیگم کے ساتھ لاونج میں بیٹھ گی... تب ہی انہوں نے بتایا کے انہوں نے ایبل اور شازل کی ...انگیجمنٹ فکس کر دی ہے

www.novelsclubb.com

.. .واٹ ؟ایبل پر جیسے کوئی بم گرا

ہاں... آپ کو اب معلوم ہے.. پھر بھی ؟

....ہاں پھر بھی شازل آئیں گے تو آپ انکے ساتھ شاپنگ پر جائیں گی

.... نہیں میں نہیں جاونگی

آپ ہم سے بد تمیزی کر رہی ہے اب ایبل ہم کچھ سنا نہیں چاہتے اب یہ ہمارا حکم ہے....

...وہ وہاں سے اٹھ گی... بانو بیگم نے اسے روکا نہیں

وہ حویلی کے پیچھے بنے سوئمنگ پول کی طرف آگی...اور اس کے کنارے بیٹھ گی.....اس نے دامیر کو کال کی پر شاید اس کا سیل آف تھا....

...وہ وہی بیٹھی رہی اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے تھے

www.novelsclubb.com

...تب کسی نے اسے بتایا کے شازل صاحب آ گے ہیں

....وہ وہی بیٹھی رہی

...شازل اوپر اسی کے کمرے میں کھڑا کھڑکی سے اسے دیکھ رہا تھا

...اس نے موبائل نکالا اور میسیج ٹائپ کیا

آپ آگئی؟

....اس کا سیل بجا اسے لگا دامیر کا میسیج ہے....اس نے میسیج پڑھا وہ شازل تھا

...اس نے جواب دیا

جی..... !

ہم سے ناراض ہیں؟

اس کی آنکھ بھیگ گئی.اس نے کوئی جواب نا دیا .

www.novelsclubb.com

وہ اداس بیٹھی تھی...وہ اسے کمرے کی کھڑکی سے دیکھ رہا تھا....اس کا عکس پانی میں تھا وہ شاید رو رہی تھی....

....اس نے میسیج ٹائپ کیا

آپ روتی ہیں تو مجھے تکلیف ہوتی ہے....اس نے مڑ کر آس پاس دیکھا....کوئی نا تھا...وہ اس شخص کو سمجھ نہیں سکتی تھی...

.....! دوسری طرف سے پھر پیغام آیا....(:

Episode no. 15

#Khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

www.novelsclubb.com

مرگ ناگہانی کو زندگی ترستی ہے

نام ہے سکوں جس کا جنس وہ نہیں ملتی

اشک جس کا حاصل ہیں وہ خوشی تو سستی ہے

جس جگہ محبت سے حسن و عشق ملتے ہیں

کون سی وہ دنیا ہے کون سی وہ بستی ہے

www.novelsclubb.com

سو طرح رلاتی ہے بھول کر اگر ہنسئے

روییے تو یہ دنیا کھلکھلا کے ہنستی ہے

کیا ضرور پی کر ہی ہم سرور میں آئیں

وہ نظر سلامت ہے بے پیے ہی مستی ہے

جلوہ ہائے رنگ و بو دل میں کیا جگہ پائیں

www.novelsclubb.com

آنکھ میں جو بستا ہے دل تو اس کی بستی ہے

دوسرے کے ساغر پر جو نظر نہیں رکھتے

ان کی مے پرستی میں شان حق پرستی ہے

کس کی مے فروش آنکھیں بس گئیں تصور میں

بے نیاز جام وہ مے اپنی مے پرستی ہے

www.novelsclubb.com

دل انہیں ترستا ہے جب وہ دور ہوتے ہیں

جب قریب آتے ہیں آنکھ انہیں ترستی ہے

ہم نے عشق والفت میں وہ فریب کھائے ہیں

جن کی دل فریبی کو زندگی ترستی ہے

صدقے آسماں جاہی تیرے خاکساروں پر

www.novelsclubb.com

رشک صد بلندی ہے عشق میں جو پستی ہے

بے ثبات پاتا ہوں اکثر ان امیدوں کو

ہائے جن امیدوں پر انحصار ہستی ہے

جب ذرا خیال آیا ہوش ہو گئے رخصت

اے رشی ان آنکھوں میں کس بلا کی مستی ہے

www.novelsclubb.com

..................................................................

..

...وہ بیڈ پر لیٹی تھی...جب اسکا سیل فون بجنے لگا

....اس نے سیل اٹھایا دامیر کی کال تھی

....ہیلو

.ہیلو...دامیر آپ کا سیل کیوں آف تھا....؟اس نے چھوٹتے ہی کہا

...ماما نے مجھ سے لے کر آف کر دیا تھا...ابھی لیا ہے ان سے

...اوہ

آپ بتائیں سب ٹھیک ہے وہاں؟ شازل سے ملی آپ؟

www.novelsclubb.com

..نہیں میں نہیں ملی ان سے...دن سے کمرے سے باہر نہیں گئی میں

کیوں؟سب ٹھیک ہے؟

نہیں کچھ ٹھیک نہیں ہے.

کیا بات ہے ایبل ؟

... بانو بیگم نے مجھے بغیر بتائے انگیجمنٹ کی ڈیٹ فکس کر دی ہے

... وہاٹ ؟ وہ ایک دم سیدھ ہو کر بیٹھ گیا

وہ ایسے کیسے کر سکتی ہیں ؟ ان کو ہم نے سب کچھ بتا دیا تھا پھر بھی ؟

.... میرے ہاتھ میں کچھ نہیں ہے... میری اس گھر میں کوئی نہیں سنتا

آپ فکر نہ کریں میں کچھ کرتا ہوں... آپ لاہور ہیں ؟

... جی... میں کل ہی اپنے پیرنٹس کو لے آتا ہوں

www.novelsclubb.com

آپ کو لگتا ہے آپ کے پیرنٹس کے آنے سے وہ سب کچھ ویسے کریں گے جیسے ہم چاہتے ہیں ؟

نہیں...مجھے معلوم ہے ایسا کچھ نہیں ہو گا...بٹ ہم ان سے سیدھے طریقہ سے ہی پہلے بات کریں گے....

اور آپ کوشش کریں اس انگیجمنٹ کو روکنے کی....آپ شازل سے بات کریں...شاید وہ سمجھ جائے...

میں کوشش کرونگی....

کال ختم کردی گئی تھی...

.....................................................................................

..

www.novelsclubb.com

ایبل... نظر نہیں آرہی؟اس نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے پوچھا....

بانو بیگم نے کوئی جواب نا دیا....

....شازل نے نورا کو اشارہ کیا اور وہ ڈائننگ روم سے نکل گئ

وہ یونہی لیٹی تھی کے اس کے کمرے کا دروازہ بجا...اس نے اٹھ کر دروازہ کھولا

...سامنے نورا تھی

...بیگم جی اور صاحب آپ کا انتظار کر رہے ہیں. کھانے پر

...ٹھیک ہے ہم آتے ہیں

....اس نے منہ دھویا اور دوپٹا ٹھیک کیا...اس کے بال اب بھی کھلے تھے

وہ سیڑ ھیوں سے نیچے اتری....ذوہ ڈائنیگ روم میں آئی...کرسی پر بیٹھ گئی...

...شازل اس کے سامنے بیٹھا تھا..جب کے بانو بیگم سربراہی کرسی پر موجود تھی

www.novelsclubb.com

...اسلام و علیکم...شازل نے اسے مسکرا کر سلام کیا

...و علیکم السلام....اس نے بھی جواب دیا

...کھانا شروع کریں....بانو بیگم نے حکم دیا

...ایبل کھا کم اور کھانے سے کھیل زیادہ رہی تھی

...شازل اب نوٹ کر رہا تھا لیکن سکون سے کھانا کھاتا رہا

. . کچھ دیر بعد نورا ڈائنگ روم میں داخل ہوئی

....سر جی...اس نے شازل کو ایک لفافہ پکڑایا

....بانو بیگم اور ایبل دونوں کی نظر اس پر گئی

...شازل نے وہ لفافہ ایبل کو دے دیا

...یہ کیا ہے؟ایبل نے سوال کیا

www.novelsclubb.com

...خود کھول کر دیکھ لیں آپ....شازل کھانا کھانے لگا

ایبل نے اسے کھولا اندر سے ایک مخملی باکس نکلا...اس نے باکس کو کھولا تو اس میں

... میں ایک ڈایمنڈ نیکلیس تھا

...یہ ؟ایبل اس حسین سے نازک سے ہار کو دیکھ کر کچھ سمجھی نہیں

...یہ آپ کا گفٹ ہے..میری طرف سے...اس نے مسکرا کر کہا

...بانو بیگم نے ایبل کو مسکرا کر دیکھا..اور وہ وہاں سے چلی گئ

....مجھے نہیں چاہیے یہ گفٹ...ایبل نے باکس کو بند کر کے سائڈ پر رکھ دیا

...پھر کیا چاہیے ؟میں وہ لے آونگا...اس نے اپنے ازلی دھیمے لہجے میں کہا

....کچھ نہیں چاہیے مجھے آپ سے

....ہمم...میرا سب کچھ پہلے سے ہی آپ کا جو ہے

www.novelsclubb.com

آپ کتنے عجیب ہیں...آپ ہر ایک کو اپنا ایسا روپ سے ہی دیوانہ بناتے ہونگے نا؟

...لیکن آپ کیا ہے میں اچھی طرح جانتی ہوں

نہیں تم مجھے اچھی طرح نہیں جانتی ہو... صرف اتنا جانتی ہو جتنا میں نے تمہیں

!جاننے دیا ہے

...وہ خاموش ہو گی.... وہ اٹھنے لگی تھی کے شازل پھر بول رہا تھا

...آپ کو نظر آ رہا ہے کچھ ؟ایبل کھڑی رہی... وہ پھر بولا

....واپس بیٹھے سیٹ پر اپنی... اس نے انکھوں سے بھی اشارہ کیا

...وہ بیٹھ گی

میں کھانا کھا رہا ہوں... جب تک میں یہاں آپ یہاں سے باہر نہیں جائیں گیٗ...

...اور کھانا بھی کھائیں گی

www.novelsclubb.com

....وہ اب کھانا کھا رہی تھی

بانو بیگم نے انگیجمنٹ کا تو بتا دیا ہو گا؟

....جی

.... گڈ! کل میں آپ کو شاپنگ پر لے کر جاونگا.... آپ تیار رہنا

... میں آپ سے انگیجمنٹ نہیں کرونگی

... ٹھیک میں شادی کی ارینجمنٹس کروالیتا ہوں

.... میں آپ سے شادی بھی نہیں کرنا چاہتی

آپ نہیں چاہتی؟

.... نہیں

... میں چاہتا ہوں....! اب اور بحث نہیں کرنا چاہتا میں آپ سے

.. وہ کھانا کھا چکا تھا

www.novelsclubb.com

.... ایبل اٹھ کر جانے لگی

!.... رکیں... یہ باکس اٹھائیں... جلدی

..ایبل نے باکس اٹھالیا

...اسے کھولیں اور نیکلس کو نکالیں

...وہ کسی ملازم کی طرح اس کا حکم مان رہی تھی

...گڈ اب اسے گلے میں پہنے

...وہ اس کو گھور رہی تھی

...میں خود پہناوں کیا؟ بہت سنجیدہ اور مدھم انداز میں وہ بولا

....ایبل نے جلدی سے نیکلس پہن لیا

گڈ...! اب کل تک یہ آپ کے گلے میں ہی نظر آئے....اوکے؟

www.novelsclubb.com

...وہ پھر باہر جانے لگی... شازل پھر بولا

رکیں... تھینک یو کون بولے گا؟

....تھینک یو...اس غصے سے کہا

....پیار سے کہیں ایبل....اس کا انداز بہت مدھم تھا...اور چہرا بہت سنجیدہ تھا

....تھینک یو....اس کی آنکھیں بھیگنے کو تھی

..کل تک اسے اتارنا نہیں ہے...اوکے ؟اس نے آس کا گال تھپتھپایااور باہر چلا گیا

..........................................................................

..

...وہ اگلے دن اس ہار کو پہنے ہوئے تھی

شازل اسے شاپنگ پر لے گیا تھا...جہاں اس نے کچھ نہیں خریدااور پریشان

www.novelsclubb.com

....رہی

....شازل نے اسے گھر ڈراپ کیا....وہ کمرے میں جا کر کچھ دیر سونا چاہتی تھی

...تب ہی دامیر نے اسے بتایا کے وہ اس کے گھر ہی آرہا ہے

...وہ اس سے بتا رہا تھا

...اس نے جلدی سے اٹھ کر چینج کیا..اپنا حلیہ درست کیا اور نیچے آگئ

...اس نے بانو بیگم کو بتایا تو انہوں نے اسے ڈانٹا اور ان سے ملنے سے ہی انکار کر دیا

...وہ بہت افسردہ ہو گئ تھی

کچھ دیر بعد وہ خود ہی انکا ویلکم کر رہی تھی....تب ہی بانو بیگم ساڑھی پہنے ہوئے

....وہاں آئی جیسے وہ انکا ہی انتظار میں تھی

...ایبل کو اپنے گھر کے ان دو اشخاص کو سمجھنا بہت مشکل تھا

...وہ بیٹھے باتوں میں مصروف تھے جب شازل بھی وہاں آیا

www.novelsclubb.com

....اس کی نظر دامیر اور ایبل پر پڑی جو دونوں بہت خوش نظر آرہے تھے

شازل آگے بڑھا اور داؤد شاہ سے ملا اور پھر دامیر سے....دونوں کو پلین کا سفر یاد

....آگیا تھا

...اب وہ دونوں بیٹھ چکے تھے

شازل دامیر کو بلکل اگنور کر رہا تھا... دامیر کو وہ بہت روڈ اور برا لگا...اس کی شاہانہ شخصیت اسے متاثر نا کر سکی... داؤد شاہ نے کچھ توقف کے بعد اپنا آنے کا مدعا بیان کیا.. .

...دراصل ایبلینا اور دامیر ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں

ہم چاہتے ہیں کے بچوں کی خوشی کی خاطر ہم بھی ان کی بات مان لیں... آپ کا کیا خیال ہے....

www.novelsclubb.com

شازل کچھ دیر خاموش رہا. اور پھر بولا ہم آپ کو اس کا جواب دیں گے... فل حال اس بات کو رہنے دیں... آئیں چل کر کھانا کھاتے ہیں...

کھانے کے بعد جب وہ واپس جا رہے تھے. تو شازل نے ایبل کو کمرے میں بجھوا

دیا...

....اور ان کو رخصت کرتے ہوئے انکار کے ساتھ انگیجمنٹ میں انوائٹ بھی کر دیا

...دامیر نے ایبل کو میسیج کیا

تم اس شازل سے انگیجمنٹ کر رہی ہو؟

.... نہیں...ایبل کو اندازہ تھا. کے اب کچھ ایسا ہی ہو گا

اس نے ہمیں انکار کر دیا ہے اور انوائٹ کیا ہے اپنی اور تمہاری انگیجمنٹ سر منی

....میں

www.novelsclubb.com

.... خیر میں جانتا تھا یہ تو ہونا ہی تھا

اب کیا کریں گے ہم؟

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تمہارا کزن بہت تیز ہے اس نے ہمیں ایسے ٹریٹ کیا ہے..کے باہر لوگ اس پر کوئی انگلی بھی نہیں اٹھا سکتا. .

ایک چیز میں نے نوٹ کی ہے.... تمہارا کزن بہت خود پسند ہے.... وہ اپنی تزلیل اور عزت پر سمجھوتا نہیں کر سکتا....

اس نے اپنی جھوٹی عزت کو قائم رکھنے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہے....اور اس کا یہی روپ کوئی اور دیکھ نہیں سکتا کیوں کے اس نے ایک سحر زدہ شخصیت بنا رکھی ہے اپنی.... جس کے لوگ دیوانے ہیں...دامیر دوسری ملاقات میں ہی بہت کچھ جان گیا تھا شازل کے بارے میں....

www.novelsclubb.com

میں نے وعدہ کیا ہے ایبل میں پورا ابھی کرونگا...اس نے کال کاٹ دی....

....تب ہی ایبل کے کمرے میں کوئی آیا

....یہ نورا تھی....اس کے پیچھے دو ملازم اور تھے

....وہ ایک ایک کر کے سامان رکھتے گے اور باہر چلے گے

...یہ اس کی منگنی کا سامان تھا

اس نے اپنے ہاتھ میں پہنی دامیر کی پہنائی ہوئی انگوٹھی دیکھی...اس کی زندگی کی ....مشکلیں بڑھ رہی تھی...جن کا اسے حل نہیں مل رہا تھا

www.novelsclubb.com

....اگلے دن پورے گھر میں منگنی کی تیاری کی جارہی تھی

پوری حویلی کسی دلہن کی طرح سجی تھی... شام ہونے کو آئی تھی... وہ صبح سے کمرے سے باہر نہیں آئی تھی....

بانو بیگم نے ایک میک اپ آرٹسٹ کو نورا کے ساتھ اس کے کمرے میں بھیجا...

اس نے صاف انکار کر دیا کے وہ ناتوان کپڑوں کو پہنے گی نا ہی میک اپ کروائے گی...

اس نے سب کچھ اٹھا کر پھینک دیا تھا....

اب مہمان آ چکے تھے... شازل تب اس کے کمرے میں آیا.... اب کچھ نیچے گرا تھا... وہ شاید آج بھی آفس گیا تھا..... اور ابھی ہی لوٹا تھا...

www.novelsclubb.com

وہ کمرے میں آیا اور اس نے گیٹ لاک کر دیا...ایبل خاموش بیٹھی رہی...اس نے مڑ کر نیچے گرا ہوا سنہری لباس اٹھا کر بیڈ پر رکھا اور ایبل کے پاس آیا اس نے اپنا بیگ صوفے پر رکھا تھا....

ایبل کا بازو پکڑا....ایبل نے ایک جھٹکے سے بازو چھڑا لیا.....

شازل نے کھینچ کر ایبل کے چہرے پر ایک تھپڑ دے مارا....

میں اب تک بہت نرمی سے پیش آ رہا ہوں مجھے مجبور نا کرو میں کوئی غلط قدم اٹھاوں.....

www.novelsclubb.com

شازل نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے صوفے پر لا کر بٹھایا....

مجھے بتاؤ اب کیا مسئلہ ہے؟ کیوں یہ سب کر رہی ہو تم؟

...اس نے پہلی بار شازل کو ایسے بات کرتے سنا تھا

میں آپ سے شادی نہیں کرنا چاہتی....آپ کیوں کر رہے ہیں پھر...وہ مسلسل رو رہی تھی.....

چپ ایک دم چپ رونا بند کر دو....وہ خاموش ہو گئی...انسو رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے....

....میں چاہتا ہوں آپ سے شادی کرنا...اس لیے میں آپ سے شادی کرونگا

www.novelsclubb.com

آپ کو بچپن سے بتایا گیا ہے نا میں آپ کا ہونے والا شوہر ہوں؟تو آپ کے دماغ میں یہ بات کیوں نہیں گھستی...اس نے ایبل کے سر پر انگلی بجا کر کہا...

آپ کو کیا ملے گا اس سے ؟آپ نا میرے خواب پورے کرنا چاہتے ہیں نا میری مرضی سے شادی....

پینٹنگ کرنی ہے آپ کو؟ بہت شوق ہے آپ کو آرٹسٹ بنے کا؟میری پینٹنگز بنائیں مجھے دیکھائیں ...

لیکن باہر دنیا کو نہیں....میں جانتا ہوں آپ میں ٹیلنٹ ہے...آپ اپنا نام بنا لیں گی...پھر کیا ہو گا؟ مجھے بھول جائیں گی آپ...لوگ مجھے نہیں میری بیوی کو پوچھیں گے ؟اتنی محنت کی ہے میں نے...اپنا نام بنایا ہے....لوگ تمہیں میری کزن کی حیثیت سے جانتے ہیں...کل کو میں تمہارے نام سے جانا جاونگا؟ ہر گز نہیں....

www.novelsclubb.com

آپ کو لگتا ہے آپ پر ظلم ہو رہا ہے... آپ کی مرضی کے بغیر آپ کی شادی زبردستی طے کر دی گئی ہے؟ میرے بارے میں سوچا ہے کبھی؟

میں سیلفش لگتا ہوں تمہیں؟ ہاں ہوں میں سیلفش اور تم سب نے بنایا ہے مجھے ...ایسا.... بچپن سے آج تک مجھ پر بھی تو سب نے اپنی مرضی تھوپی ہے

ممی نے اپنی پسند کے پیچھے مجھے اور بابا کو چھوڑ دیا....انہیں میری فکر نہیں تھی... انہوں نے صرف اپنا سوچا تمہارے ماما بابا تو مر گئے تھے ایک حادثہ میں.... میں نے اپنے باپ کو پل پل بیماری سے لڑتے اور بے وفائی کے غم میں روز مرتے دیکھا ہے... میری ماں زندہ ہو کر بھی میرے لیے مردہ ہے....اس گھر کی زمہ داری تمہاری زمہ داری آفس کی زمہ داری ہر چیز کی زمہ داری مجھ پر ڈال دی گئی... وقت سے پہلے مجھ سے کسی نے پوچھا کہ میں یہ سب زمہ داری لینا چاہتا ہوں یا نہیں؟ میں نے سب کچھ سنبھالا تمہیں بانو. بابا کو پھر بابا بھی چلے گے...اور تمہارے خواب؟ اب تک جو کچھ بھی کر پائی ہو میرے بل بوطے پر کر پائی ہو

www.novelsclubb.com

تم.... بچپن میں مجھے کہا گیا کے تمہارا خیال مجھے رکھنا ہے کیوں کے تم میری بیوی بنو گی. کسی نے مجھ سے میری رائے نہیں مانگی تھی... میں نے یہ بھی قبول کر لیا... جانتی ہو آج جب میں کہی جاتا ہوں تو لڑکیاں میرے پیچھے رہتی ہیں... لیکن مجھے ہر وقت تمہارا خیال ہوتا ہے...

اب تمہیں میں سیلفش لگوں تو ہاں ہوں میں سیلفش میں نہیں چاہتا تم اس دنیا میں مشہور ہو...

یا میں تمہارے نام سے جانا جاؤں... اور بچپن سے جب تمہیں میرے نام کر دیا گیا ہے... تو میں اپنی چیز اب کیوں کسی اور کو دو؟

لیکن ان سب میں میرا کیا قصور ہے؟ میں دامیر سے محبت کرتی ہو... پلیز شازل آپ مان جائیں...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ڈھائی ماہ کی محبت ؟اور 17 سالوں کی محبت میں بہت فرق ہے.... تم اس سے محبت نہیں کرتی بس تمہیں اس کی صورت میں راہ نجات مل گئی ہے... تم جانتی ہو تم بھی ایک سیلفش انسان بلکہ سب سیلفش ہوتے ہیں... سب وہ چاہتے ہیں جس میں انہیں خوشی ملے دوسروں کی خوشی کبھی پہلے نہی آتی....

آپ غلط سمجھ رہے ہیں.. ایسا نہیں ہے... شازل نے بیگ کے ساتھ رکھی تصویریں اٹھائی اور ایبل کے منہ پر اچھال دی...

یہ دیکھو... دیکھو ان سب کو پھر بھی میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں... اگر میں یہ دامیر کو دیکھا دو وہ کرے گا تم سے شادی....

وہ سب جانتا ہے... اور آپ اتنی گری ہوئی حرکت کریں گے میں سوچ نہیں سکتی تھی... آپ مجھے ٹریپ کرتے رہے ہیں؟

...ہاں اور اب آرام سے تیار ہو کر نیچے آجاو ورنہ میں بہت برا کرونگا

میں دامیر کے علاوہ کسی سے شادی نہیں کرونگی... میں دیکھتی ہوں آپ کیا کر لیں گے...

شازل نے اپنی جیب سے پستول نکالا اور ایبل کے سامنے رکھ دیا... ایبل جیسے خوف زدہ ہوئی....

میں آپ کے دامیر داؤد شاہ... کو جان سے مار دونگا... اس کا انداز نہایت نرم تھا....

www.novelsclubb.com

....ایبل کی جیسے روح کانپ گئ

...آ....ااآآپ ایسا نہیں کریں گے.... میں اب کر سکتا ہوں

آپ کی بہتری اسی میں ہے آپ خوشی سے یہ منگنی کر لیں...اور نیچے آپ مسکراتی ہوئی نظر آئیں....

وہ جا چکا تھا...ہر طرف تصویریں بکھری تھی...ایبل جارج دامیر...یہاں تک کے ایبل کسی کلاس فیلو سے بات کر رہی تھی..وہ لمحہ بھی ان تصویروں میں قید تھا...

...وہ بیڈ سے سنہری جوڑا اٹھا کر واش روم کی طرف بڑھ گئ

کچھ لمحوں بعد وہ نیچے آ رہی تھی...میک اُپ نا ہونے کے برابر تھا یا شاید اس نے میک اپ کیا ہی نہیں تھا...

گولڈن لیہنگا جس پر بہت باریک اور بہت کم کام تھا وہ پہنے ہوئے تھی...اس نے کسی قسم کی کوئی جویلری نہیں پہن رکھی تھی...اس نے سر پر دپٹا لیا تھا..بال کھلے تھے چھرا نکھرا اور دھلا تھا وہ دپٹے کا پلو پکڑے ہوئے تھی...

صرف اس جوڑے کو پہن لینے سے ہی وہ دلہن لگ رہی تھی...اسے اور کسی سنگھار کی ضرورت نا تھی....آخری سیڑھی پر شازل نے اپنا ہاتھ اس کے سامنے پھیلایا....

وہ مسکرا رہا تھا...یہ شخص کمال کی ایکٹنگ کرتا تھا....

شازل اس کا ہاتھ تھامے حویلی کے گارڈن میں آگیا تھا....

اب وہ اس تقریب میں موجود لوگوں کی نگاہوں کا مرکز تھے...

شازل نے ایبل کو انگھوٹھی پہنادی..پھر ایبل نے بھی شازل کو انگھوٹھی پہنائی...اب وہ لوگوں سے مبارک باد سمیٹ رہے تھے....

www.novelsclubb.com

Episode no. 16

#Khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

...وہ کمرے میں آئی اور اس نے سر سے دوپٹا اتار دیا

شازل کا جو روپ اس نے آج دیکھا اس کے بعد اسے اپنی اور دامیر کی شادی ہونے

...کا کوئی امکان نظر نہیں آ رہا تھا

....آرٹسٹ بننا بھی دور کا ڈھول ہی لگ رہا تھا

...اس کے کمرے میں ہر طرف تصویریں بکھری تھی

" ...شازل نے یہ کب بنوائی ہو نگی...وہ تصویریں سمیٹ کر دیکھنے لگی"

www.novelsclubb.com

اس نے ساری تصویریں دراز میں ڈال دی...اس نے کھڑکی سے باہر جھانکا...

نیچے سوئمنگ پول کی طرف کوئی نا تھا...وہ اس سوئمنگ پول کو ہی دیکھ رہی تھی...

سوئمنگ پول کے آس پاس زرد قمقمیں روشن تھی....اسے ریچمونڈ کا دریا یاد آگیا تھا... جہاں دامیر نے اسے پروپوز کیا تھا..اس رات وہاں بھی ہر طرف زرد قمقمیں روشن تھیں....اس نے اپنا دوپٹا اٹھایا اور وہ حویلی کی پچھلی طرف آگئ... جہاں وہ سوئمنگ پول تھا....

وہ پول کے پاس کھڑی تھی...پول کے ہر طرف زرد قمقمیں روشن تھیں...پانی میں بھی ان کا عکس تھا...اور اب ایک اور عکس شامل ہو گیا تھا....وہ پانی کو دیکھ رہی تھی...اس کے دل میں شدید خواہش پیدا ہوئی....

کاش یہ ریچمونڈ کا دریا ہی ہوتا اور میں اس میں ڈوب کر اپنی جان دے دیتی....وہ وہاں سے ہٹ کر اب جھولے پر آبیٹھی تھی...اس جھولے کے پیچھے قد آدم کھڑکیاں تھی....اور اس جھولے کے اوپر اسی کے کمرے کی بالکنی کا شیڈ تھا...

وہ جھولے پر بیٹھی تھی اور اس کا دوپٹا اس کے کندھے پر اور باقی اس سنہری فرش پر پھیلا تھا....اس کے بال کھلے تھے اور کمر پر پھیلے تھے. چہرا ایک اپ سے بے نیاز ....آنکھوں میں اداسی اور گہری سوچ میں وہ ڈوبی اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی

اس کے ہاتھ میں شازل کی پہنائی ہوئی انگوٹھی تھی... جس پر تیکونی پھول نما ڈیزائن میں ہیرے لگے تھے....اور دوسرے ہاتھ میں دامیر کی پہنائی ہوئی انگوٹھی تھی... جس میں ایک خوبصورت ڈایمنڈ کو کئی چھوٹے ڈائمنڈز نے گھیر رکھا ....تھا...وہ سوچ رہی تھی

کتنی عجیب ہے یہ زندگی...اور وہ شاید پہلی لڑکی ہوگی جس نے ایک نہیں دو لڑکوں ...کے نام کی انگوٹھیاں پہن رکھی تھی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے گہرا سانس لیا اور پھر سے پول کو دیکھنے لگی... یہاں بیٹھے سے اسے کچھ سکون مل رہا تھا... ٹھنڈی اور تیز ہوا چل رہی تھی... آسمان پر بجلی چمکی اور بادل کی گھن گرج کے ساتھ ہی وہاں تیز بارش ہونے لگی....

وہ کچھ دیر یونہی بارش برستی دیکھتی رہی پھر اس کے دل نے بارش میں بھیگنے کی فرمائش کی.... اور وہ جھولے سے اٹھی اور کھلے آسمان کے نیچے آ گئی... اس کا لہنگا زمین کو چھو رہا تھا اور اس کا دوپٹا بھی.... اس نے ہاتھ پھیلائے اور منہ آسمان کی طرف اونچا کیا اور آنکھیں بند کر لی.... بارش کی بوندیں اس کے چہرے پر گر رہی تھی... ٹھنڈی ہوا اور بارش کا ہر قطرہ اسے سکون پہنچا رہا تھا... وہ اسی حالت میں گول گول گھومنے لگی تھی....

www.novelsclubb.com

اسے اندازہ نا رہا اور وہ یونہی گھومتی گھومتی سوئمنگ پول کے کنارے پر آ گی... اگر اس کا پاؤں پھسلتا تو وہ سوئمنگ پول میں گرتی اور سوئمنگ پول میں لگی راڈ اس کے

سر میں گھستی یا اس کے کندھے میں.. لیکن وہ اس سب سے بے گانا گھوم رہی تھی کے اچانک اس کا پاؤں کنارے پر پڑا اور وہ لڑک کر گرنے ہی والی تھی کے کسی نے مضبوطی سے اس کا ہاتھ تھام لیا اور اسے اپنی طرف کیھنچا..

اس نے آنکھیں کھولی اور پیچھے پانی کو دیکھا اور آگے شازل کو...

یہاں کیا کر رہی ہیں آپ؟

وہ کچھ نا بولی اس نے اپنا ہاتھ چھڑا لیا اور واپس جھولے پر جا کر بیٹھ گئ....

شازل اس کے ساتھ آ بیٹھا...

اگر انسان کو مرنے کا اتنا ہی شوق ہے تو اس طرح کرنے کی ضرورت نہیں ہے...

www.novelsclubb.com

بہت سے اور طریقوں سے بھی مرا جا سکتا ہے...

وہ اس کا چہرا دیکھ کر رہ گئ....

میں مرنا نہیں چاہتی نا میں وہاں مرنے گئی تھی... میں بس بارش کو انجوائے کر رہی تھی... مجھے نہیں معلوم تھا آپ مجھے دھکا دینے آ جائیں گے....

میں تمہیں دھکا دینے نہیں بچانے آیا تھا... ورنہ جو اس پول میں آپ گرتی تو بہت برا ہوتا..

پتا ہے وہ پانی شارٹ سرکٹ کی وجہ سے اس وقت کرنٹ سے بھرا ہے.... آپ کی جان بھی جاسکتی تھی....

کاش چلی جاتی.... اس نے بڑبڑایا....

بیمار نہیں ہونا چاہتی تو چینج کر لے ورنا کل کو بخار بھی آپ میرے سر ڈال دیں گی....

کتنی ایکٹنگ کرتے ہیں آپ... ایبل نے اسے نفرت سے کہا ...

www.novelsclubb.com

...ہر وقت نہیں کرتا... کبھی کبھی کرنی پڑتی ہے

....ایبل نے منہ پھیر لیا

....ایک بات بتانے آیا تھا آپ کو

....مجھے نہیں سننی...وہ وہاں سے اٹھ گئ

....ایبل...شازل نے اسے پکارا اسی مدھم انداز میں

....کچھ تھا اس کی آواز میں وہ رک گئ

....ادھر دیکھو....شازل اب بھی جھولے پر بیٹھا تھا

...ایبل مڑی اور اس کی طرف نظریں اٹھائی

www.novelsclubb.com

.....مجھے معاف کر دو

...کس لیے؟ وہ کچھ چونکی

میں نے آج بہت برا کیا ہے تمہارے ساتھ.... تمہیں تھپڑ مارا ہے... تمہیں ڈانٹا ہے...اپنے الفاظ سے تمہیں تکلیف پہنچائی ہے.....

آپ نے میری زندگی جہنم بنانے کے لیے کوئی کثر باقی نہیں چھوڑی اور تو اور آپ مجھے ٹریپ کرواتے رہے ہیں....

میں مانتا ہوں میں نے تم پر نظر رکھی ہے...

کیوں وہی پوچھ رہی ہوں کیوں رکھی ہے نظر؟؟؟اور یہ سب تصویریں کس نے کھینچی ہیں؟

www.novelsclubb.com

تم لندن میں کیا کرتی رہی میرے پاس ایک ایک دن کا ریکارڈ ہے... میں تم سے ایک پل کے لیے بھی غافل نہیں رہا ہوں....

یہاں تک کے تم وہاں دوستی بھی کرتی تھی تو میری مرضی سے کرتی تھیں....

....ایبل کی آنکھوں میں صرف حیرت تھی

ہاں جب میں واپس آیا تو خیال نا کر سکا. اور اتنی سی لاپرواہی کی وجہ سے دامیر ہماری زندگی میں آگیا ہے....

آپ یہ سب تصویریں کس سے بنواتے تھے؟

....آپ کی فرینڈ ایلہ سے

....ایبل کے سر پر جیسے کوئی بم گرا تھا

ایلہ؟

....ہاں اس نے میرے کہنے پر آپ سے دوستی کی تھی

www.novelsclubb.com

...اور جارج؟ ایبل بہت گھبرا گئی تھی

جارج کو میں نے نہیں بھیجا ہاں مجھے اس پر بہت غصہ تھا... لیکن تم نے اسے انکار کر دیا...

ایبل کو یقین نا آیا... وہ کیا تھا؟؟ کیسا انسان تھا؟ یہ محبت ہے؟ یہ تو شک میں ہر حد پار کر چکا تھا... اتنی بے اعتباری؟

وہ وہاں رکی نہیں اس کی آنکھیں بھیگنے لگی تھی... اور اس کے دل میں نفرت کے.... ناگ نے اپنا پھن مارا تھا... جو اس زہر کو اس کے وجود میں پھیلا رہا تھا

وہ وہی بیٹھا رہا... وہ اسے بتانے آیا تھا... اس نے اگلے ہفتے تک شادی کی ڈیٹ بھی فائنل کر لی ہے... لیکن وہ اس وقت پہلے بہت سے صدمات سے دوچار تھی... وہ اسے مزید ڈسٹرب نہیں کرنا چاہتا تھا.... لیکن اس نے اسے اور زیادہ پریشان اور.... خود سے بدزن کر دیا تھا

....لیکن وہ نہیں جانتا تھا.اس نے نفرت کا بیج بو دیا تھا

وہ وہی بیٹھا رہا اور سوچتا رہا پھر اس کی نظر اس انگھوٹھی پر پڑی جو ایبل نے کچھ دیر پہلے اسے پہنائی تھی...

....اور وہ مسکرا دیا

.......................................................................

.......

www.novelsclubb.com

...وہ اگلے روز اٹھی تو اس کو تھکن محسوس ہو رہی تھی...آنکھیں بھوجل تھی

...اسے شاید بخار تھا...اس نے فون چیک کیا

....وہاں دامیر کی کی کالز تھیں

اس نے فون رکھ دیا...اس میں اب ہمت نہیں بچی تھی کے صبح صبح دوبارہ وہ رات کی روداد دھرائے....

...وہ نہا کر واپس آئی تو اسے کچھ بہتر فیل ہو رہا تھا

وہ کمرے سے باہر آگی....اور باہر حویلی کے منظر نے اس کی آنکھوں میں حیرت کے کئی آثار چھوڑ دیے....

www.novelsclubb.com

....وہ نیچے اتر رہی تھی

ہر طرف نوکر بھاگ دوڑ کر کام کر رہے تھے.... کل کی تمام سجاوٹ بدلی جا رہی تھی....اور حویلی کو نئے سرے سے سجایا جا رہا تھا.... ٹیبل پر بڑے بڑے گلاب ....اور گیندے سے بھرے ٹوکرے رکھے تھے

.... مٹھائی اور فروٹس بھی....اس کا اب دل بیٹھ رہا تھا

...نورا بات سنے اس نے کام میں مصروف نورا کو پکارا

...جی بی بی

www.novelsclubb.com

....یے..یہ سب کیا ہے؟ کیا ہو رہا ہے یہاں

...بی بی جی یہ سب شازل صاحب اور بانو بیگم کے کہنے پر ہو رہا ہے

....اور یہ ٹوکرے یہاں کیا کر رہے ہیں

....یہ بی بی جی اس دن جو صاحب آئے تھے انکے گھر سے آئیں ہیں

کیا؟وہ کچھ دیر سمجھی نہیں... کون صاحب ؟

...وہ جو آپ کے لیے رشتہ لائے تھے

....دامیر ؟اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئی

....جی وہی

اور یہ سب کیوں کر رہے ہیں آپ ؟ کس لیے سجا رہے ہیں سب کچھ ؟

...بی بی جی آج آپ کی شادی کی ڈیٹ فکس کر دی گئی ہے

...رات کو ایک چھوٹا سا فنکشن ہے گھر میں

www.novelsclubb.com

ایبل گرتے گرتے بچی..ارے بی بی جی سنبھالیں خود کو...آپ کو تو بخار ہے

....شاید...آپ یہاں آئیں

....یہاں بیٹھ جائیں

....اس نے ایبل کو صوفے پر بیٹھا دیا

شازل کہاں ہے؟

....وہ ڈائنگ روم میں ہیں.... کھانا کھا رہے ہیں

....وہ رکی نہیں اور ڈائنگ روم میں چلی گئ

...وہ اکیلا ہی کھانا کھا رہا تھا.. بانو بیگم وہاں نہیں تھی

...شازل اسے دیکھ کر مسکرایا

. .گڈ مارننگ...اس کا انداز ازلی تھا

www.novelsclubb.com

یہ سب کیا کر رہے ہیں آپ؟

میں آپ سے شادی نہیں کرنا چاہتی..آپ کو ایک بات سمجھ نہیں آرہی؟

.... میں آپ سے شادی کرنا چاہتا ہوں... یہ آپ کو بھی تو سمجھ نہیں آرہا

.....میں دامیر کے ساتھ جارہی ہوں.... یہ گھر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر

آپ کا دماغ خراب ہو گیا ہے؟ یہ کیا بکواس کر رہی ہیں آپ؟

.... صحیح بول رہی ہوں... مجھے اس جہنم میں نہیں رہنا

....وہ کمرے سے باہر جانے لگی تھی...شازل پیچھے سے بولا

میری بات کان کھول کر سن لو... اگر اس گھر سے باہر قدم رکھا... تو واپسی کا کوئی
...دروازہ نہیں رہے گا

اور تم اس دامیر کے ساتھ گئی تو میں اسے تو جان سے مار ہی دونگا ساتھ میں تمہارا اس

....حویلی اور یہاں کے لوگوں سے بھی رشتہ ٹوٹ جائے گا

www.novelsclubb.com

آپ اپنی ضد میں کسی کی جان بھی لے سکتے ہیں؟

....ہاں! اور مجھے اپنے کہے ہوئے لفظوں پر کوئی پچھتاوا نہیں ہے

میں اسے جان سے مار دونگا...اب فیصلہ تمہارے ہاتھ میں ہے...یا تو چپ چاپ

..... مجھ سے شادی کر لو یا پھر دامیر کو مرتا دیکھو

....وہ وہاں سے اپنے کمرے میں آئی وہ مسلسل رو رہی تھی

...اس نے دامیر کو کال کی

www.novelsclubb.com

....پہلی بیل پر ہی کال اٹھا لی گئ

...ہیلو ایبل؟ دامیر پریشان لگ رہا تھا

....ہیلو...اس کی آنسوؤں بھری آواز نے دامیر کو مزید ڈسٹرب کیا

....ایبل کیا ہوا ہے بولو کچھ...وہ مسلسل روتی رہی

..دامیر....اس کے منہ سے کچھ دیر بعد نکلا

....ہاں بولو میں سن رہا ہوں

...شازل نے مجھ سے انگیجمنٹ کرلی ہے

....    میں جانتا ہوں

شازل بہت برا ہے.. تمہیں پتا ہے...وہ مجھ پر ٹرسٹ نہیں کرتا...اس نے ان دو سالوں میں مجھے ٹریپ کیا ہے...اور جانتے ہو...میری فرینڈ ایلہ ؟وہ میری فرینڈ نہیں تھی بلکہ شازل کے لیے کام کرتی تھی...

www.novelsclubb.com

شازل کے پاس میری تمہاری اور جارج کی تصویریں تھی...وہ ہر وقت مجھے فالو کرتا تھا...اس نے فلیٹ میں بھی کیمرے لگوا رکھے تھے....

...دامیر کو یقین نہیں آرہا تھا....وہ ایسا بھی کر سکتا ہے

اور پھر بھی تم نے اس انسان سے انگیجمنٹ کر لی؟

.....اس نے مجھے دھمکی دی تھی

کیسی دھمکی؟

....کے اگر میں نے منگنی نا کی تو وہ تمہیں جان سے مار دے گا

اس کی اتنی ہمت وہ مجھے مارے گا؟

...تم پریشان نا ہو میں سب دیکھ لونگا

....نہیں....میں اپنے ساتھ تمہاری زندگی برباد نہیں کر سکتی

www.novelsclubb.com

....اس نے تو میری شادی کی ڈیٹ بھی خود ہی فائنل کر لی ہے

....کیا شادی؟ دامیر کے پاؤں سے زمین نکل گئی

....ہاں اس ہفتے کے آخر میں وہ مجھ سے نکاح کرے گا

.....میں ایسا ہونے نہیں دونگا

.... نہیں تم کچھ نہیں کروگے...وہ تمہاری جان کا دشمن ہوگیا ہے

میری بات کان کھول کر سن لو...اگر تم نے اس سے شادی کی تو میں خود ہی خود کو ختم کرلونگا ....

.... نہیں تم ایسا نہیں کروگے

میں ایسا ہی کرونگا....جو حالات ہے مجھے نہیں لگتا کچھ ٹھیک ہونے والا ہے...اب میں وہ کرونگا جو مجھے ٹھیک لگے گا... تم میرا ساتھ دوگی؟

www.novelsclubb.com

...ایبل خاموش تھی

....بولو؟ایبل ؟اور ٹرسٹ می کچھ نہیں کرسکتا وہ میرا

بولو میرا ساتھ دوگی....؟

!...ہاں

دامیر نے سکون سے آنکھیں بند کرلی....میں نے ایک پلان سوچا ہے...پہلے میں شیور ہو جاوں پھر تمہیں بتاونگا....

....اپنا خیال رکھنا...خدا حافظ

....کال کے بعد وہ بیٹھی موبائل کو دیکھ رہی تھی

... لیکن اسے شازل کی باتوں سے خوف آرہا تھا

.... نہیں میں دامیر کی زندگی داؤپر نہیں لگاسکتی

....شاید میری قسمت میں صرف دکھ لکھے ہیں

www.novelsclubb.com

وہ دامیر کی دی ہوئی اس پینٹنگ کو دیکھ رہی تھی جو اس نے اپنے کمرے کی دیوار پر لگا رکھی تھی....

ہنستی مسکراتی رنگوں میں نہائی ہوئی ایبل کی تھی...اور بیڈ پر بیٹھی اس ایبل میں بہت فرق تھا....

پینٹنگ میں موجود مسکراتی لڑکی دامیر کی ایبل تھی....

جبکہ اس پینٹنگ کو دیکھنے والی شازل کی ایک کزن جو اس کی مرضی کے بغیر کچھ کر نہیں سکتی تھی....

..................................................................................

.......

www.novelsclubb.com

وہ یونہی بیڈ پر لیٹی تھی... صبح سے اس نے کچھ نا کھایا تھا....

تب ہی دروازے پر دستک ہوئی....

....نورا نے اسے بتایا کے بانو بیگم نے اسے بلایا ہے

....وہ اٹھ کر نیچے آ گئ

....اس کی آنکھیں رونے کی وجہ سے سوج گئ تھیں

... بانو بیگم نے اس کا حولیا دیکھا اور اسے اپنے پاس بلایا

یہ کیا حال بنا رکھا ہے آپ نے اپنا ایبل ؟آج ہم آپ کو مایوں کی دلہن بنا رہے ہیں...اور آپ کو دیکھ کر لگتا ہے جیسے کسی کی میت پر سے اٹھ کر آئی ہیں آپ.....

www.novelsclubb.com

....اس نے کوئی جواب نا دیا

...نورا ان کے یہ کپڑے کمرے میں رکھ کر آئیں

ہم آپ کی شادی کی شاپنگ کرنے گے تھے....اور ہم آپ کے لیے کچھ چیزیں لاے ہیں... آپ دیکھ لیں...اور ہاں اس سامان میں پیلے جوڑے ہیں. آپ ایک ابھی پہن لیں جا کر اور اپنا کچھ خیال رکھیں آپ... چند دن بعد آپ کی شادی ہونے والی ہے....

نورا ان کی مدد کر دو....

جی بیگم صاحبہ....

وہ نورا کے ساتھ کمرے میں آئی اور کپڑے تبدیل کر لیے...

اور پھر بیڈ پر لیٹ گیٔ...اور سو گی....

www.novelsclubb.com

رات کو پوری حویلی چمک رہی تھی ہر طرف گیت گائے جارہے تھے....

دلہن کہاں تھی؟

.....بانو بیگم نے نورا کو بھیجا کے وہ ایبل کو لے آئے

...نورا نے بہت بار کمرے کا بند دروازہ بجایا لیکن کوئی آواز نا آئی

..اس نے بانو بیگم کو بتایا...تب ہی شازل بھی ان کے پاس آیا

کیا بات ہے؟

...ایبل دروازہ نہیں کھول رہی پتا نہیں کیا بات ہے... بانو بیگم بولی

شازل نے سر اٹھا کر اوپر دیکھا جہاں ایبل کا کمرا تھا...اور بھاگتا ہوا اوپر آیا... نورا اور ....بانو بیگم بھی ان کے ساتھ تھے

www.novelsclubb.com

...شازل نے ہینڈل گھمایا تو گیٹ کھل گیا...اور کمرے میں ہر طرف اندھیرا تھا

اس نے لائیٹ آن کی....تو بیڈ پر کمبل کھلا تھا...اس نے آگے بڑھ کر کمبل ہٹایا...

....تو ایبل سمٹی ہوئی پڑی تھی..اس کے چہرے کو بالوں نے ڈھانپ رکھا تھا

...یاخدا میری بچی کو کیا ہوا. بانو بیگم فوراً بولی

شازل نے اس کے چہرے سے بال ہٹائے اس کا چہرا سرخ ہو رہا تھا...اور وہ بری طرح بخار میں تپ رہی تھی...وہ زرد رنگ میں لپٹی تھی....

شازل نے فوراً ڈاکٹر کو بلایا...کچھ دیر بعد ڈاکٹر آیا اور اس نے ایبل کا بخار چیک کیا...

ان کو اتنا تیز بخار کیسے ہوا ہے؟ لگتا ہے انہوں نے کسی چیز کی بہت زیادہ ٹینشن لی...

اور انکو کمزوری بھی ہے...یہ کھانا ٹھیک سے نہیں کھاتی کیا؟

www.novelsclubb.com

...ڈاکٹر نے کچھ دوائیں لکھ کر دی اور ساتھ ہی ایبل کو انجیکشن لگایا

....اب وہ ایبل پر کمبل درست کر کے باہر آگیا تھا

...ایبل نے کھانا کب سے نہیں کھایا؟ اس نے بانو بیگم اور نورا سے پوچھا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

...صاحب جی...انہوں نے کل سے کچھ نہیں کھایا

...وہاٹ اور آپ مجھے اب بتا رہی ہیں؟اس نے غصہ سے کہا

....اور بانو آپ کو تو تھوڑا خیال ہونا چاہیے اس کا اتنی لاپرواہی؟ وہ وہاں سے چلا گیا

.........................................................................

.......

...اگلے روز وہ اٹھی تو نورا اس کے لیے ناشتہ کمرے میں لے آئی

اس نے ناشتہ کیا اور فریش ہو کر کپڑے بدلے... بانو بیگم اس کے لیے پیلے کپڑے لائی تھی جو ان دنوں اسے پہنے تھے...

www.novelsclubb.com

...وہ حویلی میں ٹہلنے لگی

حویلی سے منسلک ایک بر آمدہ تھا جہاں چند کرسیاں پڑی تھی... وہ دروازے سے

.... ٹیک لگا کر وہی بیٹھ گئ... اور نا جانے کب تک بیٹھی رہی

اس کی کل مہندی کی رسم تھی... اس کا دامیر سے اب تک کوئی رابطہ نا ہوا تھا... وہ

..... نا جانے کیا کر رہا ہو گا

.... اسے اس جگہ بیٹھے دو گھنٹے گزر گئے تھے

... بی بی جی..... نورا نے اسے پکارا

... کھانا کھالیں

www.novelsclubb.com

وہ خاموشی سے اٹھ کر اس کے ساتھ آ گئ... اور ڈائینگ روم میں داخل ہوئی...

..... بانو بیگم اور شازل اس کا انتظار کر رہے تھے

... وہ کرسی پر بیٹھی اور کھانا کھانے لگی

وہ دونوں اس سے باری باری طبیت پوچھ رہے تھے...اس نے کسی کا جواب نا دیا...اور خاموشی سے کھانا کھاتی رہی.

اگلی صبح اسے بتایا گیا کے آج اسکی مہندی کی رسم ادا کی جائے گی....

وہ خاموشی سے سب سن رہی تھی....اس کے بعد اسے بھاری بھر کم لہنگا دیا گیا جو اسے آج کے فنکش میں پہننا تھا....

اس کے کمرے میں چیزوں کا ایک ڈھیر تھا..اسے نورا نے بتایا کے آپ کو نیچے بلایا جا رہا ہے... تیار ہو جائے....

اس نے لہنگا پہنا اور بال کھلے چھوڑ دیے...میک اپ کی زحمت اس نے نا کی تھی... اس کے چہرے کی اداسی نمایاں تھی...

www.novelsclubb.com

وہ لہنگا پہنے نیچے اتر رہی تھی....اسے بانو بیگم نے گلے لگایا اور پھر دلہن کی سیج پر بٹھا دیا....

اب اسے ہاتھوں پر مہندی لگائی جا رہی تھی... دو لڑکیاں اس کے بازوں پر اپنا فن دکھا رہی تھی.... اور ایک اس کے پاؤں پر...

باقی سب گانا گانے میں مصروف تھے.... بہت سی لڑکیاں بھی اپنے ہاتھوں پر مہندی لگوا رہی تھی....

ڈیڑھ گھنٹے بعد اس کی مہندی مکمل ہو گئی تھی اور اب وہ یہاں سے جانا چاہتی تھی... لیکن اسے یہی بیٹھنا تھا....

کچھ دیر بعد اس نے آرام کرنے کی اجازت مانگی اور اسے مل گی.. وہ اپنے کمرے میں آ گئ تھی...

تب ہی اس کا فون بجا....

www.novelsclubb.com

...یہ دامیر تھا...اس نے کال اٹھالی

...ہیلوایبل

...جی بولیں....بہت تھکی ہوئی آواز تھی

....میں تمہاری حویلی کی بیک سائیڈ پر کھڑاہوں جلدی سے باہر آجاو

...ایبل کو لگا جیسے وہ مزاق کر رہا ہے

... جلدی کرو ایبل میں ویٹ کر رہا ہوں

....دامیر آپ پاگل ہو گئے ہیں؟ کیوں اپنی جان کے دشمن بن رہے ہیں آپ

اگر آپ باہر نا آئی تو شازل بعد میں مجھے مارے گا میں خود ہی خود کو ختم کر لونگا....

www.novelsclubb.com

....میرا وعدہ ہے یہ

...پاگل نا بنے آپ... میری بات سمجھے

آپ آرہی ہیں یا نہیں؟

....دامیر

ہاں یانا؟

...اچھا میں آرہی ہوں

....گڈ جلدی آؤ دیر نا کرنا اور خیال سے آنا

...اس کے پاس چینج کرنے کا وقت نہیں تھا

وہ اپنے کبڈ سے ایک چادر نکال کر خود پر اوڑھ چکی تھی...اور اب وہ اپنے کمرے کی کھڑکی سے کودنے کو تھی...نیچے کم فاصلہ تھا وہ کود گئی اور وہ وہاں سے بچتی بچاتی...

...حویلی کے پچھلے گیٹ پر پہنچ گئی....اور اسے کھول دیا

www.novelsclubb.com

...دامیر وہی کھڑا تھا

وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرائے...کے اسی وقت ایبل کو کسی نے اندر سے آواز لگائی وہ دونوں وہاں سے باہر کی طرف بھاگے...وہ شازل تھا جو انکے پیچھے تھا گاڑی تھوڑی دور تھی....

شازل نے وہی کھڑے رہ کر ان دونوں کو پکارا...

رک جاؤ ورنہ گولی چلادونگا ایبل نے مڑ کر دیکھا.. شازل کے ہاتھ میں پستول تھی...دامیر اس کا ہاتھ پکڑے گاڑی کی طرف بڑھ رہا تھا اور وہ اس کے ساتھ کچھتی جارہی تھی... لیکن اس کی نظریں شازل پر اور اس کے ہاتھ میں پکڑے پستول پر تھیں...

شازل نے ان دونوں کو دیکھا اور نشانہ دامیر پر رکھ کر گولی چلادی....

ٹھاہ کی آواز فضا میں گونجی...

دامیر پیچھے مڑا اور ایبل نیچے گرتی گئی....شازل ایبل کو نیچے گرتا دیکھ بوکھلا گیا...

ایبل کو گولی لگی تھی...اس نے دامیر کو بچانا چاہا تھا اور خود اس گولی کا شکار ہو گی تھی.....

....دامیر نے خون خوار نظروں سے اسے دیکھا

...اور ایبل کو اٹھا کر گاڑی میں لٹایا

اگر میری ایبل کو کچھ ہوا تو میں تمہیں زندہ نہیں چھوڑونگا سمجھے....وہ اسے وارن کرتا ازن سے گاڑی وہاں سے لے گیا.....

Episode no. 17

#Khuwab_or_Mohobat ♥

www.novelsclubb.com

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

بے قراری سی بے قراری ہے

وصل ہے اور فراق طاری ہے

جو گزاری نہ جا سکی ہم سے

ہم نے وہ زندگی گزاری ہے

نکھرے کیا ہوئے کہ لوگوں پر

اپنا سایہ بھی اب تو بھاری ہے

www.novelsclubb.com

بن تمہارے کبھی نہیں آئی

کیا مری نیند بھی تمہاری ہے

آپ میں کیسے آؤں میں تجھ بن

سانس جو چل رہی ہے آری ہے

www.novelsclubb.com

اس سے کہو کہ دل کی گلیوں میں

رات دن تیری انتظاری ہے

ہجر ہو یا وصال ہو کچھ ہو

ہم ہیں اور اس کی یادگاری ہے

اک مہک سمت دل سے آئی تھی

www.novelsclubb.com

میں یہ سمجھا تری سواری ہے

حادثوں کا حساب ہے اپنا

ورنہ ہر آن سب کی باری ہے

خوش رہے تو کہ زندگی اپنی

..... عمر بھر کی امیدواری ہے

www.novelsclubb.com

محبت نے رسوا کر ہی دیا نا؟"

ارے نہیں یہ تو آنا تھی... یاں ضد تھی؟خود غرضی؟بے یقینی؟اس محبت کا بیڑا غرق ہو جو لوگوں میں نفرتیں گھول دیتی ہے....ہاں...!دکھا دیا نا محبت نے اپنا اصلی رنگ؟بہت خود غرض ہے یہ محبت...لوگوں کو خود غرض بنا دیتی ہے..

...دیوانا بنا دیتی ہے

لوگ کہتے ہیں محبت اور جنگ میں سب جائز ہے...ضد, خود غرضی, بے یقینی, شک, قتل سب کچھ؟سب کچھ جائز ہے نہ؟

وہ محبت جو قربانی نا دے دراصل محبت نہیں ہے...صرف ضد ہے... محبت سے بھی ڈرنے لگے ہو؟کیا اتنی خطرناک ہے؟محبت جان لیوا ہے؟محبت میں تو جان دے دیتے ہیں...یہ کیسی محبت ہے....جو انسان کو خود سے نفرت کرنے پر مجبور ...کر رہی ہے...ہارے ہوئے جواری کی سی چال میں وہ واپس اندر آیا

...اس کے ہاتھ میں پستول تھی وہ گھٹنوں کے بل گرنے کے انداز میں بیٹھ گیا

شازل بیٹا یہ کیسی آواز تھی.... بانو بیگم وہاں نورا کے ساتھ آئی تھی...اور شازل کو اس حال میں گرا ہوا دیکھ کر ان کا دل بیٹھنے لگا تھا...انہوں نے نورا کو وہاں سے جانے کا کہا...اور شازل کے پاس آئی...

شازل بیٹا کیا ہوا؟ وہ کسی بچے کی طرح زمین پر بیٹھا تھا اور اس کے ہاتھ میں پستول اب بھی تھی...

یہ کیا ہے ؟آپ نے پستول کیوں پکڑ رکھی ہے ؟

وہ بے آواز رو رہا تھا.... بانو بیگم نے اپنی زندگی میں پہلی بار شازل کو روتے ہوئے دیکھا تھا...

www.novelsclubb.com

...کیا ہوا ہے ؟خدارا ہمیں بتائیں ہمارا دل بیٹھ رہا ہے

.اس نے سر اٹھا کر بانو کی طرف دیکھا...اس کی آنکھوں سے اشک جاری تھے

...بانو ایبل....ایبل...وہ جملہ مکمل نا کر سکا اور پھر سے سر گرا دیا

...وہ فرار چاہتا تھا..اس وقت اس جگہ سے

ایبل کیا؟ کیا ہوا انہیں؟

مم...م م...بانو میں نے جان بوجھ کر کچھ نہیں کیا...وہ کسی بچے کی طرح صفائیاں دینے لگا....

...آپ نے کیا کیا ہے شازل بتائیں تو؟ وہ بہت پریشان ہو گی تھی

بانو میں صرف انہیں روک رہا تھا...مجھے نہیں معلوم تھا...ایبل کو گولی لگ جائے گی....

www.novelsclubb.com

...کیا؟ ایبل کو گولی لگی ہے؟ آپ کیا بول رہے ہیں...وہ کہاں ہیں

بانو میں اس سے بے حد محبت کرتا ہوں...میں اس کو خود سے دور نہیں کر سکتا...

....لیکن میں نے آج انہی ہاتھوں سے اسے مار دیا ہے

کیا..... شازل آپ کا دماغ ٹھیک ہے یہ آپ کیا بول رہے ہیں؟

ایبل کہاں ہیں؟ وہ ٹھیک تو ہیں؟

وہ لے گیا اسے... ہمیشہ ہمیشہ کے لیے میں خالی ہاتھ رہ گیا ہوں.... وہ اب کبھی نہیں آئے گی واپس... وہ اپنے حواسوں میں نہیں تھا...

بانو اسی ہاتھ سے میں نے اس پر گولی چلائی تھی... اس نے اپنا ہاتھ بار بار زمین پر مارا....

پاگل مت بنو شازل وہ ہمارے گھر کی عزت ہے اور تم نے ایک پرائے لڑکے کے ساتھ اسے بھیج دیا ہے... اٹھو اور میرے ساتھ چلو جلدی...

نہیں میں نہیں جاونگا کبھی بھی نہیں جاونگا اس کے سامنے اب میں یہاں سے بھی چلا جاونگا بہت دور اس سے بہت دور چلا جاونگا...

www.novelsclubb.com

میں اس کا دشمن ہوں ہمیشہ سے اس کی زندگی میں پریشانی اور تکلیف کا باعث بنا ہوں...

کیسی محبت ہے میری بانو؟ میں اس کے خوابوں کا ہی دشمن بن بیٹھا ہوں... ایسے انسان سے اسے ہرگز شادی نہیں کرنی چاہیے اسے دامیر سے ہی شادی کر لینی چاہیے... میں اس کے قابل نہیں ہوں... میں اس سے معافی بھی کس منہ سے مانگوں....

بانو اب بس میں بہت تھک گیا ہوں... اس سے اور خود سے لڑ لڑ کر میں اس کے خوابوں کے بیچ بھی اب کبھی نہیں آونگا.. نا اس کے اور دامیر کے درمیان آونگا...

آپ اس سے ملیں گی تو اسے بتایے گا...

وہ بہت ٹوٹ چکا تھا...

....وہاں سے اٹھا اور اپنے کمرے میں آگیا

کیا کر دیا ہے تم نے شازل اپنے ساتھ اور اس کے ساتھ ؟

...ایک بار اپنی محبت کو ہی آزما لیتے ہو سکتا ہے وہ تمہیں سمجھ جاتی

کیوں ہر پل اسے اس بات کا احساس دلایا کے تم اس کے خوابوں کے سب سے بڑے دشمن ہو...

کیا ایسا تھا؟ نہیں ہر گز نہیں...تو پھر یہ سب کیونکر بیٹھے ہو؟

www.novelsclubb.com

انسکیورٹی کا جو ڈر تھا وہ تم نے خود ہی پیدا کیا اور اب اس کے نتائج بھی بھگتو گے تم....

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے اپنے ہاتھ کو دیکھا جس سے اس نے ایبل پر گولی چلائی تھی....

اس نے وہ ہاتھ کھینچ کر سامنے پڑے کانچ کے ٹیبل پر دے مارا...اس کا پورا ہاتھ لہو لوہان ہو گیا... لیکن اسے اب بھی سکون نا ملا تھا....اس نے سامنے کی دراز سے لائٹر نکالا اور خون سے رستے ہاتھ کو اس لائٹر سے جلانے لگا....

جتنی تکلیف وہ خود کو دے سکتا تھا.. دے رہا تھا.. اسے اس تکلیف سے سکون مل رہا تھا...اور آنکھیں بھیگ بھیگ جاتی تھی....

اس دیوانے شازل کو بھی کوئی جانتا تھا؟ جو محبت میں اتنا دیوانا تھا...

www.novelsclubb.com

اس کی شرٹ کا بازو پھٹ چکا تھا...اور اس کے بازو میں کئی جگہ پر کانچ کے ٹکڑے گڑ گے تھے...اس کا ہاتھ جل رہا تھا...اس کا گوشت تک جل رہا تھا... لیکن اس سے کی گنا تکلیف اس کے دل میں تھی....

WWW.NOVELSCLUBB.COM

دروازہ بجا اور کوئی اندر داخل ہوا وہ بیڈ کے ساتھ نیچے بیٹھا تھا اس کا ہاتھ جل رہا

.... تھا... روشن نے فوراً اس کے ہاتھ سے لائٹر لے کر دور پھینکا

سر یہ آپ کیا کر رہے ہیں... یا خدا آپ نے تو خود کو بری طرح زخمی کر رکھا ہے

...... سر اٹھیں جلدی اٹھیں

... لیکن اس نے روشن کا ہاتھ جھٹک دیا.... جاؤ یہاں سے مجھے کہیں نہیں جانا

.... روشن نے اسے بتایا کے ایبل بلکل ٹھیک ہے اور آپ سے ملنا چاہتی ہے

... وہ جیسے ایک دم خاموش ہو گیا

... نہیں میں اس سے نہیں ملو نگا... تم جھوٹ بول رہے ہو

www.novelsclubb.com

.... سر میرا یقین کریں پلیز یہاں سے چلیں... وہ آپ کو بلا رہی ہیں

... شازل کچھ سوچ کر کھڑا ہو گیا.. اس کی چال شکستہ تھی

... روشن نے اس سے جھوٹ کہا تھا

....وہ بانو بیگم کے کہنے پر اس کے پاس آیا تھا.....وہ ہاسپٹل میں تھی

..............................................................................

........

دامیر نے فل تیز رفتاری سے کار چلائی تھی...اس کے ہاتھ پاؤں پھول رہے تھے....

ایبل کو بچانا ہی اس وقت اس کی زندگی کا واحد مقصد تھا...اسے کھو دینے کے خیال سے ہی اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا رہا تھا...

وہ اسے لے کر ہاسپٹل پہنچا تھا...ڈاکٹر نے اسے پولیس کیس قرار دیا اور پولیس کے آنے سے پہلے کسی قسم کی کاروائی سے انکار کر دیا....

www.novelsclubb.com

آپ کا دماغ خراب ہے...اسے کچھ ہو گیا تو؟آپ جلدی آپریشن کریں میں پولیس کو بیان دونگا....

دیکھیں سر...

جسٹ شٹ اپ کسی جان بچانا زیادہ ضروری ہے....اگر میری پیشنٹ کو کچھ ہوا تو آپ کے ساتھ بہت برا ہو گا....

ڈاکٹر نے ہامی بھر لی اور دامیر سے فارم فل کرنے کو کہا...

اس نے فارم فل کیا اور وہ وہی بیٹھا تھا...ایک خوف نے اسے گھیر رکھا تھا....تب ہی ایک پولیس انسپیکٹر نے اسے بیان لینے کے غرض سے بلایا...اس نے تمام ماجرا پولیس کے گوش گزار کیا اور شازل میر راؤ کو مجرم نامزد کیا....

ہم ایک بار پیشنٹ سے تصدیق چاہیں گے...تب ہی ہم کچھ ایکشن لے سکتے ہیں....

....دامیر وہی بیٹھ گیا...کچھ دیر بعد بانو بیگم وہاں آئی

...دامیر نے انہیں نفرت سے دیکھا اور منہ پھیر لیا

...کچھ دیر بعد ڈاکٹر بھی باہر آ گے

...دامیر فوراً ڈاکٹر کے پاس گیا

ڈاکٹر وہ کیسی ہے؟

فکر کی کوئی بات نہیں ہے... گولی اندر نہیں گی ٔ...بلکہ دائیں بازو کو چھو کر گزری تھی....زیادہ خون نہیں بہا وہ بلکل ٹھیک ہیں....بس ابھی بے ہوش ہیں کچھ دیر ....تک ہوش میں آجائیں گی

www.novelsclubb.com

دو گھنٹے گزرنے کے بعد روشن شازل کو اسی ہسپتال میں لے کر آیا تھا...اس کی ...مرہم پٹی کے لیے

مجھے ایبل سے ملاؤ ..

سر آپ اس حال میں ان سے کیسے ملیں گے.... آپ پہلے ڈریسنگ کروالیں .. .

شازل اس کے ساتھ چل دیا... تب ہی اس کا سامنا دامیر سے ہوا...

دامیر کی نظر اس کے بازو اور ہاتھ پر گئ... اس کی آنکھیں بتا رہی تھی وہ مسلسل روتا رہا ہے... دامیر اسے نفرت سے دیکھ کر آگے بڑھ گیا.....

ڈاکٹر نے شازل کے بازو سے کئ ٹکڑے نکالے تھے کانچ کے اس کی پوری بازو پر ڈاکٹر نے پٹی کر دی... اب اس کا جلا ہوا ہاتھ تھا... جس کی ڈریسنگ ڈاکٹر نے کی تھی... اور ایک انجیکشن لگایا اور وہ وہی لیٹا سو گیا تھا...

www.novelsclubb.com

دوسری طرف ایبل کو ہوش آچکا تھا... اس کی بازو میں شدید درد تھا... اس کی بازو پر پٹی بندھی تھی... دامیر اور بانو بیگم اس کے پاس تھے...

ایبل تم ٹھیک ہو؟ دامیر نے پہلے سوال کیا....

WWW.NOVELSCLUBB.COM

...دامیر.. میرے بازو کو کیا ہوا ہے؟اس کی آنکھوں میں شدید خوف تھا

...کچھ نہیں ہوا بلکل ٹھیک ہے... تمہارا ہاتھ اور بازو بھی

مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے بازو میں... کیا میرا بازو ضائع ہو گیا ہے؟؟

نہیں ایبل بلکل بھی نہیں..ایسی باتیں نا سوچو میں ہوں نا تمہارے ساتھ دیکھو اب

...ٹھیک ہو جائے گا

...بانو بیگم کسی اجنبی کی طرح خاموش کھڑی تھی

ایبل نے انہیں دیکھا اور کچھ بولی نہیں...اس نے آس پاس دیکھا وہ کہیں نہیں

...تھا

www.novelsclubb.com

تب ہی پولیس کمرے میں داخل ہوئی...اور دامیر اور بانو بیگم کو باہر جانا پڑا تھا...

....بانو بیگم کی آنکھوں میں کچھ تھا...شاید کوئی امید یا التجا

...انسپکٹر سلمان نے اس سے رپورٹ لکھوانے کے بارے میں کہا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

!...میں کوئی رپورٹ نہیں لکھوانا چاہتی

لیکن مسٹر دامیر شاہ نے شازل میر راؤ جو کے آپ کے کزن ہیں...اور ہونے والے شوہر بھی انکے خلاف کمپلین لکھوائی ہے کے انہوں نے آپ پر قاتلانہ حملہ کیا ہے ...اور آپ کی مرضی کے بغیر آپ سے شادی کر رہے ہیں

ایسا کچھ نہیں ہے...یہ ہمارا ذاتی معاملہ ہے..اور رہی بات مجھے گولی لگنے کے تو وہ .... مجھ سے خود ہی غلط فائر کرنے سے لگا ہے

دیکھیں اگر آپ پر کوئی پریشر ہے تو فکر کی بات نہیں ہے...ہم آپ کے ساتھ ہیں...

.... مجھ پر کوئی پریشر نہیں ہے...آپ اب جا سکتے ہیں یہاں سے

....وہ خاموش لیٹی تھی کے دامیر کچھ دیر بعد اندر داخل ہوا

....یہ کیا کیا ایبل تم نے رپورٹ کیوں نہیں لکھوائی

...یہ سب ایک غلطی کے تحت ہوا ہے...اس نے جان کر مجھے گولی نہیں ماری تھی

وہ مجھے ہمیشہ بتاتا رہا ہے وہ مجھ سے محبت کرتا ہے...اس نے اب بھی بتایا تھا اور مجھے وارن بھی کیا تھا..میں تم سے دور رہوں... لیکن میں نہیں مانی وہ سب آن پلینڈ تھا....

..ناہم جانتے تھے ایسا ہو گا ناوہ جانتا تھا

...دامیر نے اس کا ہاتھ تھام لیا ہاں شاید تم ٹھیک کہہ رہی ہو

میں نے اسے ابھی دیکھا تھا... تمہیں جتنی چوٹ اس نے پہنچائی ہے اس سے تین گنا زیادہ اس نے خود کو زخمی کر رکھا تھا...ایبل مجھے اس کی آنکھوں سے لگا جیسے وہ ...روتا رہا ہے

www.novelsclubb.com

...وہ تم سے محبت کرتا ہے.. لیکن اس کا انداز غلط ہے...وہ خاموش ہو گیا

...تم بس جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ...اس نے ایبل سے کہا

....میں اب ٹھیک ہوں....اس نے دامیر کو تسلی دی

دامیر تمہیں کیا لگتا ہے... قسمت ہم پر مہربان ہو گئی ہے؟ یا کسی کو آزمائش میں ڈال رہی ہے؟

میں نہیں جانتا اور اس وقت ان باتوں کا کوئی مقصد نہیں ہے...اس لیے یہ سب ... چھوڑ و اور تم آرام کرو

دامیر بانو بیگم کہاں ہیں؟

... باہر ہیں...اس نے جواب دیا

....مجھے ان سے ملنا ہے

www.novelsclubb.com

..میں بھیجتا ہوں...وہ مسکرایا اور وہاں سے چلا گیا

.....................................................................

......

...کچھ دیر بعد بانو بیگم کمرے میں آئی

اب کیسی ہو میری بچی...انہوں نے اس کا ماتھا چوما

...میں ٹھیک ہو

وہ اس کے پاس بیٹھ گئ....کچھ دیر کے لیے ان دونوں کے درمیان صرف خاموشی تھی....

..ایبل....بانو بیگم نے اسے پکارا

....جی.....؟وہ انکی طرف دیکھ رہی تھی

....شازل نے ہمیں سب بتایا ہے...وہ خاموش رہی وہ کچھ نا بولی

www.novelsclubb.com

بیٹا ہر انسان کی ذات میں کچھ نا کچھ کمی ہوتی ہے...کوئی بھی انسان پرفیکٹ نہیں ہوتا ہے...ہر انسان سے زندگی میں کئ غلطیاں ہوتی ہے...لیکن ہمیں ان غلطیوں کو ....معاف کر دینا چاہئے

..یہ آپ اب بھی یہی کہہ رہی ہیں ؟ مجھ پر آپ کو کبھی ترس نہیں آئے گا

ایسا نہیں ہے بیٹا وہ اپنے کیے پر بہت شرمندہ ہے... ہم نے ان کی جو حالت دیکھی ....ہے وہ آپ نے نہیں دیکھی

وہ آپ کا برا نہیں چاہتے.. وہ اپنی غلطی پر شرمندہ ہیں...اور آپ سے معافی مانگنا چاہتے ہیں... لیکن وہ آپ کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں رکھتے اب....انہیں آپ کے خوابوں سے بھی کوئی شکایت نہیں ہے...نا ان کو آپ کی اور دامیر کی شادی سے کوئی مسئلہ ہے....وہ آپ دونوں کی زندگی سے بہت دور چلے جانا چاہتے ہیں... لیکن ہم ان کے بغیر نہیں رہ سکتے ہماری اولاد خاندان سب کچھ آپ دونوں ....ہی ہیں...آپ دونوں کے علاوہ کوئی نہیں ہے ہمارا...وہ رونے لگیں تھی

...بانو بیگم آپ روے نہیں پلیز

www.novelsclubb.com

ایبل انہیں معاف کر دیں انہیں روک لیں ہم آپ سے ہاتھ جوڑ کر انکی طرف سے معافی مانگتے ہیں....

بانو بیگم آپ ایسا کر کے مجھے شرمندہ نا کریں... میں انہیں کہیں نہیں جانے دونگی یہ میرا وعدہ ہے.... آپ سے...

اس نے وعدہ تو کر لیا تھا... لیکن وہ اس سے اب کیسے بات کرے گی یہ اسے معلوم نا تھا....

وہ گھر آ چکی تھی... ان دو دنوں میں اسے شازل کہیں نہیں ملا تھا.

وہ اپنے کمرے میں جا رہی تھی جب اس نے روشن کو دیکھا...

روشن...!

جی بی بی.....

شازل کہاں ہیں؟

www.novelsclubb.com

.... وہ آفس میں ہیں

..... ان سے کہنا میں ان سے ملنا چاہتی ہوں

جی بی بی....وہ چلا گیا تو ایبل کمرے میں آ گئ....وہ سارا دن انتظار کرتی رہی...

.....لیکن شازل نا آیا

اب رات ہو رہی تھی...وہ سوئمنگ پول کی طرف آ گئی اور اس جھولے پر بیٹھ گئ...

اس نے بلیک فراک پہن رکھا تھا...اس کے ہاتھوں پر اب بھی مہندی کے نقوش واضح تھے....اس کے بال کھولے تھے...وہ خاموش بیٹھی جھولا جھول رہی تھی...اس کا فراک سنہرے فرش کو چھو رہا تھا...ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھیں...

اس سیاہ رات کی سیاہی میں وہ اپنے گزرے ہوئے دنوں کا حساب لگا رہی تھی...

...کتنی تیزی سے زندگی بدلی تھی

اس نے ٹیک لگالی...اس کی آنکھوں میں ناجانے کیوں آج پھر آنسو آ گئے تھے...

...اس نے آنکھیں بند کرلی

... جیسے اس کے دل کے کسی کونے سے آواز گونج رہی تھی

خواب گل رنگ کے انجام پہ رونا آیا

آمد صبح شب اندام پہ رونا آیا

www.novelsclubb.com

دل کا مفہوم اشاروں سے اجا گر نہ ہوا

بے کسی گلۂ خام پہ رونا آیا

کبھی الفت سی جھلکتی ہے کبھی نفرت سی

اے تعلق ترے ابہام پہ رونا آیا

مری خوشیاں کبھی جس نام سے وابستہ تھیں

جانے کیوں آج اسی نام پہ رونا آیا

www.novelsclubb.com

لے کے ابھرے گی سحر پھر وہی پژمردہ کرن

کیا کہوں تیرگیٔ شام پہ رونا آیا

بے سبب اپنی نگاہوں سے گرا جاتا ہوں

اس فسوں کاریٔ الزام پہ رونا آیا

اتنے ارزاں تو نہیں تھے مرے اشکوں کے گہر

آج کیوں تلخیٔ آلام پہ رونا آیا

www.novelsclubb.com

لائق حسن نظر تھے نہ کبھی ان کے خطوط

آج محرومیٔ پیغام پہ رونا آیا

اب بھی منزل مرے قدموں کی تمنائی ہے

کیا کہوں حسرت یک گام پہ رونا آیا

www.novelsclubb.com

رونے والا تو کرے گا نہ کسی کا شکوہ

لاکھ کہیئے غمِ ایام پہ رونا آیا

ان کے شبہات میں کچھ اور اضافہ تھا شکیبؔ

اشکِ سادہ کے اس انعام پہ رونا آیا

..................

www.novelsclubb.com

...وہ کافی دیر سے خاموش کھڑا اسے دیکھ رہا تھا

....اس کی آنکھوں سے بہنے والے آنسو اس کے دل کے زخموں پر گر رہے تھے

آج اس کے قدموں میں اتنی ہمت نا تھی کے اس کے پاس جاتا....وہ اسے کسی اپسرہ کی طرح لگی تھی...یا شاید وہ خواب دیکھ رہا تھا....اگر یہ خواب تھا وہ اس کے ....ٹوٹنے کے خوف سے وہاں سے ہل نا سکا

....ایبل نے کسی کی آہٹ محسوس کی اور آنکھیں کھول دی

...شازل سامنے کھڑا تھا

www.novelsclubb.com

...ان دونوں کے درمیان طویل خاموشی چھائی رہی...پھر وہ بولی

آپ کب آئے؟

...ابھی..!وہ اس سے نظریں چرا رہا تھا

آپ نے مجھے بلایا تھا؟

....جی... آپ سے بات کرنی تھی

کیسی بات؟

آپ ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں؟

....جی

....کیوں؟

میں اب یہاں نہیں رہنا چاہتا.... نا آپکی زندگی میں مزید کوئی پریشانی کھڑی کرنا

....چاہتا ہوں

www.novelsclubb.com

..اور اگر میں آپ سے کچھ مانگو تو آپ دیں گے؟

...شازل نے اسے سر اٹھا کر دیکھا

....جان مانگ لو اب تو وہ بھی دے دوں

....جان نہیں لے سکتی میں کسی کی...بس آپ کہیں مت جائیں یہی رہے

....وہ خاموش رہا

...کیا ہوا؟اتنا بھی نہیں کر سکتے آپ میرے لیے

کاش تم اپنے لیے کچھ مانگتیں....تم نے مانگا بھی تو بانو بیگم کے لیے مانگا...اپنے لیے نہیں....

....یہاں آئیں....یہاں بیٹھیں

...وہ اس کے ساتھ بیٹھ گیا

میں اپنے لیے کیا مانگو؟آپ نے دامیر اور میری شادی کے لیے بھی ہاں کر دی ہے....مجھے آرٹسٹ بننے کی پرمیشن بھی دے دی ہے....

یہ سب آپ کا حق تھا...وہ نظریں چرا گیا...شاید آنکھوں میں اترنے والی نمی کو چھپا رہا تھا....

www.novelsclubb.com

حق تو میرا آپ پر بھی ہے... کزن ہیں نا آپ میرے؟ میری شادی کی تیاریاں کون کرے گا؟

...میں کرونگا سب آپ فکر نہ کریں... اور میں یہی رہونگا

میری زندگی اب مکمل ہے شازل سب کچھ ہے میرے پاس بس ایک دوست نہیں ہے...

...کیا آپ میرے دوست بنو گے؟ شازل اس کا چہرا دیکھتا رہا

ہاں بنو گا... چلو کم از کم تم نے مجھے اپنے دوست بننے کے قابل تو سمجھا.... اس کی آواز میں نقلی ہنسی کے ساتھ بہت سارا دکھ تھا....

www.novelsclubb.com

.....تو ہم دوست ہیں آج سے؟ ایبل نے اپنا ہاتھ بڑھایا

...شازل نے اس سے ہاتھ ملایا.... یہ پی

کیا؟

اس بازو پر گولی لگی تھی...؟

...اس نے اثبات میں سر ہلایا

....اب بھی تکلیف ہوتی ہے؟ وہ اس کا ہاتھ پکڑے پوچھ رہا تھا

....ہاں... تھوڑی تھوڑی

....مجھے معاف کر دو ایبل

آپ معافی نا مانگیں... یہ ایک ایکسیڈینٹ تھا... آپ نے جان بوجھ کر نہیں کیا یہ ....سب

لیکن جو حشر آپ نے اپنی بازو کا کیا ہے... یہ جان بوجھ کر کیا ہے... اور میرے لیے کیا ہے... ہے نا؟

www.novelsclubb.com

...یہ سب چھوڑو تم اپنا خیال رکھو

.... نہیں میں ٹھیک ہو اور اس کی وجہ سے میں معافی مانگتی ہوں

اب ہم دوست ہیں تو ہم اب سے اچھے بچوں کی طرح رہے گے.... نالڑے گے نا ... جھگڑے گے... ویسے بھی اب یہاں میں کچھ دنوں کی مہمان ہوں

.... نہیں لڑوں گا آپ سے میں اب

وہ مسکرائی گڈ... تو مسٹر شازل میر راؤ... ایبل میر راؤ کے اب سے دوست ... ہیں.... اور ایبل کی آج سے ساری باتیں مانیں گے ؟ اوکے

... اوکے ... وہ ہلکا سا مسکرایا

... اچھا اب میں چلتی ہوں... مجھے آرام کرنا ہے... آپنا خیال رکھیے گا

... تم بھی اپنا خیال رکھنا... وہ مسکراتی ہوئی وہاں سے چلی گئ

www.novelsclubb.com

اور وہ وہی بیٹھا رہا... اس نے آنکھیں بند کر لی... اور ٹیک لگا لی... اب اسے ساری ... زندگی ایک کرب میں گزارنی تھی

.............

میرے ہم نفس میرے ہم نوا مجھے دوست بن کے دغا نہ دے

میں ہوں درد عشق سے جاں بہ لب مجھے زندگی کی دعا نہ دے

میرے داغ دل سے ہے روشنی اسی روشنی سے ہے زندگی

مجھے ڈر ہے اے مرے چارہ گر یہ چراغ تو ہی بجھا نہ دے

مجھے چھوڑ دے مرے حال پر ترا کیا بھروسہ ہے چارہ گر

www.novelsclubb.com

یہ تری نوازش مختصر مرادر داور بڑھانہ دے

میرا عزم اتنا بلند ہے کہ پرائے شعلوں کا ڈر نہیں

مجھے خوف آتش گل سے ہے یہ کہیں چمن کو جلانہ دے

وہ اٹھے ہیں لے کے خم و سبوارے او شکیل کہاں ہے تو

www.novelsclubb.com

ترا جام لینے کو بزم میں کوئی اور ہاتھ بڑھانہ دے

...........

.....وہ اسے کچھ دیر وہی کھڑی دیکھتی رہی...اور پھر اندر چلی گئ

....وہ کمرے میں آئی تو اس نے دامیر کو کال کی

ہیلو میم.... کیسی ہیں آپ؟

....ہیلو سر.....میں بلکل ٹھیک ہوں

ریسٹ کر رہی ہیں آپ ٹھیک سے؟

.....جی سر

.... گڈ جلدی ٹھیک ہو جائیں بہت چھٹیاں ہو گی ہیں آپ کی

www.novelsclubb.com

....وہ اس کی بات پر مسکرائی

....ہاں... پچھلے ایک مہینے سے میں اس نک چڑی آرٹسٹ کی ہنسی کو ترس گیا تھا

کیا کہا آپ نے؟ نک چڑی؟

ہاں تو؟اور کیا اب آپ کو پرینسیس کہوں...؟

....نہیں آپ کا شکریہ

اچھا شازل سے بات ہوئی....؟

ہاں ہوئی...ابھی ہی ملی ہوں...بہت ڈسٹرب اور اپ سیٹ تھا....مجھے اس کے لیے بہت برا فیل ہو رہا ہے...

ہمم....مجھے بھی.... خیر ہم دونوں ہیں نا...اس کے لیے کچھ ضرور کریں گے....

www.novelsclubb.com

...آپ کو پتا ہے میں اور شازل دوست بن گئے ہیں

......اچھا دیٹس گریٹ

...اور سناؤ نک چڑی چڑیل...دامیر مسکراتے ہوئے بول رہا تھا

...چڑیل ہوں میں؟ وہ غصے سے بولی

آئی سویر جب میں نے ریچمونڈ ریور پر تمہیں فرسٹ ٹائم دیکھا تھا...مجھے تم چڑیل ہی لگی تھی...بلکہ میں نے تو آیت الکرسی بھی پڑھ لی تھی...

...شٹ اپ اوکے یہ زیادہ ہو گیا ہے....وہ منہ بنا کر بولی

اچھا اب بندہ سچ بھی نا بولے؟

...ایسے سچ سے بہتر ہے انسان اپنا منہ بند رکھے

اچھا یار مزاق کر رہا تھا...کوئی اپنے ہونے والے شوہر سے ایسے بات کرتا ہے؟

آپ تو قصیدے سنا رہیں ہیں نا مجھے؟

www.novelsclubb.com

.... اچھا بابا معاف کر دو

..اور بات سنیں یہ ماہروشہ کون ہے؟

....کیوں؟ کیا ہوا

...اس دن اس نے مجھے بہت عجیب ٹیکسٹ کیے تھے

...اچھا...وہ مسکرا رہا تھا

کون ہے؟

. میری چاہنے والی ہے بس. ایک تمہیں ہی قدر نہیں ہے میری

....قدر نا ہوتی تو اپنی جان کی پرواہ کرتی آپ سے زیادہ

...اچھا اب اداس نا ہونا

.... نہیں ہوتی

www.novelsclubb.com

...ایک بات بولوں میں تمہارے لیے کچھ بھی کر سکتا ہوں

اگر اس رات مجھے بھی گولی لگی ہوتی تب بھی... میں اپنی آخری سانس تک لڑتا

... تمہارے لیے

..اچانک اسے کھانسی ہوئی....ارے یار

کیا ہوا؟

...کل سے اسلام آباد میں بارش ہو رہی ہے..اور مجھے زکام ہو گیا ہے اور کھانسی

... توڈاکٹر کو دیکھائیں

....لو...اس رومینٹک موسم میں ڈاکٹر کے پاس تھوڑی جاتے ہیں

...افففف شٹ اپ دامیر...بہت چھیچھورے ہو آپ...وہ ہنسا تھا

...اچھا مجھے نہیں معلوم تھا

...اوکے گڈ نائٹ سر

www.novelsclubb.com

....یار یہ کیا بات ہوئی

سر میں آرام نہیں کرونگی تو کام پر کیسے آونگی...؟

... اوہ...پوائنٹ! اوکے مس ایبلینا گڈ نائٹ

... مس می... ٹیک کیر.... اس نے مسکراتے ہوے کال کاٹ دی

.. عجیب نمونہ تھا جو اسے ملا تھا

Second last episode

#Khuwaab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

وہ بے مقصد گاڑی میں بیٹھا تھا...اور اب وہ گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا...وہ مسلسل ڈرائیو کر رہا تھا...اس نے یہ معمولاً بنالیا تھا...وہ حویلی بہت لیٹ جاتا تھا...وہ کوشش کرتا اس کا اور ایبل کا سامنا کم سے کم ہو اور وہ اس میں کامیاب بھی رہتا...

www.novelsclubb.com

وہ اکثر ناشتہ کے لیے آتی تو شازل موجود نا ہوتا... وہ پورا دن بھی گھر نا آتا.. رات کو وہ بہت دیر سے لوٹتا....

وہ ایبل سے سامنا کرنا نہیں چاہتا تھا....

ایبل نے اسے دوست بنالیا تھا... لیکن اس کے لیے وہ اب بھی وہی تھی....

رات کے دو بج رہے تھے جب شازل نے گاڑی حویلی کے اندر داخل کی.... ملازم نے آگے بڑھ کر دروازہ کھول دیا... وہ اندر داخل ہوا.... حویلی میں مدھم روشنیاں جل رہی تھی...

نورا نے اسے کھانے کا پوچھا اس نے انکار کر دیا.... وہ اب اپنے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا... اس نے رک کر ایبل کے کمرے کو دیکھا اور پھر اپنے کمرے میں چلا گیا....

...وہ اپنے کمرے میں آیا اور اس نے کوٹ اتار کر بیڈ پر رکھا

...کچھ دیر بیٹھا رہا پھر اٹھ کر ڈریسنگ روم میں آگیا

وہ شیشے کے سامنے کھڑا تھا...اس نے اپنی شرٹ کے بٹن کھولے اور اسے اتار دیا...اس کی ایک بازو پر پٹی بندھی تھی...اب وہ اسی کو کھول رہا تھا

اس نے پٹی اتار کر پھینک دی تھی...اس کے بازو پر کئی خراشیں اور دو بڑے گہرے کٹس تھے...جن پر ٹانکوں کے بھی نشان تھے...جو وہ کھلوا چکا تھا

www.novelsclubb.com

اس نے روئی کو گیلا کیا اور اپنے زخم کو صاف کرنے لگا...وہ اس تکلیف کے بارے میں بتا نہیں سکتا تھا...لیکن اب اسے اپنے دائیں بازو میں تکلیف ہوتی تھی....وہ

کھانا بھی کھاتا تو اس کے لیے محال ہو جاتا.... وہ اس بازو کو موو نہیں کر پا رہا تھا...

ٹھیک سے

ڈاکٹر نے اسے کچھ دن ریسٹ کرنے کو کہا تھا... وہ مینٹلی بہت ڈسٹرب تھا... ڈاکٹر نے اسے (Sling) ...پہننے کو بھی کہا تھا.. لیکن وہ نہیں پہنتا تھا

....وہ گھر والو سے بھی اب بہت الگ رہنے لگا تھا

اس نے روئی کو ڈسٹ بن میں پھینکا اور پھر ایک ٹیوب کو اپنے جلے ہوئے ہاتھ پر لگانے لگا.... اس نے اب اپنا بازو تھوڑا اوپر اٹھانے کی کوشش کی... ایک شدید درد تھا جو اسے محسوس ہوا... اس نے آنکھیں بند کی اور پھر سے کوشش کی.. وہ بازو کو موو نہیں کر پا رہا تھا.. لیکن اس کے بازو میں تکلیف ہوتی رہی... اس نے اسے چھوڑ دیا وہ چینج کر کے باہر آیا اس نے وہ ایک ہاف بازو شرٹ پہن رکھی تھی...

...جس کی سلیو اس نے مزید فولڈ کی تھی

....اس نے انٹر کام کیا اور اپنے لیے چائے منگوائی

کچھ دیر بعد ایک ملازم آیا اور چائے رکھ گیا.. شازل الماری میں کچھ ڈھونڈنے کی
...ایکٹنگ کرتا رہا اور اس کے جانے کے بعد اس نے چائے پی لی

اس نے دوا کھائی اور سونے کے لیے لیٹ گیا...درد شدید تھا...اس بازو کی تکلیف
اسے آج زیادہ محسوس ہو رہی تھی...وہ کر بھی لاپرواہی رہا تھا...بہت کوشش کے
بعد بھی جب اسے نیند نا آئی تو وہ اٹھ گیا....رات کے ساڑھے تین بج رہے
تھے...سب سو رہے تھے... لیکن وہ جاگ رہا تھا...اس نے اٹھ کر ایک شال نکالی
اور بازو پر گرائی...اب وہ سیڑھیاں اتر رہا تھا...وہ اتر کر بائیں جانب مڑا اور چلتا رہا
اس نے رک کر اس طویل راہداری کے اختتامی دروازے کو کھولا جو قد آمد شیشوں
...کا تھا...اور اندر چلا گیا

سامنے اندھیرا تھا... صرف ایک بتی جھولے کے پاس روشن تھی...اور باقی
....سوئمنگ پول کے کناروں پر لگی روشن تھی...وہ جھولے پر بیٹھ گیا

www.novelsclubb.com

یہاں ہوا تھی اس نے اپنے بازو سے چادر ہٹا دی... وہ کچھ دیر کو سکون چاہتا تھا...

اس کا بازو اس وقت کسی بھی قسم کی پٹی سے آزاد تھا... اس نے آنکھیں بند کر لی اور

.... جھولے پر بیٹھا سو گیا تھا

....کچھ دیر بعد کسی کی آہٹ سے وہ جاگا

.... یہ ایبل تھی جو اس کے بازو کو ہی دیکھ رہی تھی... جیسے کسی صدمہ میں تھی وہ

....آپ... آپ یہاں کب آئی؟ اس نے اپنے بازو پر چادر پھر سے ڈال دی

.جب آپ سو رہے تھے تب.....اس نے جواب دیا

....میں بس کچھ دیر کے لیے ٹہلنے کو آیا تھا

www.novelsclubb.com

...میں نے آپ سے نہیں پوچھا آپ کیا کرنے آئے تھے... اس کا لہجہ سخت ہو گیا

...آپ کا گھر ہے جب مرضی آئیں جب مرضی جائیں... شازل کچھ نا بولا

... وہ خاموش رہا

ایبل اس کے پاس بیٹھ گئی...اس نے چادر اس کے بازو سے ہٹا دی...شازل نے کوئی رد عمل کا مظاہرہ نا کیا...

یہ کیا حال بنا رکھا ہے.آپ نے اپنا...؟

کچھ نہیں وہ پھر سے چادر اپر لینے لگا تو ایبل نے اسے کے ہاتھ پر تھپر مارا چھوڑے اسے شازل اس کے اس طرح ری ایکٹ کرنے پر کچھ حیران ہوا...

میں ابھی آتی ہوں اور کوئی ضرورت نہیں ہے اسے چھپانے کی...وہ اٹھ کر اندر چلی گئی...وہ اسے جاتا دیکھتا رہا

کچھ دیر بعد وہ لوٹی تو اس کے ہاتھ میں گرم پانی اور فرسٹ ایڈ باکس تھا...

اس نے روئی کو گیلا کیا گرم پانی سے اور زخم صاف کیا وہ سب کر چکا تھا... لیکن خاموش بیٹھا رہا...

اس نے کچھ دیر میں اپنی کاروائی مکمل کی اور پھر بولی..

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

کچھ کھایا ہے آپ نے؟

..اس نے نفی میں سر ہلایا...وہ اسے غصے سے دیکھ رہی تھی

...میرے ساتھ آئیں

وہ اٹھ کر اس کے پیچھے چل دیا...ایبل نے کچن میں جا کر کھانا گرم کیا اور اس کے

...سامنے رکھا کھائیں

....تم سو جاؤ میں کھا کر کمرے میں چلا جاونگا

...میرے سامنے کھائیں

...اچھا..ایک کپ چائے بنا دو گی تم

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے بناتی ہوں....وہ چائے بنانے لگی..شازل نے کوشش کی لیکن وہ

سیدھے ہاتھ سے کچھ کھا نہیں پا رہا تھا...پھر اس نے الٹے ہاتھ سے کھانا شروع کر

...دیا

..اس نے دیکھا ایبل چائے بنا چکی ہے

...ایبل اپنے لیے بھی بنانا

...میں چائے نہیں پیتی...میں کافی پیتی ہوں

....تو کافی بنا لو..میں کافی پی لونگا

...وہ اسے مصروف کرنا چاہتا تھا

...پہلے بولتے اب میں چائے بنا چکی ہوں

...وہ اب کافی بنانے لگی

...شازل نے اللہ اللہ کر کے کھانا ختم کر لیا

www.novelsclubb.com

...اب وہ دونوں کافی پینے باہر آ گے تھے...وہ دونوں جھولے پر بیٹھے تھے

WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ شازل سے باتیں کر رہی تھی...اسے اپنے اور دامیر کے پروجیکٹ کے بارے میں بتا رہی تھی...وہ سن رہا تھا..

آپ کو پتا ہے آج دامیر آئے گا... ہم آج مل کر اپنے پروجیکٹ پر پھر سے کام شروع کریں گے...

تم اس سے ملنے جاؤ گی؟

ہاں... تم اپنے بل بوتے پر بھی یہ سب کر سکتی ہو... کسی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت نہیں ہے...

میں جانتی ہو.. لیکن میں نے سب کچھ کیا ہے...اور کانٹریکٹ سائن کیا ہے..اب سب جب ہو چکا ہے تو میں پیچھے نہیں ہٹ سکتی...

www.novelsclubb.com

آپ تو میرے دوست ہیں...اور آپ نے مجھے بتایا بھی نہیں آپ کے بازو میں اتنی تکلیف ہے....

...بس ایسے ہی

اور آپ اب حویلی میں کم نظر آتے ہیں... کیوں؟

...آج کل ورک لوڈ زیادہ ہے اس لیے

... لیکن اپنا بھی خیال رکھنا چاہیے بندے کو

....تب ہی آذان کی آواز گونج اُٹھی

... فجر ہو گی...ایبل حیرت سے بولی

...ہاں

اچھا اب آپ جا کر کچھ دیر آرام کر لیں...اور آج افس نہیں جانا آرام کرنا ہے

www.novelsclubb.com

... آپ نے....اوکے

....اوکے

....وہ اٹھ کر چلی گی... شازل اسے دیکھتا رہا

....... ......................... ................

وہ اور دامیر مسلسل محنت کر رہے تھے... دامیر نے سوچا تھا کے وہ لاہور میں ہی پہلے انسٹیٹیوٹ کا آغاز کرے گا...

وہ روز ملتے اور روز مختلف امور طے کرتے جا رہے تھے....

ایک بڑے انسٹیٹیوٹ کا آغاز ہونے جا رہا تھا... جہاں آرٹس کے مختلف پیشوں کو فروغ ملنے والا تھا... جسے وہ انٹر نیشنلی بھی لانچ کرنا چاہتے تھے...

شازل اکثر دامیر کو گھر آئے ہوئے دیکھتا تھا... وہ ایبل کے ساتھ ہوتا وہ دونوں ہستے اور مسکراتے تھے...

www.novelsclubb.com

اسے لگا جیسے ایبل دامیر سے محبت کرتی ہے.. ویسے ہی وہ دونوں گہرے دوست بھی ہیں...

WWW.NOVELSCLUBB.COM

دامیر شازل سے بھی گرم جوشی سے ملتا تھا... وہ لڑکا ہر لحاظ سے اپیل کے لیے

...بہترین تھا

پھر بھی شازل اس سے کتراتا اور اسے اگنور کرنے کی بھرپور کوشش کرتا... لیکن

...وہ کسی پرانے دوست کی طرح اس سے باتیں کرنے لگتا

...اس روز بھی. وہ گھر پر موجود تھا جب دامیر آیا

...اوہ..ہائے شازل کیسے ہو اس نے ہاتھ ملایا

...ٹھیک ہو تم سناوں

www.novelsclubb.com

....یار میں فرسٹ کلاس.. تم حویلی میں نظر ہی نہیں آتے کبھی

...ہاں کچھ بزی رہتا ہوں...شازل کے چہرے پر پھیکی سی مسکراہٹ تھی

...اور گم سم اداس بھی...دامیر نے ساتھ جوڑا

WWW.NOVELSCLUBB.COM

... نہیں ایسا کچھ نہیں ہے.... تم بتاؤ کیسے آنا ہوا

ہاں ایبل کو لینے آیا ہوں... ہم ڈنر پر جا رہے تھے... تم بھی چلو نا ساتھ... دامیر ...نے اسے بھی پیش کش کی

... نہیں تم لوگ جاؤ... میں کیا کرونگا تم دونوں کے ساتھ

باتیں کرنا کھانا کھانا انجوائے اور کیا؟

.... نہیں مجھے کچھ کام ہے... تم لوگ جاؤ

....تب ہی بانو بیگم وہاں آئی

....دامیر نے انہیں سلام کیا

www.novelsclubb.com

جیتے رہو بیٹا...ایبل کے ساتھ آج پھر کوئی پلان ہو گا...؟

...جی بلکہ ایک کام کرتے ہیں... آپ اور شازل بھی ہمارے ساتھ چلیں

.... نہیں بیٹا آپ جائے...تب ہی ایبل نیچے آ گئ

....اس نے گرے سوٹ پہن رکھا تھا....وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی

وہ اور دامیر ایک ساتھ کھڑے تھے...شازل کو وہاں سے جانا تھا.... لیکن نا جاسکا...

...بانو بیگم آپ کو کچھ بتانا چاہتا ہوں....دامیر بول رہا تھا

جی بولیں؟

اگلے ہفتے ماما بابا آپ کی طرف آنے کا سوچ رہے ہیں...ماما چاہتی ہیں...کے اب شادی کی بات کر لی جائے....

...اس سے پہلے کے بانو بیگم کچھ بولتی شازل بول اٹھا

www.novelsclubb.com

شادی؟! اتنی جلدی بھی کیا ہے؟

ہاں میں اور ایبل تو چاہتے ہیں...کچھ وقت انتظار کر لیا جائے... لیکن ممی کا کہنا ہے..ایک بار بات کر لینی چاہیے...

ہاں آپ کی ممی ٹھیک کہتی ہیں... کب آرہے ہیں وہ؟

....اگلے ہفتے

ٹھیک ہے.... ہمیں انکاانتظار رہے گا.... شازل وہاں سے بغیر بتاے تیزی سے چلا گیا... دامیر اسے جاتے دیکھتا رہا پھر ایبل کے ساتھ وہاں سے ایک ریستوران ...آگیا

...وہ لوگ کھانا کھارہے تھے... جب دامیر بولنے لگا

ایبل آپ سے ایک بات پوچھو؟

...جی بولیں

www.novelsclubb.com

آپ میرے ساتھ خوش ہیں؟ مطلب میں آپ میرے بارے میں کیا سوچتی ہیں؟

میں جب آپ کے ساتھ ہوتی ہوں... مجھے اچھا لگتا ہے... آپ اچھے ہیں... مجھے اچھے لگتے ہیں....

تم نے کبھی اظہار نہیں کیا... میں تم سے کتنی بار اظہار محبت کرتا ہوں... تم نے کبھی نہیں کہا ایسا کچھ...

مجھے آپ کے منہ سے سننا اچھا لگتا ہے. اس لیے... دامیر نے آنکھیں گھومائی...

اچھا یار سیریس بتاؤ... تم نے کبھی شازل کے لیے کچھ فیل نہیں کیا؟ وہ اور تم بچپن سے منگیتر ہو.. اور پھر وہ محبت کرتا ہے تم سے... میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھا ہے اکثر... وہ کچھ نہیں کہتا اس کے انداز بتاتے ہیں... وہ ہم دونوں کو ساتھ دیکھ کر اب بھی خوش نہیں لگتا....

وہ گم سم ہو گی....

ایبل... کہیں میں تم دونوں کے درمیان تو نہیں آگیا؟

www.novelsclubb.com

... نہیں ایسا نہیں ہے.. ایبل فوراً بولی

مجھے معلوم ہے.. وہ مجھے چاہتے ہیں... لیکن میں ان کے لیے ایسا کچھ فیل نہیں کرتی... ہاں اب مجھے ان کو اداس دیکھ کر دکھ ہوتا ہے

... ہمم... ایبل کچھ بھی ہو سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا... پوری زندگی کا سوال ہے

میں سوچ سمجھ کر ہی فیصلہ کرونگی... اور مجھے معلوم فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا....

... دامیر مسکرایا... میں بھی چاہتا میرے حق میں ہو

... اس نے پھر ایبل کا ہاتھ پکڑ لیا اور پھر سے تصویر بنائی

www.novelsclubb.com

.... یہ کیا؟ ہاتھ کی تصویر بناتے ہیں آپ بہت عجیب عادت ہے آپ کی

اسے عادت تھی یا شاید اسے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر اسکی فوٹو بنانا اچھا لگتا تھا وہ اکثر اسکا ہاتھ پکڑے موبائل میں پکچر لیتا تھا...

مجھے اچھا لگتا ہے میں بناؤ گا..اس نے مسکرا کر کہا...

......

.................................

دامیر اپنے پیرنٹس کے ساتھ وہاں موجود تھا...

بانو بیگم اور شازل بھی...ایبل بھی وہاں آئی....

اس نے صباء اور داؤد شاہ سے سلام کیا اور بیٹھ گئ...

اس کی نظریں شازل پر اٹھی...جو خود کو کمپوزر کھے ہوے بیٹھا تھا...بہت پر سکون اور خاموش...وہ ایک دو بات کرتا..اس کا لہجہ ازلی دھیمہ تھا...

www.novelsclubb.com

بلیک پینٹ کوٹ میں وہ خوبصورت لگ رہا تھا...اس کا انداز بہت شاہانہ تھا....

اس نے دامیر کو دیکھا... جو گرے سوٹ میں تھا... گرے پینٹ اور وائٹ شرٹ پر گرے کوٹ... وہ خوبصورتی میں میں کسی سے کم نا تھا... وہ مسکرا رہا تھا... اس کی گال پر ڈمپل مسلسل نظر آرہا تھا.. وہ بات کرتے ہوئے ادب کا بھی خیال رکھتا تھا... لیکن جب وہ بات کرتا تو اگلا انسان اس کی پر وقار شخصیت اور انداز سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا...

شازل سے بات کرتے لوگ سنجیدہ رہتے.. دامیر سے بات کرتے لوگ مسکراتے کیوں کے وہ خود بھی مسکراتا تھا...

دامیر اور ایبل کے نکاح کی تاریخ طے پا گی تھی.. وہ دونوں خوش تھے...

لیکن شازل اس کا جی اس حویلی سے کہی دور بھاگ جانے کو چاہتا تھا...

اگلے جمعے کو ان دونوں کا نکاح تھا.. جو انکے اسرار پر سادگی سے کرنے کا فیصلہ کیا

گیا...

شازل اپنے کمرے تھا... اس کے دل کی کیفیت عجیب تھی...

اسے لگا اس کا دل پھٹ جائے گا...

وہ کوئی کام کرنے لگتا اس سے نا ہو پاتا... وہ پل پل اس خوف سے لڑ رہا تھا.. کے

ایبل اب اس گھر سے چلی جائے گی...

ایبل کے نکاح میں چند روز باقی تھے....

یہ رات کا پہر تھا... نیند اس کی آنکھوں سے کب کی روٹھ چکی تھی...

www.novelsclubb.com

وہ وہی آبیٹھا جہاں ایبل بیٹھا کرتی تھی....

وہ کچھ دیر یونہی پانی کو دیکھتا رہا... پھر جھولے پر بیٹھ گیا... اس نے ٹیک لگالی اور آنکھیں بند کر لی... اس کی بند آنکھ کے کناروں سے آنسو ٹپکنے لگے تھے... وہ ان آنسوؤں سے لاعلم تھا...

تب ہی وہاں ایبل آئی...

آپ کو کیا ہوا ہے ؟اس نے اسے ایسے بیٹھے دیکھا تو کچھ پریشان ہوئی....

کچھ نہیں... بس ایسے ہی یہاں آگیا تھا...

آپ کب آئی یہاں...

ابھی ہی آئی ہوں آپ کو دیکھا تو سوچا کچھ دیر باتیں کریں گے... وہ مسکرایا...

www.novelsclubb.com

وہ بھی جھولے پر بیٹھ گئ....

وہ خاموش بیٹھا رہا....

وہ اسے خاموش دیکھ کر خود ہی بولی...

..آپ آج کل بہت زیادہ بزی رہتے ہیں... کیوں

...کام ہی بہت ہے

کام تو ہوتا ہی رہے گا.. میں اس گھر میں چند روز کی مہمان ہوں...کچھ دیر گھر میں

... بھی ٹائم دیں

...اسے اس کے اس جملے سے تکلیف ہوئی

تم بہت خوش ہو ایبل ؟

کیوں نہیں ہونا چاہیے ؟

..وہ کچھ دیر خاموش ہوا پھر بولا

www.novelsclubb.com

میں تم سے کچھ مانگو ؟

...ہاں ضرور

...وہ کچھ دیر خاموش رہا

....مجھے میری زندگی کی خوشیاں دے دو

ایبل ساکت سی اسے دیکھتی رہی....اسے شازل کبھی ایسا نا لگا تھا جیسا آج لگ رہا تھا....ٹوٹا ہوا بکھرا ہوا

...وہ وہاں سے اٹھ کر جانے ہی لگی تھی کے اس نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا

....ایبل...وہ اپنے آنسو ضبط کر رہا تھا

...ایبل پلیز مت جاؤ....اس نے اس کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا

...وہ وہی رک گئ

....اس نے پہلی بار اسے اس طرح روتے دیکھا تھا

www.novelsclubb.com

تم جو چاہو کرو...میں تمہیں نہیں روکو نگا...لیکن اس گھر سے مت جاؤ...میری زندگی سے مت جاؤ....پلیز

...وہ ساکت کھڑی تھی

... یہ وہ نہیں تھا... یہ اس کا کزن شازل نہیں ہو سکتا تھا

....ایبل کو اس کے آنسوؤں سے تکلیف ہو رہی تھی.... یہ بے بسی کی انتہا تھی

....ایبل نے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے چھڑا لیا

میں چاہتی میرے نکاح کی تمام تیاری آپ خود کریں...اور میرے نکاح کے وقت ...آپ میرے ساتھ موجود ہو

....میں آپ سے معافی چاہتی ہوں... لیکن میں کچھ نہیں کر سکتی

....وہ وہاں سے چلی گئ

....................................

www.novelsclubb.com

وہ روز بھی آ گیا جب اسے دامیر کا ہونا تھا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے....وہ بہت خوش تھی ...

..لال جوڑا پہنے وہ تیار ہو رہی تھی...میک اپ آرٹسٹ اسے تیار کر رہی تھی

....وہ مکمل دلہن بن چکی تھی...اب اسے نیچے بلایا جارہا تھا

وہ دلہن بنی نیچے اتر رہی تھی...شازل نے اسے دیکھا...وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی... کسی گڑیا کی طرح...وہ آخری سیڑھی پر تھی...

....شازل نے اپنا ہاتھ اس کے سامنے پھیلایا

اسے وہ منظر یاد آگیا جب وہ اس کے لیے دلہن بنی نیچے اتری تھی... لیکن آج وہ کسی اور کی دلہن تھی....

... بانو بیگم نے اسے گلے لگایا اور اس کی نظر اتاری

....اب وہ گاڑی میں بیٹھ چکے تھے....ان کی گاڑی مسجد کی طرف بڑھ رہی تھی

www.novelsclubb.com

.....شازل سفید شلوار قمیض پر بلیک ویس کوٹ پہنے ہوئے تھا

....وہ لوگ بادشاہی مسجد پہنچے...شازل نے ایبل کا ہاتھ پکڑ کر اسے اتارا

... .اب وہ مسجد میں داخل ہو رہے تھے

...شازل کے ساتھ چلتی اس لال گڑیا کو لوگوں نے رشک سے دیکھا تھا

آگے دامیر اپنی فیملی کے ساتھ موجود تھا...وہ آگے بڑھا اور ایبل کا ہاتھ شازل کے

....ہاتھ سے اپنے ہاتھ میں لے لیا

...وہ وہی کھڑا رہ گیا سب آگے بڑھ گے... لیکن اسے بھی جانا تھا..وہ بھی اندر آگیا

...وہ لوگ اب بیٹھ چکے تھے....کچھ معاملات طے پا رہے تھے

... وہ دلہن کے لباس میں دامیر کے ساتھ بیٹھی تھی

....وہ دونوں بہت خوبصورت لگ رہے تھے

www.novelsclubb.com

......نکاح خواں نکاح شروع کر چکا تھا

...قبول ہے

...قبول ہے

... قبول ہے

... کسی کی محبت ادھوری رہ گئ تھی.... تو کسی کو اس کی محبت مل گئ تھی

کوئی بہت خوش تھا..... تو کوئی ان کی اس خوشی میں خوش ہونے کی ایکٹنگ کر رہا تھا....

ایک لاحاصل محبت تھی... جسے وہ صرف چاہ کرتا رہا... لیکن وہ اس کی تھی ہی کب جو اسے ملتی....

.......................................

www.novelsclubb.com

......چار سال بعد

....ایبل کو اس کا پہلا ایوارڈ مل رہا تھا... وہ بہت خوش تھی

...دامیر اسے دیکھ کر مسکرا رہا تھا

وہ لال ساڑھی میں ملبوس تھی....دامیر کے ساتھ اس کا بیٹا بھی کھڑا تھا جو اس کے لیے تالیاں بجا رہا تھا...

اس نے اپنے بیٹے کو دیکھا اور اسے فلائینگ کس دی... جس کے جواب میں اس ننھے شہزادے نے بھی ماں کو ایک فلائنگ کس دی.. وہ سب کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی.....سب اس کے لیے کھڑے تالیاں بجا رہے تھے.....

دامیر اور اس کے بیٹے کے ساتھ ہی بانو بیگم اور شازل بھی موجود تھے....جو اس کے لیے تالیاں بجا رہے تھے....

یہ اس کی زندگی پہلی کامیابی تھی...وہ بہت خوش تھی....اس کے خواب پورے ہو رہے تھے...

last episode

www.novelsclubb.com

#Khuwab_or_Mohobat ♥

By #Kainat_Amjad

#First_novel_by_her

..وہ کال پر مصروف تھا

.جی جی...آئی ول انفارم یو...وہ مسکرایا

...ابھی تو وہ بہت بزی رہتی ہیں.. لیکن اگر ہمیں وقت ملا تو ضرور آئیں گے

..پاپا....شماس اس کے پیچھے کھڑا تھا

...پاپا....اس نے مڑ کر دیکھا

....جی بیٹا؟اس نے فون کان سے ہٹاتے ہوئے کہا

ماما..کیک...وہ لاونج کی طرف اشارہ کر رہا تھا...جہاں ایبل کیک ٹیبل پر رکھ رہی تھی ....

www.novelsclubb.com

....اس نے اس طرف دیکھا اور پھر شماس کو اور پھر کال ختم کر دی

....اس نے شماس کو گود میں اٹھایا....اور اسے گال پر پیار کیا

ماما نے بنایا ہے؟

...شماس نے اثبات میں سر ہلایا

...اور اب وہ اسے اٹھائے اسی طرف بڑھ رہا تھا

یو لائک کیکس؟

یس!

وچ فلیور؟

www.novelsclubb.com

...چاکلیٹ پینٹیڈ کیک...وہ اس کے جواب پر مسکرایا

ہمارے بیٹے کو کیک کھانا ہے جلدی سے کیک کٹ کریں...میم!

...ایبل نے شماس کو دیکھا اور اسے اپنے پاس بلایا

شماس کیک کٹ کریں گے آپ؟

...یس! اس نے ساتھ ہی اثبات میں سر ہلایا

ایبل نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا.. چھری ایبل کے ہاتھ میں تھی... شماس نے مڑ کر

...شازل کو دیکھا.. جو دونوں ماں بیٹے کو دیکھ رہا تھا.. اور مسکرا رہا تھا

....پاپا کم..! شماس نے شازل کا ہاتھ پکڑ لیا

ایبل شازل اور شماس تینوں کیک کاٹ رہے تھے... بانو بیگم نے ان کی نظر اتاری تھی...

www.novelsclubb.com

....شازل نے ایک پیس پلیٹ میں رکھا اور اب وہ شماس کو کیک کھلا رہا تھا

...ایبل نے بانو بیگم کو کیک دیا اور پھر شازل کے لیے نکالنے لگی

...ابھی نہیں میں بعد میں کھاؤنگا

...اوکے....ایبل مسکرائی

....تب ہی ہی ایبل کا فون بجا....اس نے فون اٹھالیا

...ہیلو...دامیر کی چہکتی آواز ابھری

...ہیلو...شازل نے ایبل کو دیکھا

...دامیر ہے....شازل مسکرایا

!...یار آل سیٹ ٹو گو

....آیم نروس دامیر

...ڈونٹ وری...دامیر ہے نا ٹینشن ناٹ بڈی

کب لانچ ہے؟

....نیکسٹ ویک لندن میں

www.novelsclubb.com

ہمم... میں شازل کو بھی انفارم کر دونگی...

ہاں اور سنو آج کی پارٹی میری طرف سے ہے... اب ریڈی ہے او کے! اپنے ہزبینڈ کو بتا دینا...

ہاہاہا... او کے...

کیا بول رہا ہے یہ؟ شازل بھی اس کے پاس آیا...

خود پوچھ لیں... ایبل نے سپیکر پر فون ڈال دیا...

جی جناب آپ میری بیوی کے کان بھر رہے ہیں؟ شازل نے اسی مدھم انداز میں کہا..

www.novelsclubb.com

نہیں یار میں تو بول رہا تھا. پارٹی میں لیٹ نا ہونا... مجھے معلوم ہے تم تو فری ہو گے لیکن یہ محترمہ تیاری میں دیر لگائے گی....

شازل ہنسا دامیر تم جیسا انسان میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا...

..کم آن.. تم زندہ ہو اور مجھے تم روز ہی دیکھتے ہو

....میں تم سے جیت نہیں سکتا تمہارے پاس ہر سوال کا جواب ہے

اور میرا فرینڈ کیا کر رہا ہے؟ شازل نے مڑ کر شماس کو دیکھا جو بانو بیگم سے باتیں کرنے میں مصروف تھا...

...بانو بیگم کے ساتھ بیٹھا ہے

...اچھا اسے لازمی ساتھ لانا... ہم دونوں آج ساتھ پرفارم کریں گے

...تم خود تو بے سرے ہو ہی میرے بیٹے کو بھی بناؤ

جلنا اچھی بات نہیں ہے... میری میوزک ایلبم ہٹ ہوئی ہے اور تم مجھے بے سرا بول رہے ہو...

www.novelsclubb.com

اچھا اب ساری باتیں فون پر کرنی ہیں؟

....نہیں پارٹی میں بھی کریں..او کے بائے

......کال ختم ہو گئی

.....وہ دونوں اندر آ گے

ایبل نے شماس کو بے بی سٹر کے ساتھ کمرے میں بھیج دیا...اور کمرے میں آ گئی....

...وہ اپنے کان سے ٹاپس نکال رہی تھی...جب شازل کمرے میں آیا

شماس کہاں ہے؟

...وہ ردا کے ساتھ ہے

اچھا....وہی مدھم انداز...پر سکون شخصیت...وہ بیڈ پر بیٹھا اور ٹیک لگا لی...

www.novelsclubb.com

...اس نے آنکھیں بند کی وہ کندھا دبا رہا تھا

....ایبل نے اسے مڑ کر دیکھا

کیاہوا؟ پھر سے درد ہو رہی ہے کیا؟ میک اپ سے پاک چہرااور کھلے بال وہ لال ساڑھی میں خوبصورت لگ رہی تھی...

نہیں بس تھوڑا تھک گیا ہوں...

شماس کو نا اٹھایا کریں.. آپ کو معلوم ہے آپ کا بازو وزن برداشت نہیں کر سکتا...

اب میں اپنے بیٹے کو صرف اس بازو کی وجہ سے اٹھانا نہیں چھوڑ سکتا...

تو غلطی آپ کی ہے.. کیا ضرورت تھی.. مجنوں کی طرح ٹیبل توڑنے کی؟

تم بھی پہلے ہی مان جاتی تو یہ سب نا ہوتا... وہ مسکرایا.

www.novelsclubb.com

وہ کچھ نا بولی اور وہاں سے اٹھ گئ...

ویسے تم سے میری جیسے شادی ہوئی ہے... مجھے آج تک بھی اس دن پر حیرانی ہوتی ہے...

...سب دامیر نے کیا تھا....وہ مسکرائی

ہاں...وہ انسان بہت سرپرائزینگ ہے...اس سے آپ کچھ بھی ایکسپیکٹ کر سکتے ہو....

....ہاں...اس جیسا کوئی نہیں ہے...اس سے کسی کا مقابلہ نہیں ہے

میرا بھی نہیں؟

...وہ مڑی اور مسکرائی

...بلکل نہیں آپ کا اور اس کا کوئی مقابلہ نہیں ہے

......شازل بھی مسکرا دیا

www.novelsclubb.com

..............................................................

.....نکاح خواں نکاح شروع کر چکا تھا

ایبلینا میر راؤ بنت حیدر میر راؤ کیا آپ کو شازل میر راؤ بن صفدر میر راؤ سے حق مہر 50 لاکھ روپے یہ نکاح قبول ہے....

شازل نے اپنا نام سنا اور سر اٹھایا... اسے لگا غلطی سے اس کا نام پکارا گیا تھا...

لیکن کسی اور نے شازل کی طرح رد عمل نہیں دیا... وہ یہ سب دیکھ ہی رہا تھا کہ اس نے ایبل کو بولتے سنا....

قبول ہے...

کیا آپ کو شازل میر راؤ بن صفدر میر راؤ سے یہ نکاح قبول ہے؟

قبول ہے...

www.novelsclubb.com

کیا آپ کو قبول ہے؟

قبول ہے...!

شازل جیسے ساکت ہو گیا تھا... کیا ہوا تھا اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا...اب وہ سائن کر رہی تھی...

وہی سوال اب شازل کے سامنے دھرائے گئے...

کیا آپ کو ایلینا میر راؤ بنت حیدر میر راؤ سے نکاح قبول ہے ؟

وہ کچھ بول نہیں پا رہا تھا...

دوبارہ سوال کیا گیا....

!...قبول ہے...!قبول ہے...!قبول ہے

اس نے سائن کر دیے..... لیکن وہ اب بھی شاکڈ تھا....

www.novelsclubb.com

سب انہیں مبارک دے رہے تھے... دامیر شازل سے گلے ملا...

یہ سب کیا ہے ؟ شازل نے دامیر سے سوال کیا...

یہ میرا بڑا پن ہے... دامیر مسکرایا...

...میں سمجھا نہیں.... شازل نے کہا

یار دیکھو...17 سال سے تم نے ایبل سے محبت کی ہے...اسے کسی اور نے محبت نہیں کرنے دی...میں جارج کے بارے میں جانتا ہوں...مجھے ایبل نے بتایا تھا...آئی نو تم مجھ سے بھی نا ہونے دیتے مگر راز کی بات یہ ہے تم نے ایک غلطی کر دی...ایبل سے میں محبت کرتا ہوں...

I really love her but......

میں نے فیل کیا ہے وہ مجھے صرف پسند کرتی ہے...محبت میں اور کسی کو پسند کرنے میں بہت فرق ہوتا ہے..اس نے کبھی اظہار محبت نہیں کیا...

وہ پتا ہے اس دنیا میں اب سے زیادہ محبت کس سے کرتی ہے؟

...کس سے؟ شازل اس کی باتوں سے حیران ہوا تھا

اپنے خوابوں سے۔۔۔اس کی محبت اسکے خواب ہیں۔۔۔اس کے بعد کوئی اور۔۔۔ مجھ سے وہ اس لیے محبت کرتی ہے۔۔۔ کیوں کے میں اس کے خوابوں کو پورا کرنا چاہتا ہوں۔۔۔ میں اسے محبت کرتا ہوں اس کے خواب بھی مجھے عزیز ہیں۔۔۔ لیکن یہ پوری زندگی کا سوال ہے۔۔۔

میں ہو سکتا ہے کل کو اس کے خوابوں سے تنگ آ جاؤں یہ زندگی ہے۔۔۔یہاں کچھ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔

لیکن میں جانتا ہوں۔۔۔وہ مجھ سے محبت نہیں کرتی۔۔۔اس کو بس یقین ہے کے میں اس کے خوابوں کو پورا کرونگا۔۔۔

تم پر وہ بھروسا نہیں کرتی تھی بس۔۔۔کیوں کے تم اس سے محبت کرتے ہوئے بھی اس کے خواب پورے نہیں کر رہے تھے۔۔۔اب تم اس کے خواب بھی پورے کرنا چاہتے ہو اور اس سے محبت بھی بہت کرتے ہو۔۔۔

...تو تم خود بتاؤ

سال کی محبت پر 7 مہینے کی محبت بھاری ہو سکتی ہے کیا؟ 17

آج میں اس سے شادی کر بھی لو... تو بھی مجھے نہیں لگتا کے یہ تمہارے ساتھ

...انصاف ہو گا

ایسا ہی ایبل بھی سوچتی ہے... وہ تم سے نفرت نہیں کرتی تم نے اگر اس کے لیے

..اتنا کچھ کیا ہے... اتنا انتظار کیا ہے... تو اسے تمہیں ہی ملنا چاہیے

تم اگر اس سے زبردستی شادی کر بھی لیتے تو بھی میں جانتا ہوں... تم اس کے

خواب پورے کرتے کیوں کے کوئی بھی محبت کرنے والا دل اتنا سخت نہیں

www.novelsclubb.com

....ہوتا

ایبل تم سے محبت کرتی ہے یا نہیں یہ میں نہیں جانتا لیکن وہ تم سے نفرت بھی

.... نہیں کرتی ہے

... تم دونوں ایک اچھا کپل ہو سکتے ہو

....مجھے اس دن احساس ہوا تھا جب تمہارا بازو میں نے دیکھا تھا زخمی

میں نے نا اس کے لیے اتنی تکلیف اٹھائی ہے... نا اتنی محبت کی ہے... وہ اگر

تمہاری ہے 17 سال سے تو میں اسے تم سے چھیننا نہیں چاہتا اسے تم سے...اور

ویسے بھی میرا دل بہت بڑا ہے...اس لیے مجھ سے تمہاری حالت دیکھی نہیں گئ

.... تھی... وہ مسکرایا اور شازل بھی.... واقع ہی بہت بڑا دل ہے تمہارا

... لیکن تم لوگوں نے یہ سب مجھے بتایا نہیں

www.novelsclubb.com

کیونکہ ہم تمہیں تنگ کر رہے تھے...اور اس لیے یہ سب پلان میں نے بنایا

... تھا.... شازل مسکرایا

تم اب ملے ہوئے تھے ؟

....ہاں ہم سب ....ایبل بھی وہی آ گئ

...دامیر نے اسے دیکھا اور بولا

ایبل اب میرا دل ٹوٹ گیا ہے...اب میرا کیا ہو گا؟

...شازل اور ایبل نے ایک دوسرے کو دیکھا اور مسکرائے

....ہم ہیں نا کچھ نا کچھ ضرور کریں گے تمہارے لیے

....وہ تینوں ہنس دیے

...سب اب گھر جا رہے تھے..جب شازل نے ایبل کو روک لیا

www.novelsclubb.com

ہم کچھ دیر میں آئے گے بانو بیگم.... بانو بیگم چلی گی تو شازل نے ایبل کا ہاتھ پکڑا اور

...واپس مسجد میں جانے لگا

...واپس کیوں ؟وہ کچھ حیران ہوئی

WWW.NOVELSCLUBB.COM

...آؤ نفل ادا کریں

...وہ کچھ بول نا سکی اسے دیکھتی رہی...وہ اگے بڑھا

....وہ بھی اس کے پیچھے چل دی تھی

....وہ حویلی میں واپس آئے تھے

...بانو بیگم نے دونوں کا استقبال کیا...وہ بھی بہت خوش تھیں

....شازل کا چہرا چمک رہا تھا...وہ خوش تھا

...ایبل کی زندگی کا آج اہم دن تھا....وہ بھی بہت خوش تھی

www.novelsclubb.com

....لیکن کس لیے؟ یہ شاید وہ بھی نہیں جانتی تھی

...بانو بیگم نے ایبل کو شازل کے کمرے میں بھیجا تھا

اسے بہت عجیب لگ رہا تھا...وہ کبھی اس کے کمرے میں نہیں آتی تھی...لیکن

...اب سے اسے اسی کمرے میں رہنا تھا

...وہ کمرے میں آ کر صوفے پر بیٹھ گئ تھی

....کچھ دیر بعد شازل کمرے میں آیا

...ایبل جھکی اپنے سینڈل اتار رہی تھی...اسے دیکھ کر رک گئ

....شازل اس کے پاس آیا اور اس کے ساتھ بیٹھ گیا

www.novelsclubb.com

...وہ کچھ بول نہیں رہا تھا....خاموش بیٹھا اسے دیکھ رہا تھا

...اسے اس کی خاموشی اور نظروں سے الجھن ہو رہی تھی

...وہ پھر سے اپنے سینڈل اتارنے لگی

...اس نے سینڈلز کو سائیڈ میں رکھا اور وہاں سے اٹھ گئ

...شازل نے اسے اٹھتے دیکھا تو بولا

....ایبل...واپس بیٹھ جاؤ

ایبل نے مڑ کر اسے دیکھا اور اسے وہی ڈر محسوس ہوا جسکی وجہ سے وہ اس سے شادی نہیں کرنا چاہتی تھی...

...اگر اس نے سب باتوں سے انکار کر دیا تو؟؟ وہ دل میں سوچ رہی تھی

...شازل پھر بولا

www.novelsclubb.com

... نہیں ایسا کچھ نہیں کرونگا میں ڈرو نہیں...وہی مدھم انداز

...کیا ایبل بولی

....جو تم سوچ رہی ہو

....آپ کو کیا معلوم میں کیا سوچ رہی ہوں

... تمہارا چہرا ہے نہ سب بتا دیتا ہے

....وہ بیٹھ گیٔ تھی

....شازل نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا

...وہ کچھ شرمندہ ہوئی

... شکریہ... شازل نے اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے کہا

کس لیے؟

میری زندگی میں آنے کے لیے.... مجھے میری خوشیاں دینے کے لیے... اس گھر سے نا جانے کے لیے... سب کچھ ہر چیز کے لیے... مجھ سے شادی کرنے کے لئے ......مجھے قبول کرنے کے لیے

...ایبل نے اسکا ہاتھ دیکھا

www.novelsclubb.com

اس نے اس کا ہاتھ دونوں ہاتھوں میں چھپا رکھا تھا...اس کے ایک ہاتھ پر اب بھی جلنے کا نشان تھا...

ایک منٹ... شازل کو جیسے کچھ یاد آیا.... وہ وہاں سے اٹھ کر الماری کھول کر کچھ نکال رہا تھا....

وہ اسے دیکھ رہی تھی....

وہ کچھ دیر بعد واپس آیا....اس کے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا باکس تھا...

اس نے ایبل کو وہ باکس دیا ایبل نے اسے کھول لیا...

اس میں ایک کرسٹل سکوئر تھا... جس میں پاوڈر کلرز سے ایبل لکھا تھا...

www.novelsclubb.com

ایبل نے اسے نکال لیا... وہ رنگ اس سکوئر پیس میں لکھے ایبل میں سمٹتے اور رنگ بدلتے تھے.... وہ اسے دیکھتی رہ گئ...

یہ کہاں سے ملا؟

....میں نے بنوایا تھا

کب چھ سال پہلے...جب کوریا گیا تھا تب.... تمہیں پسند آیا..؟

..بہت

...شکر ہے کوئی تو میری دی ہوئی چیز بھی پسند آئی آپ کو....وہ مسکرائی

وہ پینک فراک نما میکسی میں کسی باربی کی طرح لگ رہی تھی... معمولی سا میک اپ اور قیمتی جولری وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی....شازل کا ہاتھ پکڑے وہ مہمانوں سے مل رہی تھی...یہ ان کا ریسیپشن تھا...وہ دونوں ہی بہت خوش لگ رہے تھے....

www.novelsclubb.com

.........................................................

..شازل ایبل شماس اور بانو بیگم پارٹی میں پہنچے تھے

دامیر نے ایبل کے اعزاز میں پارٹی دی تھی...ایبل اور وہ اب بھی ساتھ کام کرتے تھے...وہ دونوں پارٹنرز بن گئے تھے....

دامیر نے انکا ویلکم کیا اور شماس فوراً سے اس کی طرف بھاگا....

دامیر خم ود می...آئی وان ٹو ٹیل یو سمتھینگ....دامیر مسکراتا ہوا اس کے ساتھ چل دیا....

یس بڈی؟دامیر نے اس سے بہت رازدارانہ طور پر پوچھا....

سونگ...؟

ابھی گائے گے نا...

نو نو مجھے ابھی گانا ہے...

اوکے جیسے آپ کا حکم...

وہ دونوں سٹیج پر چڑھ گے اور دامیر نے گانا گانا شروع کیا...

www.novelsclubb.com

....وہ بہت اچھا گاتا تھا

شماس اس کے ساتھ سٹیج پر چڑھ کر پوری کوشش کرتا لیکن ابھی وہ گانا نہیں گا سکتا تھا... تو صرف ایکٹ کرتا کے وہ بھی گا رہا ہے....

دامیر نے سب پر ثابت کر دیا تھا کے وہ اپنی زندگی سے خوش اور مطمئن ہے.... لیکن ایسا تھا نہیں... وہ چار سال سے سنگنگ میں بھی اپنا نام بنا رہا تھا.. اور اسے کامیابی مل رہی تھی...

...وہ ایبل سے آج بھی شاید محبت کرتا تھا... لیکن اس نے کبھی ظاہر نہیں کیا تھا

www.novelsclubb.com

...ہاں اسے یہ ضرور معلوم تھا کے وہ اس سے محبت نہیں کرتی

.............................................

....دامیر کی طرف سے

میں جانتا ہوں.. آپ اب لوگ حیران ہیں...اس لیے کیوں کے آپ کو لگتا ہے میں نے جو کیا...وہ کوئی انسان نہیں کرتا... لیکن میں نے یہ کیا... کیونکہ ہم جس سچائی سے ساری زندگی بھاگتے ہیں...وہ ایک دن ہمارے سامنے آتی ہے...چاہے ہم کچھ بھی کر لیں... میں چاہتا تو ایبل سے شادی کر سکتا تھا... کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں... لیکن میں یہ بھی جانتا ہوں وہ مجھ سے محبت نہیں کرتی تھی... اور میں اس سچائی کو جھٹلا کر خود کو دھوکے میں نہیں رکھنا چاہتا تھا... کیونکہ وقتی خوشی تو مجھے اس سے ملتی لیکن پھر؟ پھر کیا ہوتا؟ خیر اگر ہم کسی سے محبت کرتے ...ہیں تو ضروری نہیں ہے وہ شخص ہمیں ملے گا...یاں ہم سے محبت کرے گا کبھی کبھی سچ کڑوا لگتا ہے... لیکن سچ سچ ہوتا ہے..اس کے بجائے اگر ہم جھوٹ کو ....اپنی زندگی میں جگہ دیں گے تو ہماری زندگی میں مشکلات بڑھتی جائے گی

آپ کو کیا لگتا ہے میں نے ٹھیک کیا یاں غلط کیا؟ مجھے آپ کی رائے چاہیے اس ...پر

...باقی ٹینشن کی بات نہیں ہے...دامیر داؤد شاہ ہے میرا نام

بواے میں کمال کی لکس ہیں...لڑکیاں اب بھی مرتی ہیں بوائے پر....ہینڈسم تو

میں اللہ کا کرم ہے شازل سے بہت زیادہ ہوں...دل بھی بہت بڑا ہے میرا یہ سب

....تو آپ لوگ جان ہی گئے ہیں

چلیں اب میں آپ اب سے رخصت چاہتا ہوں...میری ایکچولی میوزک ایلبم

لانچ ہو رہی ہے...اسی میں بزی ہوں...باقی شازل اور ایبل دونوں شماس کا سکول

اڈمیشن میں بزی ہیں اس لیے انکی طرف سے بھی میں ہی بائی کر دیتا ہوں....خدا

...حافظ

www.novelsclubb.com

دامیر...شازل اور ایبل کی طرف سے آپ سب کا بہت شکریہ اس کہانی کو پسند

(کرنے کا اور باقی تو آپ جانتے ہی ہیں...میں کتنا پیارا ہوں؛

......................the End...........

www.novelsclubb.com